حضور والا- اشیائے صرف کی جو قیمتیں میں نے پیش کی ہیں- ان کے پیش نظر ان لوگوں کو جن کی آمدنی پچاس یا اس سے اوپر ہے زندگی گزارنا کتنا مشکل ہو گیا ہے اس ہوشربا گرانی میں ان لوگوں کو جن کی آمدنی ایک ہزار ہے ضروریات زندگی فراہم کرنا آسان نہیں رہا- یہی وجہ ہے کہ کم آمدنی والے اشخاص بالخصوص مڈل کلاس سوائے رشوت ستانی کے دوسرے وسائل سے ضروریات زندگی پورے نہیں کر سکتی- ان حالات میں آئیے ہم اس چیز کا جائزہ لیں کہ چیزوں کی قیمتوں میں کتنی گرانی ہوئی ہے- سب سے پہلے میں اشیائے صرف کے متعلق ایوان کی توجہ مبذول کراؤنگا- یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں ہے کہ پیداوار کی نقل و حمل پر مرکزی حکومت کی طرف سے پابندیاں عاید کر دی جاتی ہیں یعنی بغیر پرمٹ کے ایک خاص علاقے سے اجناس دوسرے علاقے میں نہیں لے جائی جا سکتیں- اب یہ دیکھنا ہے کہ جو پرمٹ دئے جاتے ہیں وہ کس طرح تقسیم کئے جاتے ہیں- کن لوگوں کو دئے جاتے ہیں اس کے بعد ایسے پرمٹوں کی تقسیم سے ان چیزوں کی قیمتوں پر کیا اثر پڑتا ہے- اس قسم کے پرمٹ حکومت وقت اپنے پٹھوؤں کو دیتی ہے اور وہ ان پرمٹوں کو ایسے لوگوں

کو جن کا اس کاروبار سے کوئی تعلق نہیں ہوتا فروخت کر دیتے ہیں۔ وہ لوگ اسے کسی اور کے ہاتھ فروخت کر دیتے ہیں۔ اس طرح وہ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں اور دوسرے سے تیسرے ہاتھ میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ بالآخر پھر ایسی منزل آتی ہے جب وہ مستحق کے پاس پہونچ جاتے ہیں۔ جنہیں اس کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کا کاروبار کرتے ہیں۔ جب وہ مستحق کے پاس پہونچتا ہے تو اس دوران میں اس میں اتنے لوگ داخل ہو جاتے ہیں کہ مستحق آدمی کو مال کی قیمت اصل قیمت سے بہت زیادہ ادا کرنا پڑتی ہے۔ اس سلسلہ میں میں آپ کی خدمت میں ایک مثال پیش کرتا ہوں۔ چاول کے سلسلہ میں گجرانوالہ۔ شیخوپورہ۔ سیالکوٹ وغیرہ فراوانی کے علاقے ہیں۔ پچھلے دنوں آپ نے اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ کراچی میں چونکہ چاول کی قلت ہے۔ وہاں چاولوں کو بھیجنے کے لئے حکومت کی طرف سے ایسے لوگوں کو لاکھوں من چاول کراچی امپورٹ کرنے کے لئے پرمٹ دئے گئے جن کا اس کاروبار سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسے پرمٹ حاصل کرنے والوں میں کھوڑو صاحب بھی شامل ہیں۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ وہ چاول جو یہاں اندازے کے بھاو کے مطابق بکا کرتا تھا غلط طریقوں اور پٹھو نواری سے گران ہو گیا۔ حضور والا۔ اس طرح روز مرہ کی ضروریات کی چیزوں کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں اور اس کا اثر لا محالہ دوسرے کاروباروں پر پڑتا ہے کیونکہ دوسرا شخص جو کہ دوسرا کاروبار کرتا ہے جب اسے اس قسم کی چیزیں حاصل کرنے کے لئے زیادہ قیمت ادا کرنی پڑتی ہے تو وہ بھی اپنی چیزوں کی قیمت بڑھا دیتا ہے۔ اس طرح ایک سرکل بن جاتا ہے جس کی لپیٹ میں ہر چیز اور ہر طبقہ آ جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عام لوگوں کو اس کے سارے نقصانات برداشت کرنے پڑتے ہیں اور وہ لوگ جن کی آمدنی پچاس روپیہ سے زیادہ نہیں اپنے اخراجات پورے کرنے کے لئے رشوت ستانی پر مجبور ہو جاتے ہیں اس کے بعد ہماری روز مرہ کی زندگی میں اشیائے صرف میں اس قسم کی چیزیں بھی آ جاتی ہیں جن کا تعلق مصنوعات کے ساتھ ہے جب ہم جائزہ لینگے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ جو چیزیں ہمارے کارخانوں میں بنتی ہیں ان کی قیمتوں میں کیوں اضافہ ہوتا ہے وہ چیزیں جو عام حالات میں دو تین آنے میں بیچی جا سکتی ہیں وہ دو روپیہ تین آنے مارکیٹ میں بکتی ہیں۔ کاروباری حضرات اور ہر شخص جانتا ہے کہ جبتک خام مال مناسب قیمتوں پر فراہم نہ ہو مصنوعات ترقی نہیں کر سکتیں۔ لیکن ایسی اشیاء کی فراہمی کے لئے پرمٹوں پر بھی حکومت کی طرف سے پابندیاں عاید ہوتی ہیں۔ لائیسنس ہوتے ہیں۔ یہ پرمٹ اور لائیسنس بھی ان کے ان پٹھوں دوستوں اور حالی موالیوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ جنہیں درآمد کے سلسلہ میں کاروبار کے ساتھ کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ ان کا کاروبار کے ساتھ دور کا بھی لگاو نہیں ہوتا۔ جب یہ لائیسنس اور پرمٹ بکتے ہیں تو جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے مال کی قیمت بہت بڑھ جاتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جو چیزیں بنائی جاتی ہیں ان کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ کارخانہ داروں کو مشینریز کی سپلائی میں بھی زائد قیمت ادا کرنی پڑتی ہے جس کا اثر مصنوعات پر پڑنا لازمی ہو جاتا ہے۔ روز مرہ کی ضروریات میں بلیڈز۔ سیگریٹ اور بلب ہیں۔ جو آپ کے استعمال میں آتے ہیں۔ دفتر کے باہر کے استعمال میں آتے ہیں۔ بلیڈز سیگریٹ اور بلب کی جو قیمتیں ہیں وہ سب کو معلوم ہیں۔ ان کی درآمد بالکل بند ہے۔ چند اشخاص جن کا اثر و رسوخ ہے کی اس پر اجارہ داری ہے۔ مثال کے طور پر بلیڈز پر سیر اجو علی کی monopoly ہے۔ سگریٹ پر پاکستان ٹوبیکو کمپنی کی اور بلبوں پر سیر برادرز کی۔ بجائے اس کے کہ حکومت کیطرف سے لوگوں کو جو کاروبار کرتے ہیں سہولتیں دیجاتیں۔ انکو پرمٹ دئے جاتے۔ لائیسنس دئے جاتے تاکہ ملکی صنعت بیرونی صنعت کا مقابلہ کرتی اور ملک میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کم ہوتیں۔

وہ ایسا نہیں کر رہی اور اب ان چیزوں پر صرف چند لوگوں کی monopoly ہے جس کی وجہ سے ایک طرف تو قیمتیں آئے دن بڑھ رہی ہیں اور دوسری طرف ملکی مصنوعات غیر ملکی مصنوعات کا مقابلہ نہیں کرنے پاتیں۔ حقیقت میں وہ اس رعایت کا فائدہ ایسے طور سے اٹھاتے ہیں کہ وہ ہم لوگوں کی جیبوں کو کترتے ہیں۔ جب وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ اب وقت کا تقاضا ہے کہ قیمتیں زیادہ وصول کرنی چاہئیں تو وہ مصنوعی قلت پیدا کر دیتے ہیں اور اس کے لئے وہ مختلف وضاحتیں پیش کر دیتے ہیں۔ جناب والا آپ کے نوٹس میں یہ آیا ہوگا کہ لاہور جیسے بڑے شہر میں بلب نہیں ملتا اور اگر ملتا بھی ہے تو چار روپے میں۔ روشنی کے بغیر کوئی شخص نہیں رہ سکتا اس لئے اسے اسی قیمت پر خریدنا پڑتا ہے اور اس کی قیمت میں زیادتی کی وجہ یہ ہے کہ اس کی مناپولی ایک شخص کے ہاتھ میں ہے اور وہ اسے ایسے تقسیم کرتا ہے جیسے یہ اس کے باپ دادا کی جاگیر ہے۔

پھر سگریٹوں کے متعلق آپکے مشاہدہ میں آیا ہوگا کہ جب کبھی سالانہ میزانیہ کا وقت آتا ہے یہ لوگ یعنی مناپولی والے یہ کہنا شروع کر دیتے ہیں کہ سگریٹوں کی کمی ہے اور وہ مصنوعی قلت پیدا کر دیتے ہیں تاکہ اگر اس پر کوئی چک عائد ہو جائے تو وہ لوگوں سے ٹیکس وصول کر کے روپیہ کما لیں۔ جب اس طرح سے مناپولیز اور لائیسنسوں کی ناجائز تقسیم کی جاتی ہے اور اشیائے خوردنی کی ٹرانسپورٹ کے بارہ میں دوارشات کی جاتی ہیں تو اس سے ایک بچہ پیدا ہوتا ہے جس کا نام سفارش ہے۔ بڑے بڑے افسران جب یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے لائیسنس دینے سے پرمٹ دینے سے۔ مناپولیز دینے سے غیر مستحق لوگوں کو لاکھوں بلکہ کروڑوں روپے کا فائدہ پہنچتا ہے تو وہ غور یہ سوچتے ہیں کہ وہ کیوں نہ ان میں حصہ دار نہیں۔ جس کا لازمی نتیجہ رشوت ستانی ہوتا ہے۔ اور اسکے بعد وہ ان میں اپنے اعزہ و اقارب کو بھی شامل کر دیتے ہیں۔

اب جناب مناپولسٹس کے بعد سٹاکسٹس ہوتے ہیں مناپولسٹس اور سٹاکسٹس آپس میں سازش کر کے اشیا کو دفع اندوزی کی خاطر مہنگے داموں فروخت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس طرح سے ملک میں ایک مصنوعی قلت پیدا کر دی جاتی ہے جس سے لوگوں کے دلوں میں مایوسی سی پیدا ہو رہی ہے۔ جناب والا پاکستان بننے سے پہلے ہمارے اس ملک میں صرف دو یا تین سوتی کپڑے کی ملیں تھیں۔ آج خدا کے فضل و کرم سے ہمارے ہاں بہت سی سوتی کپڑے کی ملیں ہیں لیکن حالت یہ ہے کہ انگریز کے زمانہ میں لنکا شائر سے درآمد کر کے سوتی کپڑا سستا فروخت ہوتا تھا یہ نسبت آج اپنی ملوں کے بنائے ہوئے کپڑے کے۔ ہمارے کارخانہ دار دنوں میں لاکھوں روپیہ کما جاتے ہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ تقسیم سے پہلے۔

<u>مسٹر سپیکر۔</u> آپ کے پندرہ منٹ ختم ہو گئے ہیں۔

<u>سردار محمد ظفر اللہ۔</u> مجھے تقریر ختم کرنے کے لئے پانچ منٹ دئے جائیں۔ جناب والا یہ عجیب بات ہے کہ چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ بالخصوص اس وقت ہو رہا ہے جبکہ ریپبلکن پارٹی برسر اقتدار آئی ہوئی ہے۔ اس سے پہلے چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ اتنا نہ تھا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ریپبلکن پارٹی نے لوگوں سے ووٹ لینے کی خاطر ان پر لائیسنسوں اور پرمٹوں کی بوچھاڑ کی ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ عوام کو یہ سزا بھگتنی پڑی ہے۔ جب تک ایسی خرابیاں نظم و نسق میں ہونگی اس وقت تک چیزوں کی قیمتوں میں ضرور اضافہ ہوگا۔ چونکہ انتخاب کو جیتنے کے لئے حکومت نے ہر ضلع میں اپنے کارکن پیدا کرنے ہیں اس لئے وہ ان کو رشوتوں لائیسنسوں اور پرمٹوں سے ضرور نوازے گی۔ ایک اور عجب چیز یہ ہے کہ اخبار میں آیا تھا کہ

۲۵ جولائی کو وزیر اعلیٰ نے ایک کمیٹی وزیر خوراک کی زیر صدارت قائم کی تھی کہ یہ جو گرانی بڑھ گئی ہے اس کو چک کرنے کے لئے اور اس سیکنڈل کی روک تھام کے لئے ایک ہفتہ میں رپورٹ پیش کرے- لیکن اس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ ابھی تک اس نے ابتدائی مراحل بھی طے نہیں کئے اور اس کی ساری ذمہ داری وزیر خوراک پر ہے- حضور والا میں نے یہ عرض کیا ہے کہ لائیسنس وغیرہ اس گرانی کے ذمہ دار ہیں اس کا اعتراف خود وزیر صحت خان خدا داد خان نے بھی کیا ہے- میں آپ کو ان کا ایک بیان پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں جو کل کے ڈان میں شائع ہوا ہے- وہ فرماتے ہیں-

,'Khan Khudadad Khan, West Pakistan Republican Minister,admitted yesterday that 'Corruption in the Republican Party circles is reigning supreme''. He was speaking at the foundation stone laying ceremony of the Dodhial Mental Hospital. This scheme was sanctioned during the regime of Khan Abdul Qayyum Khan but had been put in cold storage by his successors.

He charged all M. P. As. with corruption and sai d they are mostly interested in permits and licenses. He said they have defled the good face of the country and ruined the political and economic prestige abroad.

یہ تقریر انہوں نے راورو خیل میں مڈل ہسپتال کی بنیاد رکھتے ہوئے فرمائی- حضور والا جب اس پارٹی کے معزز وزیر خود اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ ملک کی اس حالت کی ذمہ دار ان کی پارٹی ہے تو ہمیں اندیشہ ہے کہ اس گرانی نے عوام میں جو مایوسی پیدا کر دی ہے وہ کہیں ان کو خونی انقلاب لانے پر مجبور نہ کر دے- ہمیں اندیشہ ہے کہ ان کی حکومت کی طرف سے جو مظالم سرزد ہوئے ہیں ان سے برہم ہو کر عوام کوئی انقلاب نہ برپا کر دیں- کیونکہ انہیں تو ملک کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں- لیکن حالات کا یہ تقاضا ہے کہ اگر نیک نیتی کے ساتھ ملک کو بچانا مقصود ہے تو عوام کا اعتماد حاصل کرنے کے لئے ایسی صورت حال کو دور کیا جائے- اور اس کا یہ طریقہ ہے کہ کاروباری لوگوں کے حقوق کا تعین کیا جائے- اور پرمٹوں کی تقسیم کے سلسلہ میں خاص طور سے ایسے قواعد بنائے جائیں جن کی خلاف ورزی کرنے کا کوئی مجاز نہ ہو-

Mr. Speaker : The motion moved is :—

That the House do now adjourn.

<u>بیگم سروری عرفان اللہ-</u> (میونسپل کارپوریشن کراچی) (مخصوص نشست برائے خواتین)- جناب والا میں اس تحریک کی تائید میں چند الفاظ کہنا چاہتی ہوں کسی حکومت کی کامیابی یہ ہوتی ہے کہ وہاں کے باشندوں کا معیار زندگی بلند ہو وہاں کے لوگ مطمئن اور خوشحال ہوں اور گرانی اور اقتصادی بدحالی سے پریشان نہ ہوں- یہ امر آپ سے پوشیدہ نہیں کہ ہمارے عوام کی اقتصادی حالت ہر سے بدتر صورت اختیار کر رہی ہے- اور حقیقت یہ ہے کہ اب عوام کے لئے زندگی بسر کرنا اور زندگی کی ضروریات مہیا کرنا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے- گرانی اس قدر بڑھ چکی ہے کہ عوام کو چھوڑ کر متوسط طبقہ کے لوگوں کے لئے بھی یہ ممکن نہیں رہا کہ وہ ضروریات زندگی مکمل طور پر سے مہیا کر سکیں- میں اس سلسلہ میں ایوان کی خدمت میں چند چیزیں پیش کرنا چاہتی ہوں-

بچے جو قوم کے نونہال ہیں- جن پر قوم کی آئندہ امیدوں کا دارومدار ہے- جو قوم کا سرمایہ ہیں- جن میں قوم کی تعمیر کا راز مضمر ہے- انہیں پوری اور خالص خوراک نہیں مل رہی- اگر وہ بیمار ہوں تو دوائی سے محروم رہتے ہیں- جب وہ بڑے ہوتے ہیں اور ان کے سکول میں داخل ہونے کا سوال پیدا ہوتا ہے تو سکولوں میں ان کا داخلہ ناممکن ہے- عوام تو درکنار متوسط طبقہ کے لوگوں کے لئے بھی اپنے بچوں کو تعلیم دلانا بہت ہی مشکل ہو رہا ہے-

عورت جو گھر کی مالکہ ہے- جس نے بچوں کی غور و پرداخت اور پرورش کرنی ہے- جس نے شوہر کا خیال رکھنا ہے- جس نے بھائیوں کی ریکھہ بھال کرنی ہے- اس کا سکون قلب غائب ہے- گرانی اس قدر بڑھی ہوئی ہے کہ اسے ہر وقت ضروریات زندگی کی فکر لاحق رہتی ہے- بتائیے ان مصائب و آلام میں وہ کس طرح اپنے بچوں کی غور و پرداخت کر سکتی ہے- بچے بیمار ہوں تو دوائی نہیں ملتی- اس کے شوہر- والد- والدہ یا دیگر اعزہ و اقربا جن کے لئے اس کے احساسات و جذبات شدید ترین ہوتے ہیں- بیمار ہوں تو وہ ڈاکٹر بلا نہیں سکتی- مگر ہمارے ارباب حکومت کو ان باتوں کا احساس ہو تو کیوں کر ہو- نہ ان کا عوام سے تعلق ہے نہ رابطہ-

اب ایک شوہر کو لیجئے- عام حالات میں وہ دفتر سے آتا ہے تو اپنے بیوی بچوں کے بشاش چہرے دیکھہ کر دن بھر کی کوفت بھول جاتا ہے مگر آجکل جب وہ گھر میں داخل ہوتا ہے تو اس کی بیوی کا چہرہ اترا ہوا ہوتا ہے- وہ کہتی ہے آج گھر میں چائے نہیں ہے- رات کے لئے کھانا نہیں ہے- بچوں کی فیس کا انتظام نہیں ہے- آپ بتائیں اس شوہر کے دل کی کیا حالت ہوگی- کیا ارباب حکومت نے کبھی اس کے احساسات کا جائزہ لینے کی کوشش کی ہے-

ایک سکول ٹیچر کو لیجئے- اس کے فرائض حکومت کے وزیروں اور مشیروں سے زیادہ اہم ہیں- وہ ہماری قوم کے نونہالوں کی- ہماری ننھی پود کی- ہمارے آئندہ لیڈروں اور قائدین کی تربیت کرتا ہے- مگر اس کا سکون قلب غائب ہے- اسے یہ پتہ نہیں کہ وہ گھر جائیگا تو اسے شام کا کھانا نصیب ہوگا یا نہیں ہوگا- وہ اپنی ضروریات زندگی مہیا نہیں کر سکتا- اپنے بیمار بچوں کے لئے دوائی حاصل نہیں کر سکتا- ان حالات میں وہ قوم کے بچوں کو کیا تربیت دے گا- کبھی انہوں نے اس پر غور کیا ہے؟ اگر حکومت عوام کی فلاح و بہبود چاہتی ہے- اگر ارباب حکومت کے دل میں عوام کی ہمدردی ہے تو ان کا پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنی تمام تر توجہ عوام کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے اور عوام کے معیار زندگی بلند کرنے پر صرف کریں- مگر چونکہ ارباب حکومت کا عوام سے میل جول نہیں- عوام سے رابطہ نہیں اس لئے وہ ان کی حالت کا صحیح اندازہ نہیں کر سکتے- ورنہ وہ اس طرح عیش و عشرت میں اپنی زندگی بسر نہ کرتے- وزرا کی یہ حالت ہے کہ وہ ہر روز کسی نہ کسی مشن پر بیرون ملک چلے جاتے ہیں اور ملک کا قیمتی زر مبادلہ ضائع کر آتے ہیں- جو بچوں کے لئے دوائیوں کے کام آ سکتا تھا- جسے ملک کی صنعتی ترقی پر صرف کیا جا سکتا تھا- یہی نہیں کہ وہ خود بلا ضرورت بیرون ملک جاتے ہیں بلکہ اپنے خادموں مصاحبوں اور طوطاوں اور میناؤں کو بھی ساتھہ لے جاتے ہیں- کیا ہم ایسی حکومت کو عوام کی ہمدرد حکومت کہہ سکتے ہیں؟ کیا چیف منسٹر صاحب بتائینگے کہ یہ کیا انتظام ہے کہ عوام روز بروز زیر بار ہو رہے ہیں- ان کی اقتصادی حالت بد سے بد تر ہو رہی ہے- اور ان کی حکومت کو اس کا احساس تک نہیں روز مرہ کی ضروریات گران سے گران تر ہوتی جا رہی ہیں- بہت سی چیزیں ہیں کہ جن کی طرف اگر حکومت توجہ دیتی تو حالات پر قابو پا سکتی تھی- مثلاً ہمارے ملک کا بے انتہا غلہ محض چند لوگوں کو خوش کرنے کے لئے دوسرے ممالک میں چلا جاتا ہے- اگر یہ غلہ باہر نہ بھیجا جائے اور اس کے علاوہ غلام مصر بیراج کی زمینوں کو جو میرے خیال میں ہزاروں بلکہ لاکھوں ایکڑ ہیں زیر کاشت لایا جائے تو ہمارا خوراک کا مسئلہ بہت حد تک حل ہو سکتا ہے- مگر وہ زمینیں ویسی کی ویسی پڑی ہوئی ہیں اور گورنمنٹ نے ان کے بارے میں کوئی مکمل مرتب نہیں کی- اگر ان زمینوں سے غلہ پیدا کیا جائے تو کیا ہمارے ملک کی

اقتصادی حالت بہتر نہیں ہو سکتی؟ میں حکومت سے پوچھتی ہوں کہ آخر ان زمینوں کو ویران کیوں چھوڑ دیا گیا ہے؟

جناب صدر- لائیسنسوں کے متعلق سردار محمد ظفر اللہ صاحب نے بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ اس کے متعلق مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہے- جیسا کہ انہوں نے بیان کیا یہ لائیسنس دو صد فیصدی سے لے کر پانچ صد فیصدی منافع پر بیچے اور خریدے جاتے ہیں- اب آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس کے بعد قیمتیں کس قدر بڑھ جائینگی-

جناب والا- ہمارے ملک میں صنعتی ترقی بظاہر تو بہت ہوئی ہے اور ہمارا خیال تھا کہ اس ترقی کی وجہ سے اور چیزیں اپنے ملک ہی میں بننے کی وجہ سے روزمرہ کی ضرورت کی اشیاء کی قیمتیں کم ہو جائینگی لیکن ہمارا تجربہ اس کے برعکس ہے- اس ترقی کے باوجود صورت حال یہ ہے کہ بیرونی ممالک سے درآمد کی ہوئی چیزوں کی قیمتیں کم ہیں اور اپنے ملک کی بنی ہوئی چیزوں کی قیمتیں زیادہ ہیں- اس کی وجہ کیا ہے؟ غالباً یہ ہے کہ ایک غیر معمولی طریق سے صنعت کاروں کی سرپرستی کی جا رہی ہے- لیکن یہ ان کا اپنا معاملہ ہے- کچھ راز و نیاز کی باتیں ہیں- مجھے ان سے کیا سروکار؟ مگر یہاں حالات ایسے ہیں کہ اس ملک کے باشندوں کو زندگی بسر کرنا دشوار ہو رہا ہے- حکومت کو اگر ان لوگوں کا خیال نہیں تو اپنا ہی خیال کرے- عوام کا فائدہ مدنظر نہیں تو اپنا مفاد ہی سامنے رکھے- کیونکہ کل کو الیکشن آ رہے ہیں اور لوگ اپنے ووٹ دینے سے پہلے دیکھیں گے کہ آپ کے دور حکومت میں حالات کیا رہے ہیں اور آپ نے ان کی فلاح و بہبود اور ان کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کے لئے کیا کچھ کیا ہے- اور میں سمجھتی ہوں کہ موجودہ دور حکومت میں جو اقتصادی پس ماندگی- ابتری اور بد حالی رہی ہے وہ کسی دور میں بھی نہیں رہی- اس صورت میں کیا آپ عوام کو اتنا بے عزت سمجھتے ہیں اور ان سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ آپ کو پھر ووٹ دینگے اور پھر برسراقتدار لائینگے؟

ملک عبدالجبار خان ہوتی (پشتو)- جناب والا- میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان میں لوگوں کی آمدنی اخراجات کی نسبت کم ہے لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں- کہ اگر یہاں کی خواتین اپنے اخراجات میں کمی کر دیں- تو صورت حال بہتر ہو سکتی ہے- یہاں یہ عرض کر دینا بے جا نہ ہوگا کہ اگر ہم مردوں کا روزانہ خرچ دس روپے ہے- تو اس کے مقابلے میں خواتین کا خرچ سو روپے روزانہ ہے- انہیں لازم ہے کہ وہ اپنی آرائش کے اخراجات میں کمی کریں- پھر دیکھئیے اشیاء ضرورت کی قیمتیں کس طرح خود بخود کم ہوتی ہیں- اصراف تو وہ کرتی ہیں- اور بدنام مفت میں پاکستان ہو جاتا ہے-

صوبہدار راجہ امیر علی خان- جناب والا میں کوئی تقریر نہیں کرنا چاہتا صرف اتنا عرض کرونگا کہ ہم سب کو یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ بیگم صاحبہ کو بھی غریبوں کی تکالیف کا احساس ہے- انہوں نے حکومت کو اور امرا کے طبقے کو ان تکالیف کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے- مگر میں یہ کہدینا چاہتا ہوں کہ جن امرا کے پاس دولت جمع ہوئی ہے ان میں بیگم صاحبہ بھی شامل ہیں ان کا روپیہ اور ان کا باقی لباس بتا رہا ہے کہ ان امرا میں خود بیگم صاحبہ کو بھی شمار کیا جا سکتا ہے- (شور)-

Mr. Najm-ud-Din Vallibhoy (Municipal Corporation of Karachi) : Sir it is an admitted fact that prices have increased but there are various reasons for it. I would like to give the reasons for the information of the

Government and I hope that they will note them carefully because I feel that the present Government do not take into consideration the fundamental principles of economy.

Sir, the important factors which give rise to the prices of daily necessities of life in this country can be summarised as bribery, corruption not only in the Government but in the citizens also. Sir, here I must say that Pakistanis wholly and solely, without any exception. have failed in honouring the commitment which they gave at the time of the Partition of the sub-continent of India that they would be able to build a national character, of which everybody would be proud.

Then, Sir, apart from bribery and corruption, the other causes are irrational policy of Government as far as distribution of daily necessities of life are concerned, bad planning, wastage of foreign exchange whereby import of daily necessities of life is restricted, and, last but not the least, is the destructive policy of taxation followed by the Government. Sir. I will give you an instance. According to the present incometax law which was enacted during the last budget, a private limited firm whi h makes a profit of fifty lakhs of rupees has to pay thirty eight lakhs to the Government and there remains only the balance of twelve lakhs, out of which the Management has to provide for maintenance, for replacements, for labour, for expansion. Moreover the Management has to provide for the commission to the managing agent and then if there is any balance it has to provide for the dividend to the share-holders. Now, over and above this, the value of our rupee has gone down so much that people have no value for our currency. The result is hoarding and profiteerng. People don't like to keep currency notes or coins with them. Therefore, Sir, I would suggest that the Government must go deep into this question and not simply satisfy themselves or try to fool the masses by saying that the prices have been increased by the traders and manufacturers. Without going into the details of the question as to why prices are every day going up I may assure you that the trader would never like the prices to increase. He is more interested in increasing his sale which is cut down considerably by the rise in prices. Now again the businessman does not get the turn over. He has got that limited scope of selling whatever is available either from outside or from within the country. As far as the goods which come from outside the country are concerned we realise the difficulties of the Government that the imports have to be restricted because of shortage of foreign exchange. There I would say that the Government has failed miserably and they have wasted the foreign exchange by sending dozens of ambassadors abroad and by importing luxury goods. If you cut down expenditure on embassies and luxury goods this foreign exchange can be diverted towards the import of daily needs of life and thereby the prices can come down.

As far as the prices of commodities which are being manufactured at home are concerned I would ask the Minister for Industries if he has ever enquired whether the maximum production of installed capacity has been achieved in this country, whether the maximum efficiency, which is expected, has been achieved or not. Sir, it is no use to be satisfied with installing a particular type of industry. You have to see whether maximum is being produced by that installed capacity or not. Today in this country most of the industries are idle because of the shortage of raw-material. They are short of trained personnel and technicians.

They are short of import licenses. And for all these things. I am sorry to say that every industrialist, every registered importer who gets an import license has to approach the Government and unless he satisfies somebody his work cannot be done. The Government people have now become so powerful that the entire destiny of the country is now in their hands. It is because of this, Sir, that the prices have gone up considrably so much so that the common man now feels that life to him is nothing but hell. I would, therefore, suggest that the Government should try its level best, not merely indulge in propaganda but do constructive work in this direction and thereby save foreign exchange which we have to spend on foodgrains. That is number one.

(2) It is no use having Anti-smuggling or Anti-Corruption or such similar departments. Instead of creating such departments I would suggest to the Government to give increments to the low paid staff. In that way I am sure you will have efficiency, honesty and sincerity in the departmenst.

(3) The Government should not simply advise the people but should also try to see that they make purchases only when it is very necessary. They would make planned purchases. There is a shortage of the necessities of life and I would, therefore, appeal to the people that they should go for purchasing and shopping only when it is very necessary or essential. If they follow this policy then, I am sure, the prices would one day come down automatically.

Then, sir, they should also revise their taxation policy. They should see that the internal production increases so much that the ratio of demand and supply is improved thereby cutting down the price structure. Further, Sir, I would appeal to the Government to root out corruption. The Government have been advocating honesty, sincerity and fairplay whether it is the question of election or whether it is the question of any of their schemes and everything else. But I am sorry to say that what they preach they do not practice. Therefore they fail. Let them deny that corruption does not prevail in the Government. I am prepared to say that there is corruption all round, whether it is private life or whether it is political life. Why does not the Government take steps to root out corruption.

Sir, in our country we find that we go after remedies but not after the causes. We must find out the causes why there is corruption in this country. If we follow this policy I am sure one day this country would improve. Sir, the prices cannot be brought down simply by controlling the prices or the commodities. Sir, I call this control a "political bribery" which is carried on by the issuing of permits. I would, therefore, appeal to the Government not to impose controls but look for one thing. Look at the supply and demand position. If you impose control on certain items and suppose the supply is not maintained what will happen? Your efforts will not be of any use unless the supply position is maintained and all your schemes will fail. Therefore, do not control the prices but increase the supply. Take the traders and everybody into confidence? Try to solve their difficulties and thereby increase the production. Try to revise your taxation policy, try to have a clear cut policy whereby foreign exchange is earned extensively, and try to increase the value of your rupee. Then and then alone you would be able to solve the problem, otherwise not.

میر محمد بخش ٹالپر: صاحب صدر- الهيءَ ۾ ڪو شڪ ڪونهي تہ شين جون قيمتون گهٽي ڦدر وڌي ويون آهن جنهن جو گورنمينٽ کو تدارڪ ڪرڻ گهرجي ۽ اٿارٽيءَ جو ڌيان الڌيشو نظر اچي رهيو آهي.

صاحب صدر- مان اوهان کي ٿرپارڪر ضلع جو مثال ڏيانگو تہ ٿرپارڪر ضلع جو برسات تي دار و مدار آهي جڏهين برسات ٿيي تڏهين اُتي اناج ٿئي ۽ برسات نہ ٿيي تہ اناج بلڪل نہ ٿئي ۽ الهيءَ ڪري اتي سخت ڏڪر ٿئي ٿو. هينئر اتي ڏڪار آهي ۽ قيمتون تمام گهڻيون وڌي چڪيون آهن گورنمينٽ جي امداد ۸ مهينن تائين فقط ۳ لک کن ملي آهي. جڏهين سنڌ بامبي کان جدا ڪئي وئي هئي تہ سنڌ گورنمينٽ الهيءَ ڏڪر کي دور ڪرڻ لاءِ سنڌ ليجسليٽو اسمبليءَ ذريعي الڪٽ ۱۹۳۷ هيٺ فنڊ جمع ڪندي هئي ۽ ڏڪر کي دور ڪرڻ لاءِ مصيبت زده ماڻهن کي مدد ڏيندي هئي. اسان جي سنڌ گورنمينٽ ڏه لک روپيہ جمع ڪيا هئا مگر اُهي سمورا پئسا ون يونٽ لي خرچ ڪيا ويا آهن ۽ ويچارا ٿر جا ماڻهو مصيبتن ۾ آهن. صاحب صدر- الهيءَ ٿر ايريا ۾ لي لک ماڻهو آهن جن جي امداد لاءِ مغربي پاڪستان گورنمينٽ گذشتہ سيلميڊنٽري اجيٽ ۾ ۱۲۲۱۰۰ منظور ڪيا آهن جن مان ٻہ ڪا ۾ امداد هينئر تائين ملي. گهٽ ۾ گهٽ ڏه لک روپيہ تہ ملڻ گهرجن ۽ الهيءَ طرف اسان جي گورنمينٽ کي ڪافي غور ڏيڻ گهرجي. جناب قاضي فضل الله صاحب کي چيو هو تہ ٿر ۾ اجي غريب ماڻهن جي حالت اجي ٻاڻ ڏسي. وزير خوراڪ آيو هئو ۽ عمرڪوٽ مان گهمي ملهو ويو ٿر تہ ڏٺائين. هن کي خبر نہ آهي تہ ٿر جي ماڻهن کي ڪهڙين مصيبتن مان گذرڻو ٿو پوي. ڏڪر ۾ ماڻهن جي حالت ڪهڙي ٿي ٿئي ۽ ڪيتري امداد جا لائق آهن اُها گورنمينٽ کي خبر نہ آهي. الهيءَ ڪري مهربان جي گذارش آهي تہ مهرباني ڪري غريب ٿر جي ماڻهن جي مصيبت ۾ مدد ڪئي وڃي، هو مصيبت ۾ آهن. گهٽ ۾ گهٽ ٻہ ماه ۳ لک روپيہ ماهياني امداد ملڻ کپي اهڙي گهر فيمين رليف ڪميٽي ۽ ڪمشنر صاحب ٻڌ ڪئي آهي سا تہ هڪدم ڏيڻ گهرجي جاڪاڻ تہ ڏڪر ڪري ماڻهو ڏاڍين مصيبتن ۾ ٿا گذارين.

شیخ محمد سعید- (ضلع جھنگ)- جناب والا- سردار محمد ظفر اللہ صاحب نے یہ تحریک پیش کر کے اس ملک کے باشندوں کی سب سے بڑی اور اہم ضرورت کی طرف اشارہ کیا ہے اور وقت کا تقاضا یہی ہے کہ جمہوری دور میں جب کہ ہماری رائے رہنرگی سے حکومت کا نظام بنا ہو اور آئین کی رو سے عوام کو اس ملک کا حاکم قرار دیا ہو تاکہ ان کو آسائش اور ہر قسم کی سہولت مہیا ہو اور ان کی خواہش اور مرضی کے مطابق نظام حکومت چلایا جائے-

جناب والا- گزشتہ ۵ سال سے ہم دیکھہ رہے ہیں کہ ہمارے ملک میں اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں بے حد اضافہ ہوا ہے اور مستقل قریب میں ان میں کوئی کمی ہوتی نظر نہیں آتی- اس کی کئی وجوہات ہیں- سب سے بڑی وجہ زرعی نظام اور صنعتی نظام کا ناقص ہونا ہے- جب کہ اس ملک کی زمین اس ملک کے عوام کی ملکیت تھی اور ملک کے وسائل اس ملک کے عوام کے وسائل تھے- حکومت نے اس کے وسیع رقبہ جات چند مخصوص لوگوں کے ہاتھوں میں دے دئے- ان لوگوں کے ہاتھوں میں جو انگریز کے حواری اور انگریز کے پٹھو تھے- اس وقت یہ زمینیں اگرچہ بنجر تھیں لیکن عوام کی محنت اور آبپاشی سے جب ان زمینوں کو قابل کاشت بنایا گیا- جب نہریں جاری ہوئیں اور زمینیں آباد ہوئیں تو حکومت نے چند مخصوص حضرات کو تمام وسائل بخش دئے- یہی حالت صنعتوں کی ہے- تقسیم ملک کے بعد جتنی صنعتیں قائم ہوئیں انکی اجارہ داری ایسے ہی چند لوگوں کے ہاتھوں میں دے دی گئی- اب حکومت اس بات کو محسوس کر رہی ہے کہ ملک کا سرمایہ عوام کے ہاتھوں میں نہیں رہا- بجائے اس کے کہ حکومت اس پر کنٹرول رکھتی بجائے اس کے کہ ملک کی بہتری کی جاتی اور صنعتوں کا فائدہ سارے عوام کو پہنچتا- یہ صرف چند لوگوں تک محدود ہو گیا ہے- حکومت نے ملک کی اقتصادیات کو monopoly system پر قائم کر دیا ہے- یہ عجیب بات ہے کہ دنیا کے دوسرے ملکوں کے زرعی نظام میں جتنی خرابیاں ہیں وہ ہم نے اپنا لی ہیں اور ان کی ساری خوبیوں کو ترک کر دیا ہے- چاہئے تو یہ تھا کہ ملک کی دولت عوام میں تقسیم کی جاتی مگر ایسا نہیں ہوا بلکہ اس ملک کو چند سرمایہ داروں جاگیرداروں اور زمینداروں کی لونڈی بنا دیا ہے- حکومت پرمٹ اور لائیسنس جاری کرتی ہے اور اشیاء کی فروخت کی اجارہ داری دیتی ہے- اس میں عوام کی بہتری کو دخل نہیں حکومت عوام کو مجبور کر دیتی ہے اور ساری دولت چند لوگوں کے پیٹ میں دھکیل رہی ہے اس ملک میں جو اشیاء ضرورت پیدا ہوتی ہیں حکومت وہ تمام اپنے خوشامدیوں اور اپنے حواریوں کو جنہوں نے اپنا ضمیر فروخت کر دیا ہے- دے دیتی ہے اور وہ لوگ قیمتوں کو سہ گنا اور چہار گنا بڑھا دیتے ہیں- اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب وہ اشیاء عوام تک پہنچتی ہیں تو اس اضافہ سے عوام پس جاتے ہیں آپ امریکہ کی طرح free enterprises کی اجازت کیوں نہیں دیتے جب آپ ہر بات میں اپنے امریکی اور برطانوی آقاؤں کے پیچھے جا رہے ہیں آپ ان کی اچھی بات کو تسلیم نہیں کرتے بلکہ آپ نے ساری تجارت اور سارا کاروبار زمینداروں اور سرمایہ داروں کے ہاتھہ میں دے رکھا ہے-

جناب والا- حکومت تمام اشیاء خود درآمد کرتی ہے- اور خود ہی مشینری درآمد کرتی ہے بجائے اس کے کہ وہ زیادہ سے زیادہ لوگوں میں ان کی تقسیم کرتی وہ چند افراد میں تقسیم کر دیتی ہے نیز ان کو لائیسنس دیتی ہے اور جب اشیاء درآمد ہوتی ہیں تو ان کو کھلی چھٹی دے دیتی ہے تاکہ وہ جس طرح چاہیں ملک سے زیادہ سے زیادہ روپیہ حاصل کریں- یہی وجہ ہے کہ قیمتوں میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے-

یہ درآمدی لائیسنس بعض اوقات ایسے لوگوں کو دئیے جاتے ہیں جو صنعتی اشیاء کے دام تک سے واقف نہیں ہوتے اور کئی بار تو انہیں لائسنس رکھنا بھی نصیب نہیں ہوتا- اور وہ دوسروں کے ہاتھوں میں کئی گنا زیادہ قیمت پر فروخت ہو جاتا ہے- اس طرح یہ لائیسنس بکتا ہوا جب عوام تک پہنچتا ہے تو اس کی قیمت دس سے لے کر سو گنا تک بڑھ چکی ہوتی ہے اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک ایسا نظام ہے جس میں عوام کی محنت چند افراد کے لئے مخصوص کر دی جاتی ہے- ان کو موٹا کیا جا رہا ہے اور وہ بڑے اضطراب کے ساتھ اور تشویش کے ساتھ روپیہ فراہم کرنے میں لگے ہوئے ہیں ان کو ملک سے محبت نہیں اور عوام سے پیار نہیں- وہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہمارے ہاتھ سے حکومت چلی گئی اور اختیارات چھین لئے تو ہم کیا کرینگے- وہ لوگ جو کوڑی کے مالک نہیں تھے- آج لاکھ پتی بن گئے ہیں یہ لوگ اس ملک کے سرمایہ سے روپیہ کماتے ہیں اور اسے بیرونی ممالک میں جا کر خرچ کرتے ہیں- جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ آج ہمارے ملک کے روپیہ کی کوئی Value نہیں رہی ورنہ ہمارے پاس کسی چیز کی کمی نہیں- ہمارے ملک میں غلہ پہلے سے زیادہ پیدا ہوتا ہے- زمین پہلے سے زیادہ زیر کاشت آ گئی ہے- اس کے علاوہ ملکی صنعت نے بھی کافی ترقی کی ہے لیکن ان چیزوں کے باوجود قیمتیں دن بدن بڑھ رہی ہیں- اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ حکومت کو اپنے عوام سے کوئی دلچسپی نہیں- اس حکومت کو اپنے استحکام پر بھروسہ نہیں- انہیں تو اس چیز کی فکر ہے کہ زیادہ سے زیادہ جیبیں بھر لیں تاکہ حکومت کی گدیوں کو چھوڑنے سے پہلے ان کے پاس کافی سرمایہ جمع ہو جائے- لیکن پیشتر اس کے کہ عوام ان کا یہ سرمایہ زبردستی ان سے چھین لیں انہیں چاہئیے کہ وہ نیک نیتی سے عوام کے مسائل میں دلچسپی لیں اور ان کی تکالیف کو دور کریں- ان کو چاہئیے کہ وہ غریب عوام کی دلجوئی کریں- ان کی غربت اور افلاس کو دور کریں- غریب کو اگر پیٹ بھر کر روٹی ملتی جائے تو اسے اور کسی چیز کی ضرورت نہیں- لیکن جناب والا حالت یہ ہے کہ آپ کے گوداموں میں گندم پڑی سڑ رہی ہے آپ ہر سال غلہ غلہ گوداموں میں بھرتے ہیں اور ہزاروں من غلہ گوداموں میں پڑا پڑا خراب ہو جاتا ہے لیکن غریب کو پیٹ بھر کر روٹی میسر نہیں ہوتی- بڑے بڑے زمیندار شروع فصل میں غلہ فروخت نہیں کرتے اور قلت کے وقت ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں- اس وقت تو حکومت پابندیاں لگا دیتی ہے- جب آخیر فصل کا وقت آتا ہے اور غلہ بہت زیادہ مہنگا ہو جاتا ہے تو حکومت یہ پابندیاں اٹھا دیتی ہے اور وہ ذخیرہ اندوز گندم ہندوستان بھیجنا شروع کر دیتے ہیں اور وہاں سے چوڑیاں اور مہندی اور گرم مصالحہ منگواتے ہیں یا مہنگے داموں اپنے ملک میں بیچ دیتے ہیں اور منہ مانگے دام وصول کرتے ہیں- ہماری حکومت تو اس کوشش میں رہتی ہے کہ کسی نہ کسی طرح انہیں خوش رکھا جائے- انہیں طرح طرح کی سیاسی رشوتیں دی جاتی ہیں- کسی کو لائیسنس دیئے جاتے ہیں اور کسی کو امپورٹ پرمٹ- یہ سب کچھ اس لئے کیا جاتا ہے تاکہ انہیں ان کی حمایت حاصل رہے اور ان کا ذاتی اقتدار قائم رہے- انہوں نے معزز ممبران کے ضمیر کو کچل دیا ہے- انہیں لالچ دے دے کر اپنا ضمیر فروخت کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے-

مسٹر سپیکر- آپ کا وقت ختم ہوا-

شیخ محمد سعید- تو جناب والا- ان الفاظ کے ساتھ میں یہ درخواست کرونگا کہ حکومت کو چاہئیے کہ غریب عوام کی تکلیف کا جلد از جلد ازالہ کرے اور انہیں سستے داموں گندم مہیا کی جائے تاکہ انہیں پیٹ بھر کر روٹی نصیب ہو سکے-

ڈاکٹر سعید الدین صالح- (ضلع حیدر آباد)- بھوک- بھوک بھوک- ہوشیار ہو جاو- تیار ہو جاو-" یہ ہیں وہ الفاظ جو آجکل ہر غریب کے منہ سے نکل رہے ہیں- میں اس مسئلہ پر کوئی تقریر نہیں کرونگا- صرف اتنا عرض کرونگا کہ غریب کو دو وقت روٹی مہیا کی جائے تاکہ وہ بھوکا نہ رہے- غریب کی روٹی زندہ باد-

(The House adjourned for 15 minutes for maghreb prayers to meet again at 7-00 p. m.).

The Assembly re-assembled after Maghreb Prayers. Mr. Speaker in the Chair).

میر غلام مصطفے شاہ خالد گیلانی (راولپنڈی)- جناب والا-

آج جمہور کے سرور بنے پھرتے ہیں

تیغ جمہور کی گردن پہ چلانے والے

اپنے ملک کو شب و روز بدل دیتے ہیں

سر کو لیلائے وزارت پہ جھکانے والے

آج اس معزز ایوان میں آنریبل سردار محمد ظفر اللہ صاحب نے گرانی کے مسئلہ کی طرف توجہ دلانے کے لئے تحریک التوا پیش کی ہے میں اس کی تائید کے لئے آپ کے سامنے حاضر ہوا ہوں- اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ موجودہ وقت میں ملک کے اندر ہر شعبہ قسم کی گرانی ہے- ضروریات زندگی اور ضروریات پوشیدنی اس قدر گران ہیں کہ قوت خرید عوام میں نہیں رہی اور ان کے اندر اس سلسلہ میں ایک غیر معمولی قسم کا ہیجان اور اضطراب ہے- حکومت بھی اس بات کو تسلیم کرتی ہے- ہم بھی اس بات کا اعتراف کرتے ہیں اور عوام بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ گرانی ہے- میں آپکی توجہ ان اسباب کی طرف دلاتا ہوں- آخر گرانی کے اسباب کیا ہیں اور اس کا تدارک کس طرح سے کیا جا سکتا ہے- میں کوئی ہنگامی تقریر کرنے کے لئے حاضر نہیں ہوا ہوں بلکہ تعمیری انداز میں آپکے سامنے چند چیزیں پیش کرونگا اگر حکومت دیانتداری کے ساتھ توجہ کرے تو یہ کوئی ایسا مشکل مسئلہ نہیں جو حل نہ ہو سکے یہ نہری پانی یا کشمیر کے مسئلہ کیطرح کوئی پیچیدہ مسئلہ نہیں کہ جس کے حل کے اندر آپ کو مشکل نظر آئے گرانی کے اسباب یہ ہیں کہ ہمارے ملک کے اندر جو حکومت اس وقت موجود ہے اس کو عوام کا اعتماد حاصل نہیں اور وہ حکومت اہم مسائل کی طرف توجہ دینے کے لئے کوئی وقت نہیں پاتی- اس حکومت کا کام صرف ایک اور صرف ایک ہے اور وہ اپنی کرسیوں کو بچانا ہے- تقسیم سے قبل جب یہاں انگریزوں کی حکومت تھی اس زمانہ میں یہی زمین اور یہی آسمان اور یہی فضا تھی اور یہی عوام اور یہی ملک تھا- آزادی ملنے کے وقت جب مسلم لیگ کی حکومت تھی تو اس وقت بھی یہی زمین یہی آسمان- یہی فضا اور یہی عوام اور حکومت کے یہی افراد جو اب اندر نہیں اس وقت اندر تھے- اگر انگریزوں کے زمانہ کے نرخوں کا اور مسلم لیگ حکومت کے زمانہ کے نرخوں کا ریپبلکن حکومت کے زمانہ کے نرخوں سے ایمانداری

سے مقابلہ کیا جائے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ آج چیزوں کی قیمتیں چار گنا بڑھ گئی ہیں- اس کی وجہ یہ ہے ملک کی جتنی مشکلات ہیں ان کے حل کرنے کے لئے حکومت کے پاس وقت نہیں اور اگر وقت ہے تو پھر ارادتاً اس کی طرف توجہ نہیں فرمائی جاتی- آج ہماری حکومت کا نصب العین یہ ہے کہ ۱۸ منسٹروں اور ۱۲ ڈپٹی منسٹروں اور ۸ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی فوج ظفر موج اپنی کرسیوں کے تحفظ کے لئے حکومت کے جملہ وسائل کو بروئے کار لا کر آئندہ کے لئے ان کرسیوں پر قبضہ رکھنے کے لئے اپنا سارا وقت صرف کر رہے ہیں- اگر وہ اپنے ملک کی مشکلات کے ازالہ کے لئے تھوڑی سی بھی توجہ کریں تو گرانی کا یہ اتنا پیچیدہ مسئلہ نہیں- مثلاً سب سے پہلے یہ شکایت کی جاتی ہے- جو حقیقت پر مبنی ہے کہ غلے کی کمی ہے- اسی لئے غلہ ہمیں باہر کے ممالک سے منگوانا پڑتا ہے- اس کے جواب میں حکومت کی طرف سے کھڑے ہو کر آنریبل منسٹر خوراک یہ فرماتے ہیں کہ ہم نے ایک کمیشن مقرر کر دیا ہے جو سارے ملک کا سروے کریگا اور عنقریب ان تمام مشکلات پر قابو پا لیا جائیگا- ہمارے آنریبل وزیر خوراک بڑے طمطراق سے فرماتے ہیں کہ ہم نے خوراک کے مسئلہ کو حل کر لیا ہے لیکن ان کی بے بسی کا عالم یہ ہے کہ ان کی مشینری کے پرزے جو راشننگ کے محکمہ کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں جب ان پر ہم تنقید کرتے ہیں اور یہ پوچھتے ہیں کہ یہ سیمنٹ کی قسم کا آٹا گران کیوں ہے اور اس میں ملاوٹ ڈپو والا کرتا ہے یا مل اونر اور وہ کس خیال سے کرتا ہے کسی کی سازش سے کرتا ہے اور کیوں کرتا ہے تو محکمہ کی طرف سے یہ جواب دیا جاتا ہے کہ ڈپو والا ایسا کرتا ہے لیکن ڈپو والا کہتا ہے کہ راشننگ والا ایسا کرتا ہے اور راشننگ والے یہ کہتے ہیں کہ مل اونر ایسا کرتے ہیں لیکن سنیئے آنریبل منسٹر فرماتے ہیں کہ اس میں تو کوئی خرابی نہیں- میں خود یہ آٹا استعمال کرتا ہوں- جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ کتنے ڈپوؤں کا آپ نے معائنہ کیا تو اس کا جواب نہیں ملتا- جب کسی مشکل کے ازالہ کے لئے ان کو کہا جاتا ہے تو جھٹ ایک نئی منصوبہ بندی کا اعلان کر دیا جاتا ہے اور ہر کام کو ٹالنے کے لئے ایک کمیشن مقرر کر دیا جاتا ہے- اگر ہم کہتے ہیں کہ سیلاب کی آفت نے ہمارے ملک کو تباہ کر دیا ہے تو ایک سیلاب کمیشن مقرر کر دیا جاتا ہے جو سال کے اندر اس زمانہ میں رو جلسے کرتا ہے جس زمانہ میں سیلاب مستقل عذاب کی شکل میں آنے والا ہوتا ہے یا آ گیا ہوتا ہے- سارا سال وہ سیلاب کمیشن خاموشی سے پڑے تنخواہیں لیتے ہیں اور مزے کرتے ہیں- منسٹر صاحبان کی یہ حالت ہے کہ انہیں اس امر کا احساس تک نہیں کہ گزشتہ سال اس ملک کے اندر کتنے لاکھ ایکڑ زمین تھور کی نذر ہوئی اور سیم کی نذر ہوئی اور کتنے لاکھ ایکڑ زمین سیلاب کی وجہ سے دریا برد ہوئی- اس طرف وہ توجہ نہیں فرماتے- وہ سال میں صرف ایک بند کی طرف توجہ فرماتے ہیں اور وہ اس بات کا اعلان کر دیتے ہیں کہ فوج اور جیل والوں کی مدد سے بند مضبوط کیا جا رہا ہے- آپ نے دریائے توہی کا ایک بند مضبوط کر دیا لیکن شیرو بند تو آپ سے مضبوط نہ ہو سکا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ضلع ڈیرہ غازی خان میں سیلاب آ گیا ہے اور وہاں کی لاکھوں ایکڑ زمین زیر آب ہے اور وہاں کے رہنے والوں کا تمام مال و اسباب تباہ و برباد ہو گیا ہے لیکن آپ اپنی موٹروں پر جھنڈے لگا کر گلی گلی اور کوچے کوچے آئندہ کے لئے ووٹوں کی بھیک مانگتے پھرتے ہیں اور اس طرح گل چھرے اڑاتے پھرتے ہیں- میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ بروبانتی کا بیج بوتے پھرتے ہیں اور پھر شکایت یہ کرتے ہیں پریس کے اندر ان کو بے ضمیر کہا جاتا ہے- آپ جمہوریت کی گردن پر کلہاڑا چلاتے ہوئے اعلان یہ کرتے ہیں کہ ہم سرکاری وسائل کو استعمال نہیں کرینگے لیکن ابھی تازہ مثال ہے کہ جہلم پنڈی اور ہزارہ میں ایک ہفتہ تک حکومت کی تمام مشینری کے جملہ کام معطل رہے اور وہ صرف اس لئے کہ ریپبلکن پارٹی کے جلسہ کو کامیاب بنانے کیلئے حاضرین کی ایک کھیپ اکٹھی کی جائے- میں یہ گزارش

کرتا ہوں کہ روٹ پرمٹ دے کر اور درآمدی اور برآمدی لائیسنسوں کے سلسلہ میں اصل مستحقین کو نظر انداز کر کے اپنے ان موکلین جو آپ کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ آئندہ الیکشنز میں وہ آپ کا ساتھ دینگے کو یہ لائیسنس عطا کر کے آپ نے سیاسی رشوت کا بازار گرم کیا ہے- آپ کو کیا کہ سیلاب آئے یا نہیں- آپ کو اس کا کیا پڑا ہے- ان منسٹروں اور ان کے لگے بندھوں کو کیا خبر کہ بازار کے اندر آٹے کی کیا قیمت ہے- ایک گز لٹھے کی قیمت انگریز کے زمانہ میں اور اس مسلم لیگ حکومت کے زمانہ جو بری سہی اور جس کے برا ہونے کا باعث آج یہی مخصوص وزارت ہے جو ادھر ہے اتنی نہ تھی جتنی کہ آج ہے لیکن آج لٹھے کی قیمت کی طرف توجہ نہیں دی جاتی- آپ کہتے ہیں کہ آپ نے کوئی منصوبہ بنا لیا ہے کہ تمام زمین چھوٹے چھوٹے زمینداروں کو پٹہ پر دے دی جائے- آپ مجھے بتائیے کہ اگر آپ ایمانداری سے غلے کی کمی کو اس ملک سے دور کرنا چاہتے ہیں اور اپنا کروڑوں روپیہ جو آپ زر مبادلہ کی شکل میں ادا کرتے ہیں بچانا چاہتے ہیں تاکہ وہ آپ کے ترقی کے منصوبوں کے کام آ سکے تو پھر پٹہ پر زمین دینے سے یہ مقصد کیسے حاصل ہو سکتا ہے- آپ یہ چاہتے ہیں کہ بارہ ایکڑ زمین دو سال کیلئے پٹہ پر دے دی جائے- وہ زمین بنجر ہوتی ہے اور کاشتکار خون پسینہ ایک کر کے اس میں ہل چلاتا ہے- اور اسے ہموار کرتا ہے اور جب دو سال کے بعد اس میں فصل ہونے کا وقت آتا ہے تو اس کے پٹہ کی میعاد ختم ہو جاتی ہے اور حکومت بھی بدل جاتی ہے اور یہ حکومت اسی زمین کو دوسروں کو پٹہ پر دینے کے لئے تیار ہو جاتی ہے- چاہئے تو یہ تھا کہ آپ ایمانداری کے ساتھ پٹے کا یہ ۴۲۰ کا سلسلہ ختم کرتے جتنی زمینیں زمینداروں کے حوالے کرتے انہیں ان کے حقوق ملکیت عطا کر کے ان سے ان کی قیمت آسان ترین قسطوں میں وصول کرتے- (تالیاں)- تاکہ وہ اس زمین کو اپنی زمین سمجھتے- اور انہیں ان سے محبت ہوتی- انہیں اس کے چھن جانے کا خطرہ نہ ہوتا- وہ خوب محنت کرتے اور زیادہ غلہ پیدا کرتے- صوبہ میں یہ جو مصنوعی گرانی ہے اس کے اسباب میں سے ایک گندم کا ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں نہ جانے دینا ہے- خیال فرمائیے کہ بہاولپور اور چشتیاں منڈی میں گندم سات ساڑھے سات روپے من ہے اور وہاں سے دس قدم کے فاصلے پر بہاولنگر میں چودہ چودہ روپے من ہے- راولپنڈی اور ہزارہ میں اٹھارہ روپے من ہے- اور سیالکوٹ میں بیس روپے من ہے- حکومت کی یہ قابل مذمت پالیسی ظاہر کرتی ہے کہ اگر اس قسم کے لوگ ایک صدی تک بھی حکمران رہیں تو وہ کسی ایک مسئلہ کا بھی بطریق احسن حل نہیں کر سکتے- اگر مغربی پاکستان میں اس مصنوعی پابندی کو ختم کر دیا جائے تو گرانی کی یہ تمام مصیبت ختم ہو سکتی ہے- مگر مصیبت یہ ہے کہ ہمارے وزرا کو اپنی کرسی کے تحفظ اور قوم میں دردیانتی پیدا کرنے کے لئے سیاسی رشوت دینے ہی سے فرصت نہیں ملتی-

مرزا ممتاز حسن قزلباش- (وزیر خوراک و زراعت)- جناب صدر- یہ ایک حقیقت ہے کہ گرانی کے باعث آج کل عوام بے حد پریشان ہیں- اشیاء کی کمیابی کا اثر قیمتوں پر پڑ رہا ہے- اس کے علاوہ گرانی کی اور بھی بہت سی بنیادی وجوہ ہیں- تنہا ہمارے لئے اس مسئلہ کا حل کرنا بہت مشکل ہے- اس لئے کہ قیمتوں کا دارومدار فارن ایکسچینج کرنسی اور درآمدی محصول پر بھی ہے- مثال کے طور پر اگر درآمدی محصول بڑھا دیا جائے تو ظاہر ہے کہ اشیاء کی قیمتیں زیادہ ہو جائینگی- اگر یہ محصول کم کر دیا جائے تو چیزیں سستی ہو جائیں گی- اسی طریق سے اگر فارن ایکسچینج زیادہ موجود ہو تو باہر سے اشیائے صرف زیادہ منگائی جا سکتی ہیں- اس صورت میں چیزیں زیادہ درآمد

ہوں گی- اور ملک میں ان کی فراوانی ہوگی- اسی طرح deficit financing کی صورت میں قیمتیں بڑھ جائینگی- یہ تین بنیادی چیزیں ہیں اور ان تینوں کا تعلق صوبائی حکومت سے نہیں ہے-

علاوہ ازیں کروڑوں روپیہ ملک میں مختلف منصوبوں پر صرف کیا جا رہا ہے- یہ حقیقت ہر ایک کو محسوس کرنی چاہئے کہ جب تک ان منصوبوں سے کوئی پیداوار حاصل نہیں ہوتی اسوقت تک جتنا روپیہ منصوبوں پر زیادہ صرف ہوگا اتنی ہی چیزوں کی قیمتیں بڑھتی رہینگی- گھٹینگی نہیں- البتہ جب یہ منصوبے مکمل ہو جائینگے اس وقت ہماری پیداوار زیادہ ہو جائیگی اور قیمتیں کم ہونے لگینگی-

ہماری موجودہ قلت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ گزشتہ زمانہ میں یہاں صنعتی ترقی کی طرف زیادہ توجہ دی گئی ہے اور زراعت کو بالکل نظر انداز کیا گیا ہے- اگر زرعی نظام کی طرف بھی توجہ دی جاتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ اس ملک میں جہاں پہلے عوام اپنی ضرورت سے زائد غلہ پیدا کرتے تھے ہم اس وقت غلے کی کمی سے دو چار ہوتے- بہر نوع گزشتہ دو تین برس سے زرعی نظام کو بہتر بنانے کی کوشش کی جا رہی ہیں- اور ان سے بہتر نتائج رونما ہوئے ہیں- مجھے مسرت ہے کہ ہم اس وقت گزشتہ سال سے زیادہ غلہ پیدا کر سکے ہیں- اور سال رواں میں ہم گیہوں باہر سے درآمد نہیں کرینگے- ہم اپنی ضروریات خود پوری کر سکینگے- گیہوں کی قیمت پر تمام اشیاء کی قیمتوں کا دارومدار ہے- آپ کو معلوم ہے کہ گورنمنٹ ساڑھے بارہ روپے من کے حساب سے گیہوں خرید رہی ہے- اور اس پر دو روپے فی من مزید خرچہ آتا ہے- گورنمنٹ گویا ساڑھے چودہ روپے فی من کی لاگت پر گندم فراہم کر رہی ہے- پہلے ہمیں حکومت کی طرف سے subsidy ملا کرتی تھی- اب انہوں نے اس کے لئے روپیہ دینے سے انکار کر دیا ہے- اگر ہم گیہوں کی قیمت بھی بڑھاتے ہیں تو لوگوں کو اس سے زحمت ہوتی ہے- اور دوسری چیزوں کی قیمتیں بھی بڑھ جاتی ہیں- صوبائی حکومت نے اپنے بجٹ میں subsidy کے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی تھی- پھر بھی ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم گیہوں کی قیمت کسی حالت میں بھی بڑھنے نہیں دینگے- جو نرخ اس کا گزشتہ سال تھا وہی انشاءاللہ آئندہ بھی رہیگا-

عوام کو سب سے زیادہ کس چیز کی ضرورت ہے؟ روٹی کی- چنانچہ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ عوام کو روٹی ایک معین نرخ پر بہم پہنچائی جائیگی اور اسکی ابتدا لاہور سے کر دی گئی ہے- میں مسرت کے ساتھ اعلان کرتا ہوں کہ لاہور کے نانبائیوں نے ہم سے پورا تعاون کیا ہے انہوں نے اپنا اجلاس بلایا اور اس میں یہ فیصلہ کیا کہ سوا دو چھٹانک کی روٹی ایک آنہ میں دی جائیگی- میں خود بازار میں گیا- میں نے روٹی کو تولا- وہ پوری سوا دو چھٹانک کی نکلی- اس کے بعد ہم انشاءاللہ اس چیز کو پورے صوبہ میں نافذ کر دینگے- ہمارا یہ فرض ہے کہ عوام کو پورے سوا دو چھٹانک کی روٹی ایک آنہ میں بہم پہنچائیں- (قطع کلامی)- اس لئے کہ آپ نے کبھی بازار سے روٹی نہیں خریدی- اگر آپ بازار میں جائیں تو آپ دیکھیں گے کہ وہاں سوا دو چھٹانک کی روٹی ایک آنے میں مل رہی ہے- (قطع کلامی) آپ میرے ساتھ چلیں میں آپ کو دلوا دونگا- جب تک غذا کا مسئلہ حل نہیں ہوگا قیمتوں کا مسئلہ حل نہیں ہو سکے گا- اس لئے تمام تر توجہ اس پر دی جا رہی ہے کہ غذائی پیداوار زیادہ ہو- زیادہ سے زیادہ زمین زیر کاشت لائی جا رہی ہے اور زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچائی جا رہی

ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ ہم بہت جلد اس کمی کو پورا کر سکیں گے- افسوس کے ساتھ البتہ یہ کہنا پڑتا ہے کہ کیمیائی کھاد کی قیمت کے متعلق مرکز نے جو فیصلہ کیا ہے وہ ہمارے لئے مفید نہیں ہے- کیمیائی کھاد سات روپے بارہ آنے من ملا کرتی تھی اب اٹھارہ روپے بارہ آنے میں فروخت ہوتی ہے- یہ نہیں کہ قیمت میں اضافہ ہوا ہے بلکہ جو سبسڈی ہمیں مرکز سے ملا کرتی تھی ہم اس سے محروم کر دئے گئے ہیں- ہم مرکز سے گفت و شنید کر رہے ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ یہ سبسڈی ہمیں پھر دے دی جائے- اور ہم امید کرتے ہیں کہ مرکز ہماری التجا کو منظور کر لے گا- محض یہ نظریہ کہ کیمیائی کھاد اٹھارہ روپے بارہ آنے میں فروخت ہو سکتی ہے ہمارے لئے کافی نہیں ہے- یہ صحیح ہے کہ تمباکو اور نیشکر کی کاشت کرنے والے کیمیائی کھاد اٹھارہ روپے بارہ آنے میں خرید لینگے لیکن جو لوگ گیہوں اور چاول بوتے ہیں وہ اس کھاد کو اس قیمت پر استعمال نہیں کر سکتے اور اس کا استعمال ان کے لئے خسارہ کا باعث ہوگا-

بعض اصحاب نے سمگلنگ کا بھی ذکر کیا ہے- میں بڑی ذمہ داری کے ساتھ آپ کے سامنے کہہ سکتا ہوں کہ جہاں تک گیہوں کا تعلق ہے اس کی سمگلنگ نہیں ہو رہی- ایک مرتبہ لائلپور سے یہ شکایت آئی تھی کہ گیہوں وہاں سے سیالکوٹ جاتا ہے- اور سیالکوٹ سے مشرقی پنجاب کیطرف منتقل ہو جاتا ہے- میں نے تحقیقات کی اور مجھے معلوم ہوا کہ یہ نہ صرف غلط تھا بلکہ ناممکن بھی ہے اس لحاظ سے کہ سیالکوٹ کے باڈر کا علاقہ بڑا گنجان آباد ہے- وہاں سے گیہوں کی گاڑیوں کا گزرنا اور لوگوں کا انہیں نہ دیکھنا یہ ناممکن ہے- اسکے علاوہ دریائے راوی درمیان میں حائل ہے اور وہاں نہ کوئی پل ہے نہ کشتیاں جنکے ذریعہ گیہوں کو لے جایا جا سکے یہ خبریں صحیح نہیں ہیں اور کوئی گیہوں کی سمگلنگ نہیں ہو رہی ہے-

ایک کمیٹی جو قیمتوں میں کمی کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی- اس کی چند میٹنگز ہو چکی ہیں اور اسی کمیٹی کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ میرے کی قیمتوں میں کمی ہوئی ہے- روئی کی قیمت معین کر دی گئی ہے- صابن سازی کے جو بڑے کارخانے ہیں ان کے مالکان سے گفتگو کی گئی ہے اور انہوں نے یقین دلایا ہے کہ وہ باہم مشورہ کر کے قیمتوں کو کم کرنے کی کوشش کرینگے- اسی طرح مٹھائی والوں نے مٹھائی کی قیمت کم کر دی ہے- اس کے علاوہ اور چیزیں جن کے اوپر گورنمنٹ کا کنٹرول ہے ان کے متعلق بھی معلومات جمع کی جا رہی ہیں- اور کمیٹی کا کام جاری رہیگا- اور قیمتیں جس قدر کم کی جا سکتیں ہیں انہیں کم کیا جائیگا- اس سلسلے میں یہ بھی عرض کروں گا کہ پبلک پر بھی تھوڑی سی ذمہ داری عاید ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر کوئی چیز زیادہ قیمت پر ملتی ہے تو عوام کا فرض ہے کہ وہ اسے نہ خریدیں- اس طرح اگر وہ ہم سے تعاون کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ قیمتوں پر کنٹرول نہ ہو سکے اور وہ کم نہ ہو جائیں-

نواب مظفر علی خان قزلباش- (وزیر اعلی)- جناب والا- یہاں ہمارے دوست جب مختلف خرابیوں کا ذکر کر رہے تھے- تو مجھے بیٹھے بیٹھے یہ مصرع یاد آیا کہ

ع- اے باد صبا ایں ہمہ آوردہ تست-

جو چیزیں اب تک ہوئی ہیں اور جس مصیبت سے یہ ملک اس وقت دوچار ہے یہ انہی

لوگوں کی لائی ہوئی ہے جو اس وقت اس کا زیادہ ذکر کرتے ہیں۔

جناب والا آپ دیکھیں کہ آخر فارن ایکسچینج گیا کہاں؟ کسی صاحب نے کہا کہ بیرونی ممالک میں mission کھولی جا رہی ہیں اور وزرا اکثر دوسرے ملکوں میں آتے جاتے رہتے ہیں۔ میں عرض کرونگا کہ آپ ذرا اس وقت کے فنانشل بجٹ کو اٹھا کر دیکھئے جب فضل الرحمان کا زمانہ تھا تو آپ دیکھینگے کہ اس زمانے میں کتنا فارن ایکسچینج اور کس کس طریقے سے ضائع کیا گیا۔ مجھے اس زمانے کا ایک واقعہ بار بار یاد آتا ہے کہ جب میں مال روڈ پر کچھ خریدنے کے لئے گیا تو میں نے ایک دکان پر سینکڑوں leather لکڑی کے بنے ہوئے دیکھے۔ میں نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ وہ ولایتی تھے۔ میں نے کہا کہ یہ تو ایک ایسی چیز ہے جو یہاں بھی بن سکتی ہے یہ خاص طور پر ولایت سے کیوں منگوائے گئے ہیں؟ تو مجھے بتایا گیا کہ ان کے لئے بھی امپورٹ لائیسنس دیا گیا تھا اس لئے یہ آ گئے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ جتنا فارن ایکسچینج تھا وہ ایک مشہور و معروف کامرس منسٹر نے جو کہ مسلم لیگ کا اپنا کامرس منسٹر تھا ایسی چیزوں پر ضائع کر دیا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اب ہمارے پاس دوائیوں کے لئے بھی فارن ایکسچینج موجود نہیں ہے۔ اور آج یہ کہا جاتا ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے اور جتنی خرابیاں ہو رہی ہیں سب ریپبلکن گورنمنٹ کی وجہ سے ہیں۔

کسی اور صاحب نے کہا کہ کنٹرولز کو اڑا دینا چاہئے کیونکہ منسٹر کنٹرولز اس لئے عاید کرتے ہیں کہ اپنے دوستوں کو روپیہ کمانے کا موقع دیں۔ میں جب سنٹرل منسٹری میں تھا تو میں نے وہ کنٹرولز جو آپ نے عاید کئے تھے۔ اٹھا دئے میں نے ایک طور سے انڈسٹری کو اور تاجروں کو ایک موقع دیا ان سے کہا کہ باوجودیکہ کہا جاتا ہے کہ کنٹرولز ہٹا دینے سے قیمتیں کم نہیں ہونگی آپ لوگ گورنمنٹ کے ساتھ تعاون کریں اور غریب پاکستانی مسلمانوں کے ساتھ تعاون کریں اور ان کو نہ لوٹیں۔ آپ منافع لیں اور فائدہ اٹھائیں مگر ایک حد تک۔ لیکن جناب والا مصیبت یہ ہے کہ ہمارے ہاں جو تاجر پیدا ہوئے ہیں اور جن لوگوں نے تجارت سنبھالی ہے وہ یہ چاہتے ہیں کہ راتوں رات لکھ پتی بن جائیں۔ ایک زمانہ تھا کہ لوگ پشت در پشت تجارت کرتے تھے۔ تو کہیں جا کر لکھ پتی بنتے تھے۔ مگر آجکل یہ حالت ہے کہ جو آدمی آج کام شروع کرتا ہے وہ چاہتا ہے کہ اگلی صبح ہونے سے پہلے پہلے لکھ پتی ہو جائے۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے سپرد حکومت اس وقت ہوئی جب اس کا صرف پنجر باقی رہ گیا تھا اور اس کی جان نکالی جا چکی تھی۔ اس سے پہلے یہ ہوتا رہا کہ ملک میں مسلم لیگ کے سوا کوئی اور پارٹی نہ بنانے دی گئی کیونکہ مسلم لیگ کو قائد اعظم نے بنایا تھا لیکن اس مسلم لیگ نے تو ستم کی انتہا کر دی۔ انہی لوگوں نے یہ پرمٹ بازی شروع کی۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے corruption کی بنیاد رکھی اور ایسی بنیاد رکھی کہ آج اوپر سے نیچے تک کوئی شخص نہیں ہے جو corruption میں مبتلا نہ ہو میں پوچھتا ہوں یہ سب کچھ شروع کس نے کیا؟ اب یہ چیزیں ہم پر ٹھونسی جا رہی ہیں۔

جناب والا۔ میاں ممتاز دولتانہ یہ کہتے ہیں کہ چونکہ وزیر اعظم نے کہا تھا کہ میں ہندوستان سے نہیں لڑونگا اس لئے میں انہیں وزیر اعظم کہتے ہوئے شرم

محسوس کرتا ہوں- میں کہتا ہوں آپ تو لڑنے کے لئے تیار ہیں؟ آپ تو لڑیں گے؟ آپ نے پانی کا وہ agreement کیا جس کی وجہ سے لوگ اب مصیبت میں گرفتار ہیں- میں پوچھتا ہوں کیا یہی لڑائی کے طریقے ہیں؟ آپ لڑنے والی جنس ہیں؟ اگر آپ لڑنے والے ہوتے تو کشمیر کیوں جاتا؟ اگر آپ لڑنے والے ہوتے تو ceasefire کو کیوں مان لیتے؟ آپ ان چیزوں کو مت چھیڑئے- اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے- مگر یہ جو ایک چیز ہے یہ میں مانتا ہوں کہ قیمتیں بہت بڑھ گئی ہیں اور غریب عوام کا گزارہ مشکل ہو گیا ہے- اسلئے اس معاملے میں ہم اپنا ہاتھ بڑھاتے ہیں- ہم آپکے ساتھ تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں- یہ آپ کا ملک ہے- ہمارا ملک ہے- سب کا ملک ہے- اگر یہ ملک ختم ہو گیا تو آپ کہاں ہونگے؟ میں کہاں ہونگا؟ اور کوئی اور کہاں ہوگا؟ اس کے علاوہ ذاتیات پر حملے کرنا کوئی اچھی بات نہیں- کیونکہ اس وقت ہمارے ملک کے تقریباً ہر طبقے کے لوگ یہ سمجھ چکے ہیں کہ ان پر نازل ہونے والی بلائیں کن کی لائی ہوئی ہیں اور ان کی وجوہات کیا ہیں-

چونکہ اس تحریک التوا کے سلسلے میں ہمیں آپ سے اتفاق تھا اس لئے ہم نے اسے منظور کرنے کا فیصلہ کیا- یہ فیصلہ ہم نے محض اس غرض سے کیا کہ اس معزز ایوان کو حقیقت حال سے آگاہ کریں- آپ کے سامنے عوام کی تکالیف کی اصل وجوہات بیان کریں اور اگر ان کے متعلق کوئی قابل عمل تجاویز پیش کی جائیں تو ان پر عمل کریں-

آخر یہ رشوت ستانی اور اسی قسم کی دوسری چیزیں آئی کہاں سے ہیں- یہ سب آپ کی پیدا کی ہوئی ہیں جن کا خمیازہ آج بیچارے عوام بھگت رہے ہیں- میں نے حال ہی میں ان کے متعلق اپنے وزیر اعظم سے بھی بات کی ہے- ان کا خیال ہے کہ عنقریب جب ہم کراچی میں اکٹھے ہونگے تو اس معاملے پر غور کرنے کے لئے تمام پارٹیوں کی ایک سب کمیٹی بنائی جائیگی جس کے سامنے رشوت ستانی اور دیگر ایسی چیزوں کو ختم کرنے کی غرض سے قانون بنانے کیلئے میری یہ تجویز رکھی جائیگی- غرضیکہ ہم تو تیار ہیں چاہتے ہیں کہ اس قسم کا قانون جلد از جلد بنایا جائے- ہم تو مانتے ہیں کنٹرول عائد کیا جائے- ہم تو کنٹرول کرنا چاہتے ہیں- مگر مرکزی حکومت والے کہتے ہیں کہ اگر کنٹرول پھر عائد کیا گیا- تو قیمتیں اور چڑھ جائینگی-

دراصل ہم نے کنٹرول اٹھا کر تجارت پیشہ لوگوں کو موقع دیا تھا کہ وہ چیزوں کی قیمتیں کم کرینگے اور محض پیسے بنانے کو ہی اپنا شعار بنا لینگے- ہم یہ نہ جانتے تھے-

کنٹرول ہٹانے سے پہلے عام خیال یہ تھا کہ گرانی کنٹرول کی وجہ سے ہے مگر جب کنٹرول ہٹایا گیا تو نتیجہ ظاہر ہے- ان حالات کے پیش نظر میں مرکزی حکومت کو یہ بات منوانے کی پوری کوشش کرونگا کہ وہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر دوبارہ کنٹرول عائد کرے- گزشتہ حالات اور تجربہ کی بنا پر میں یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم تو ہر ایک چیز پر کنٹرول کرنا چاہتے ہیں- اور آہستہ آہستہ کر کے رکھا دینگے-

مسٹر سپیکر- پھر یہ کہا جاتا ہے کہ وزارت اپنی پارٹی کے ممبران کو بہت زیادہ روٹ پرمٹ دے رہی ہے- آپ روٹ پرمٹوں کی فہرست اٹھا کر دیکھیں تو آپ کو معلوم

ہوگا کہ ساری صوبہ پنجاب کے علاقے میں جتنی بسیں چل رہی ہیں ان میں سے سب سے زیادہ بسوں کے روٹ پرمٹ مسلم لیگ والوں کے پاس ہیں اور ریپبلکن پارٹی کے ممبروں کے پاس بہت کم ہیں۔

علاوہ ازیں آپ کے کالونی ملز والے ممبر کو جتنے درآمدی لائیسنس دئے گئے ہیں اتنے لائیسنس ہماری پارٹی کے سہگل صاحب کو بھی نہیں ملے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم ایماندار ہیں۔ (تالیاں اور قطع کلامیاں) آپ کو اس کا کبھی یقین نہ آئیگا۔ وجہ یہ ہے کہ آپ کو ایمانداری کی بات کبھی نظر نہیں آئی۔ (تالیاں) اب آپ کو اس بات کا یقین کیسے آئے کہ کوئی شخص اوپر بیٹھ کر بھی ایمانداری سے کام کر سکتا ہے۔ دراصل بات یہ ہے کہ آج تک آپ کو اپنی بے قاعدگی تو نظر ہی نہیں آئی۔ دوسروں پر آپ خواہ مخواہ کیچڑ اچھالنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ میرے نزدیک کیچڑ اچھالنے کی یہ رسم کوئی اچھی چیز نہیں۔

The motion was carried.

CLAUSE 9.

Mr. Speaker : The question is :

"That clause (a) stand part of the bill".

On count of the House, the motion was carried.

Mr. G. M. Syed : Sir, the time is over.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : The time allotted finishes at 1-25 p. m.

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, we have already sat from 8 a. m. to 1 p. m. After all, it is a long time. Then we are meeting in the afternoon. They have arrived at a certain agreement that they will carry on uptil 1 p. m.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : With whom ? I have not arrived at an agreement with anybody Why does he tell lies in the House ?

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, I take objection to this. He should withdraw the word "lies".

Mr. Abdus Sattar Pirzada : He is speaking an untruth.

Rana Gul Muhammad Noon : I don't tell lies like the Law Minister himself.

Mr. Speaker : The only request that I can make is that the word "lies" should neither be used from this side nor from that side of the House.

Rana Gul Muhammad Noon : Any unparliamentary word, which I have said in the House, I will withdraw after the Law Minister has withdrawn the word "lies" first.

Mr. Speaker : If you had waited for a second, he (the Law Minister) would have withdrawn it. I think these two words should be withdrawn by both the Members.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : I withdraw.

Rana Gul Muhammad Noon : I withdraw.

CLAUSE 10.

Mr. Speaker : The question is—

"That clause 10 stand part of the Bill".

On count of the House, the motion was carried.

CLAUSE 11.

Mr. Speaker : The question is—

"That clause 11 stand part of the Bill".

The motion was carried.

NEW CLAUSES.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to ask for leave to move—

That after clause 11, the following new clauses 11-A and 11-B be added :—

"11-A. (1) In sub-section (3) of Section 70 of the Principal Act, after the words "Extra Assstiant Commissioner' and before the word "or" the words "or Assistant Collector or Deputy Collector" shall be inserted.

(2) In sub-sectjon (4) of Section 70 of the Principal Act, after the words 'Civil Judge" and before the word "of" the words "or Subordinate Judge" shall be inserted.

11-B. In Section 74 of the Principal Act, after the words "District Magistrates" and before the word "and" the comma and words "District Local Boards" shall be inserted."

The motion was carried.

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, may I know how long we are going to sit ?

Mr. Speaker : Upto 1.25 p. m.

Khan Sardar Bahadur Khan : With no session in the afternoon?

Mr. Speaker : We are meeting at 5 p. m. again.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move—

That the new clauses 11-A and 11-B be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That the new clauses 11-A and 11-B stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 12.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 12 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 13.

Mr. Abdus Settar Pirzada : Sir, I beg to move—

That in sub-clause (1) of clause 13—

(i) in paragraph (d) the word "and" occurring at the end, be deleted ;

(ii) in paragraph (e) for the full-stop occurring at the end, a semi-colon and the word "and" be substituted ; and

(iii) after paragraph (e) so amended, the following be addea —

"(f) The Village Panchnyat (West Pakistan Extension and Amendment) Ordinance, 1958."

Sir, I have got another amendment also, which is consequential to the acceptance of the above. Sir, I beg to move—

That sub-clause (b) of clause 13, be deleted and sub-clauses (c), (d) and (e) be read as (b), (c) and (d) respectively.

Mr. Speaker : The question is :—

That in sub-clause (1)of clause 13—

(i) in paragraph (d) the word "and", occurring at the end, be deleted ;

(ii) in paragraph (e) for the full-stop occurring at the end, a semi-colon and the word "and" be substituted ; and

(iii) after paragraph (e) so amended, the following be added—

"(f)" The Village Panchayat (West Pakistan Extension and Amendment) Ordinance, 1958.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (b) of clause 13 be deleted and sub-clauses (c), (d) and (e) be renumbered as (b), (c) and (d) respectively

The motion was carried

Mian Manzoer-i-Hassan : (District Gujranwala) Sir, I beg to move—

That the following new part (f) be added at the end of sub-clause (i) of clause 13 —

"(f) The Punjab Village Punchayat Act, 1922."

جناب والا- ہماری حزب حکومت ہر کام جلد بازی سے کرتی ہے اور بغیر سوچے سمجھے کوشش کرتی ہے کہ کوئی نہ کوئی بل لے آئے تاکہ اسکی زندگی کو جو خطرہ ہر بار پیش آتا ہے وہ ٹل جائے- اس سورہ قانون میں بھی ایسی ہی غلطیاں کی گئی ہیں- پنجاب میں ۱۹۳۹ع سے پہلے بھی ایک پنچایت ایکٹ ۱۹۲۲ع سے موجود تھا- لیکن اسے منسوخ نہیں کیا گیا- اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہاں دو ایکٹ ہو جائینگے-

یہ ترمیم اسی غرض سے کی گئی ہے کہ اس غلطی کا ازالہ کر دیا جائے-

Mr. Speaker : The question is—

That the following new part (f) be added at the end of sub-clause (i) of clause 13 ;—

" (f) The Punjab Village Punchayat Act, 1922."

The motion was lost

Mr. Speaker : The motion moved is—

"That clause 13 as amended stand part of the Bill."

The motion was carried.

PREAMBLE.

Mr. Speaker : The question is

"That the preamble be the preamble of the Bill."

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

"That the Short Title be the Short Title of the Bill."

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Minister for Law) : Sir, I beg to move.

"That the Village Punchayat (West Pakistan Extension and Amendment) Bill, as amended, be passed."

Mr. Speaker : The question is—

"That the Village Punchayat (West Pakistan Extension and Amendment Bill, 1958 be passed."

میاں منظور حسن- (ضلع گجرانوالہ)- جناب والا- میں ایوان کی رو تین اہم امور کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں- یہ حکومت ۱۹۳۹ع کے پرانے پنچایت ایکٹ کو توسیع دے کر سارے صوبہ مغربی پاکستان پر مسلط کر رہنا چاہتی ہے- اس سے پیشتر کہ اس پرانے قانون کو جو زمانہ آزادی سے بھی قبل انگریزی گورنمنٹ نے اپنی خواہشات کے مطابق حکومت کے فائدے کے لئے وضع کیا تھا- سارے صوبے میں نافذ کر دیا جائے- چاہیئے یہ تھا کہ اس پر غور کیا جاتا- اس کے حسن و قبح کو پرکھا جاتا اور اسکی برائیوں کو دور کیا جاتا اور جو اچھی چیزیں اس میں شامل کی جا سکتی تھیں وہ شامل کی جاتیں- لیکن اس امر کی طرف توجہ دینا شاید یہ حکومت اپنے فرائض میں شامل نہیں سمجھتی- بلکہ محض لائیسنس اور پرمٹ وغیرہ کی تقسیم کو اس نے اپنے فرائض منصبی بنا لیا ہے- اگر یہ چاہتے تو یہ لوگ سبھا جس کے یہ عاشق ہیں اس کے گرام پنچایت ایکٹ کو دیکھتے کہ انہوں نے اس کی رو سے کس طرح ہر پنچایت کو اس کے دیہات کا پانچ فیصدی مالیہ عطا کر دیا ہے- اس طرح ہر پنچایت کو ایک بنیادی فنڈ حاصل ہو گیا ہے- جس کے ذریعہ وہ اپنی بہتری کا کام کر سکتی ہے- علاوہ ازیں یہ بھی دیکھتے کہ ۱۹۳۹ع کا ایکٹ جو تھا وہ صوبہ پنجاب میں کامیاب تھا یا ناکام تھا- ہم جانتے ہیں کہ وہ ناکارہ اور ناکام رہا تھا- اس میں ڈپٹی کمشنر کو پورے اختیارات تھے- اس میں حق رائے دہندگی کا کوئی ذکر نہیں تھا- اس وقت اگر یہ چاہتے تو ان چیزوں کے متعلق بھی فیصلہ کر سکتے تھے- لیکن ان باتوں کی طرف توجہ دینے

کی ان کو ضرورت ہی نہیں ہے- ان کو تو یہ دیکھنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کس طرح کسی پنچایت کو نیست و نابود کر سکتا ہے اور جب چاہے اسے کس طرح ختم کر سکتا ہے-

اس کے علاوہ جناب والا انہوں نے پنچائتوں کے فرائض کو کم سے کم کرنے اور اپنے اختیارات کو توسیع دینے کی کوشش کی ہے- مثلاً سابقہ پنچایت ایکٹ کی رو سے ڈپٹی کمشنر کو اختیار تھا کہ وہ پنچایت سے اسکے اختیارات واپس لے لے- اسکے علاوہ کسی کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ حکومت کو مجبور کر سکے کہ ہمارے ہاں پنچایت بنائے- یہ اس کی نظر کرم پر منحصر ہوگا-

اسکے علاوہ جناب والا یہ عرض کرونگا کہ پنجاب ایکٹ اس زمانے میں بنا تھا جبکہ یہاں مذہبی مناقشات تھے- اس لئے مذہبی معاملات کو ہر لوکل ادارے سے باہر رکھا گیا تھا اور اسی لئے اس میں یہ لکھا گیا تھا کہ پنچایتیں کوئی مذہبی کام نہیں کرینگی- اب حالات مختلف ہیں اور حکومت کو چاہیئے تھا کہ وہ اس امر کا بندوبست کرتی کہ پنچایتوں کے ذریعے مذہبی امور مثلاً تعلیم وغیرہ سرانجام دئے جائیں- ہماری حکومت تو مکھی پر مکھی مارنا جانتی ہے- اور اپنی عقل استعمال نہیں کرتی-

جناب والا- اس بل کے ذریعہ پنچایتوں کو کوئی فرائض نہیں دئے جا رہے بلکہ وہ اختیارات جو ان کو فوجداری مقدمات کے بارے میں دئے گئے تھے ان کی بھی وضاحت نہیں کیگئی- حقیقت یہ ہے کہ یہ بل اس قابل نہیں ہے کہ اسکے ذریعہ سارے صوبہ مغربی پاکستان پر وہ مصیبت نازل کی جائے جو اب تک صرف پنجاب پر تھی- کیونکہ وہ پنچایت ایکٹ جو پنجاب میں تھا نہ صرف ناکافی ہے بلکہ ناکارہ ثابت ہوا ہے- اور اس کو توسیع دینے کا مقصد صرف یہ معلوم ہوتا کہ اس ناکارہ اور ناکامیاب قانون کو سارے مغربی پاکستان کے لوگوں کے سروں پر مسلط کر دیا جائے- اس سے تو یہ بہتر تھا کہ آپ سندھ کے پنچایت ایکٹ کو جو کہ یہاں کے پنچایت ایکٹ سے بہتر ہے سارے مغربی پاکستان میں نافذ کر دیتے-

مسٹر عبدالستار پیرزادہ- سندھ ایکٹ کوئی نہیں ہے-

میاں منظور حسین- اس میں پنچایتوں کے سرپنچوں کے فرائض اور اختیارات واضح طور پر دئے گئے تھے- لیکن ہماری پنچایتوں کے متعلق اس بل میں کچھ نہیں کہا گیا کہ ان کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنروں اور ضلع کے دیگر حکام کے اختیارات کیا ہونگے- یہاں تو سارے اختیارات حکومت کو ہی سونپ دئے گئے ہیں جو کسی طرح بھی جائز اور موزوں نہیں-

ان الفاظ کے ساتھ میں اس معزز ایوان سے درخواست کرونگا کہ وہ از راہ کرم اس بل کو نامنظور کر دے اور حکومت کو ہدایت کرے کہ وہ ایک پنچایت بل وضع کرنے پر ایسے صاحب ہوش لوگ متعین کرے جو تمام موجودہ پنچایت ایکٹوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک اصلاحی اور مفید قسم کا پنچایت بل وضع کر کے اس ایوان کے سامنے پیش کریں- اگر میری تجویز پر عمل کیا جائے اور دو تین عقلمند اور سمجھدار قسم کے

آدمی اس کام پر متعین کئے جائیں تو وہ یقیناً بہت جلد ایک واضح- مکمل اور مبسوط قسم کا بل اس ایوان کے سامنے پیش کر سکینگے- لیکن جن لوگوں کے سر تو ہیں مگر ان میں دماغ نہیں- آنکھیں ہیں مگر بینائی نہیں- جسم ہیں مگر ہوش و حواس نہیں ان سے کیا توقع کی جا سکتی ہے-

ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی منظوری کی مخالفت کرتا ہوں-

Mian Muhammad Shafi (Montgomery district) : Sir I want to draw your attent.on to a very serious provision of this bill. Under Section 86 (c) of the Act which is going to be applied, the funds of a Panchayat cannot be used on any religious institutions. For instance, Sir. if there is an institution in a village which wants to impart instructions in Quran, not a single pie can be given to that institution out of the Panchayat fund. I think this is a serious lacuna in view of the changed complexion of our population in the rural areas.

It may have been a good provision when we had mixed population of Hindus, Sikhs and Muslims, but now that we have predominantly Muslim complexion of population in the province, I believe that it is very unfair to place such a bar against the funds being utilised for imparting religious instructions.

Sir, suppose there is a Mosque in a village and no other funds are available for its repairs. Under the existing provision, not a single pie can be utilised towards the repairs of the Mosque or for any other religious institution. I think the House will take note of this lacuna in the Act and try to remedy it.

قاضی مرید احمد- (ضلع سرگودھا)- صدر محترم- میں خود ایک دیہاتی ہوں- لہذا میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک پنچایتوں کا تعلق ہے وہ دیہات کے باشندوں کے لئے نہایت ضروری ہیں- لیکن پنچایت ایکٹ بنا لینے سے گاؤں کے باشندوں کی مشکلات ختم نہیں ہو سکتیں تاوقتیکہ پنچایتوں کے چلانے والے ایسے افراد نہ ہوں جو صحیح معنوں میں عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہوں-

صدر محترم- موجودہ حالات کے پیش نظر مجھے عربی کا ایک مقولہ یاد آیا ہے-

الناس علے دین ملوکہم-

یعنی عوام الناس اپنے حاکموں کے دین پر چلتے ہیں- لہذا پنچایتوں کے سرپنچ بھی اپنی وزارت کے اشاروں پر چلینگے- جس پارٹی کی وزارت ہوگی اسی پارٹی کے حواریوں کو ہر قسم کے حقوق اور مراعات حاصل ہونگے- برسراقتدار پارٹی صرف اپنی پارٹی کے لوگوں کو ہی حقدار سمجھتی ہے اور اس کے علاوہ کسی کو درخور اعتنا نہیں سمجھا جاتا- وہ نہیں چاہتی کہ اس کے علاوہ کوئی اور اس ملک کے وسائل سے مستفید ہو سکے- اور جائز طور پر اپنے آپ کو ان کا حقدار تصور کر سکے- مقصد یہ ہے کہ حکومت کی نگرانی میں اب جو پنچایتیں بنیگی وہ محض اس لئے بنائی جائینگی کہ گاؤں کے لوگوں کو اس امر پر مجبور کیا جائے کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں حکومت

کا ساتھ رہیں- چنانچہ اس قانون کی رو سے حکومت نے اپنے ہاتھ میں یہ طاقت اور اختیار مخصوص کر لیا ہے کہ وہ جس گاؤں میں مناسب سمجھے گی- پنچایتیں بنائیگی- حالانکہ چاہیئے تو یہ تھا کہ اس قانون کا اطلاق صوبہ بھر کے مواضعات پر یکساں طور سے ہوتا تاکہ اُن سب کو اس کے اصلاحی پہلوؤں سے مستفیر ہونے کا موقع ملتا اور یہ پنچایت سسٹم صحیح معنوں میں ملک کی خدمت کر سکتا- لہزا میں سمجھتا ہوں کہ پنچایت ایکٹ جو اس وقت صرف سابقہ صوبہ پنجاب کے علاقوں میں نافذالعمل ہے سارے صوبہ مغربی پاکستان پر لاگو نہ کیا جائے کیونکہ یہ مصیبت پنجابیوں کے لئے ہی کافی ہے-

Mr. Speaker : The question is--

"that the Punjab Village Punchayat (West Pakistan Extension and Amendment) Bill, 1958 be passed."

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House stand adjourned to meet again at 5-00 P. M. today.

(*The Assembly then adjourned till 5-00 p. m.*)

The Assembly re-assembled at 5-00 P. M. Mr. Speaker, (Chudri Fazal Elaht) in the Chair.

THE WEST PAKISTAN LOCAL AUTHORITIES ELECTION COMMISSION BILL, 1958.

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood: (Minister of Social Welfare): Sir I beg to introduce the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958.

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood: Sir, I beg to move:

"that the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958, be taken into consideration at once."

Mr. Speaker: The Motion moved is:

"that the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958, be taken into consideration at once."

Mian Muhammad Shafi: (Montgomery District): Sir, I beg to move:

"that the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958 be circulated for eliciting public Opinion before the 1st January, 1959."

Sir, this is a Bill, which is pregnant with grave and sinister susceptibilities to keep at bay elections to the local bodies. Local bodies are the cornerstone in the device of democratic functioning in a country. I would, first of all, like Syed Hassan Mahmood to understand as to what are the basic principles upon which our country exists.

Sir, our country is a democratic country to the very core. Not an inch of territory is included in Pakistan, which has not expressed its opinion in favour of acceding to Pakistan. So therefore, the basis of our country is entirely democratic and I would say that there is no other country in the world, the basis of which is more democratic than Pakistan. I need not go into the historical past, but this is a good point upon which I hope and believe that hon'ble Syed Hassan Mahmood is convinced and requires no argument. But, Sir, you act in complete defiance to the very conception of Pakistan—whether you do it out of sheer necessity or otherwise—when you delay the democratic processes. By that you also deal an axe at the very root of Pakistan. This is one point upon which I want to emphasise.

The second point that I want to lay stress upon is this that these local bodies, as you will bear with me, are the first ground for our people to learn the art of democracy. It is there where we start understanding the socio-economic problems of our people and we try to come to arrangements in respect of them. But Sir, it is a great tragedy and it is a great pity that the Republican party, the roots of which were laid only some two years back, suddenly has decided to put into cold storage the functioning of the local bodies. They have come forward with this Bill that they intend to set-up a Commission, which shall have the overall responsibility for conducting elections to the local bodies. They have specifically provided that till such time as the Commission has presented its report, no elections to any local authority shall be held until the system of elections to local authorities has been reformed in the light of recommendations of Commission and orders of Government passed thereon.

Now, Sir, in the first instance they have to appoint a Commission, a Chairman and certain members. They have been given a vast number of subjects, upon which they have to investigate; it may take them another six months, a year or more to make exhaustive enquiries into about 8 to 19 items, that have been entrusted to them. After they have compiled their report, they shall present the report, presumably within three months to the Government. The Government will then take action in the light of recommendations of this Commission. No one can say what steps Mr. Hassan Mahmood will be able to take and what procedure shall be followed in respect of the working of the Commission. According to the present Bill, there is absolutely no intention as to when the Commission will be constituted, as to when the Commission will be able to finalise its work and present its report and when the Government will pass orders in the light of the recommendations made by the Commission This is a very serious thing. This is not the great democratic process, which we all hope and expect to be followed in our country.

Sir, there is yet another obnoxious provision in this Bill. I want particularly to draw the attention of the Minister fo Local Government to clause 6 of this Bill, wherein they want to bring in special interests in the various Local bodies. Sir, ours is a democratic country. We have got no process to give representation to

special interests. Our Constitution lays down that all people living in Pakistan have got equal reghts and equal status; there is no such provision in the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. We are not living in that time when the Government for the purposes of their supremacy and sovereignty created classes and divisions. I do hope that this is not the intention of the present Government to foster special interest and foist them upon the people of this country. The only criterion we must follow particularly in the domain of local authorities is the section of talent, skilled workers both men and women irrespective of caste, creed and status. We should try to infuse and inculcate unity and the feeling of oneness in the exercise of franchise for electing representatives to the local bodies, so that the organizations may prosper. I do not think this is the intention of the Minister or his colleagues to find ways and means to have a back-door for providing a ground for special interests; we have given a decent burial to the classes and creeds when we fought for Pakistan. It was in 1935 Constitution that special interest was represented in various institutions. According to that Constitution representatives of landlords or universities or labour were given representation. I think, Sir, their intention is to get a stick in their hands for use at the time of elections. The Chief Minister has been declaring from the house-top that he wants to give the country a free and fare elections. He should at least do what he says. He should not change his attitude time after time. This Bill will not add to our progress, but I believe that it will tend to retrograde us.

Mr. Speaker. The motion moved is,

"That the West Pakistan Local Authorities Bill 1958 be circulated for eliciting public opinion by the 1st of January, 1959.

چودھری محمد الطاف حسین- (ضلع جہلم)- جناب والا- جب یہ ملک مدعہ شہود پر آیا تو اس وقت بھی یہاں قزلباش کی حکومت تھی- اور بدقسمتی سے آج بھی ان ہی کی حکومت ہے- مگر آپ جانتے ہیں کہ عوام نے ان کو اس وقت کس طرح شکست دی اور اب بھی انشاءاللہ عوام انکو اسی طرح شکست دینگے- یہ بل جیسا کہ آپکو معلوم ہے رجعت پسندانہ ذہنیت کا مظہر ہے اور قزلباش وزارت سے ہمیں یہی توقع تھی کہ وہ اس قسم کا بہیمانہ بل پیش کریگی جس سے جمہوریت کو کچلا جا سکے- مگر ہمارے بیدار عوام ان کے بہیمانہ حربوں کو کامیاب نہیں ہونے دینگے-

مسٹر سپیکر- آپ کی آواز صاف نہیں ہے- کسی کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا کہ آپ کہہ کیا رہے ہیں- آپ آہستہ آہستہ بولیں تاکہ سمجھ آ سکے-

چودھری محمد الطاف حسین- مسٹر سپیکر- میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ بل اس حقیقت کی نشان دہی کرتا ہے کہ ریپبلکن وزارت اپنے پٹھوں کو لوکل باڈیز پر مسلط کر کے آنے والے الیکشنوں میں کامیابی کا راستہ ہموار کر رہی ہے- اس بل کی دفعات کو اچھی طرح پڑھنے سے آپ پر یہ بات واضح ہو جائیگی کہ اس بل کو اتنا غیر یقینی بنایا گیا ہے کہ غیر معینہ مدت تک حکومت لوکل باڈیز کو بغیر الیکشن کے چلا سکیگی اور اپنے نامزد کردہ پٹھوؤں کے ذریعے لوکل باڈیز پر بغیر الیکشن کرائے حکومت کر سکے گی-

جمہوریت کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ آپ عوام کو ایک معین مدت کے بعد اپنا

verdict دینے کا حق دیں اور اگر رائے دہی میں کسی قسم کی مداخلت نہ ہو اور عوام کو اپنا فیصلہ کرنے میں ہر قسم کی آزادی دی گئی ہو تو اس طرح جمہوریت ترقی کرتی ہے- جمہوریت کی یہ روح ہوتی ہے یہ بنیادی ضرورت ہے کہ عوام کے نمائندے عوام کے verdict از سر نو حاصل کریں اور اس verdict کی مخصوص مدت کے بعد تجدید ہوتی رہے اور اگر یہ غیر جانبدارانہ اور آزادانہ ہو تو جمہوریت کی روح برقرار رہتی ہے یہ اصول دنیا میں جمہوریت کا اولین اور بنیادی اصول ہے- مگر ہمارے عوام سے یہ حق چھین لیا گیا ہے- اور یہ رجعت پسندانہ اقدام یقیناً انتہائی خوفناک نتائج کا حامل ہوگا- مگر مسٹر سپیکر- مسٹر قزلباش سے شرافت اور مسٹر حسن محمود سے جمہوریت کی توقع کرنا ایسے ہی ہے جیسے پیرزادہ صاحب سے سیاسی استقلال کی امید رکھنا-

مسٹر سپیکر- یونٹ بنے تقریباً تین سال کا عرصہ ہونے کو آتا ہے اس دوران میں مخدوم زادہ صاحب لوکل باڈیز کے انچارج رہے ہیں اور لطف یہ ہے کہ اس سارے عرصہ میں ڈسٹرکٹ بورڈ کا پرانا قانون نافذ چلا آتا ہے- اس کے تحت ہی لائلپور میں جہاں مل مزدوران نے ووٹ جبراً حاصل ہونے کی امید تھی- انہوں نے الیکشن بھی کرائے- مگر باقی جگہوں پر چونکہ کامیابی کی امید نہ تھی- اس لئے انہوں نے ریگر ڈسٹرکٹ بورڈوں کے الیکشن نہیں کرائے- مروجہ قوانین کے تحت اس سے پہلے اگر نچھہ لوکل باڈیز اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے الیکشن ہوتے رہے ہیں تو میں نہیں جانتا کہ آج ان قوانین میں کونسی قباحتیں امڈ پڑی ہیں کہ آج ان قوانین کی بجائے یکسر نئے قواعد اور قانون کی ضرورت آ پڑی ہے اگر نئے قواعد اور قانون واقعی لازم ہیں تو الیکشن بھی کرا لیجئے تاکہ جمہوری طریقہ بحال رہے- اس کے ساتھ ساتھ کمیشن اپنا کام کرتا رہے اور اس کی رپورٹ پر قانون میں تبدیلی کر لی جائے- آپ کو یاد ہوگا کہ ایک قانون ایوان میں لایا گیا اس میں ایک ترمیم ڈاکٹر خان صاحب کے زمانہ میں کمیٹیز کے بارے میں اس قسم کی منظور کی گئی کہ کمیٹی ٹوٹنے کے چھ ماہ کے اندر اندر الیکشن دوبارہ کرانے لازمی قرار دئے گئے- اس ایوان نے وہ بل منظور کر لیا مگر اسکے بعد اس پر آج تک عمل نہ ہوا- کمیٹیاں ایک کے بعد دوسری ٹوٹتی رہیں اور توڑی جا رہی ہیں اور مسٹر حسن محمود کے پٹھوؤں کو وہاں نامزد کیا جا رہا ہے- اب چونکہ ان کو مزید اختیار کی ضرورت آ پڑی ہے تو آج نئے قسم کا قانون اس ایوان میں introduce کیا جا رہا ہے مگر جو انتخابات جیتنے کے یہ حیلے ہیں ان میں تو واضح شکست آپ کے مقدر میں آ چکی ہے- مسٹر سپیکر حقیقت یہ ہے کہ اس ملک میں آزادی کے بعد مسلم لیگی قیادت سے ایک بنیادی غلطی ہوئی کہ انقلاب کے بعد انقلاب کے مخالفوں کو crash نہیں کیا گیا- یہاں انقلاب کے بعد انقلاب کے دشمن چوہوں کی طرح بلوں میں چھپ گئے اور جونہی تحریک پاکستان کے مجاہدین حصول منزل کے بعد کچھ ستانے لگے- کچھ ملی شیرازہ بندی کمزور ہوئی تو تحریک پاکستان کے مخالف یہ پرانے حرم فروش یہ طاعون کے چوہے پھر بلوں سے نکل آئے اور قوم اور ملت کو پھر plage کرنا شروع کر دیا- ہم نے تاریخ سے سبق نہ لیا- غداروں کو تختہ دار پر لٹکانے کی بجائے انہیں اپنی صفوں میں گھس آنے دیا- مسٹر سپیکر آج اسی تاریخی غلطی کا ہم خمیازہ بھگت رہے ہیں-

مگر جیسا کہ علامہ اقبال نے فرمایا-

آگ ہے اولاد ابراہیم ہے نمرود ہے

کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے-

آج جمہوری روایات اور قدروں کو دبانے کی پھر کوششیں کی جا رہی ہیں مگر یہ اوچھے حربے ستر قزلباش پہلے بھی آزما چکے ہیں- یقیناً اب بھی ان کا حشر وہی ہوگا- قوم نے انکی فراری کو معاف کیا- انہوں نے توبہ نہیں کی- مگر اب کہ قوم کا انتقام یقیناً سخت ہوگا اور ان کا انجام عبرتناک-

Syed Shamim Husain Qadri (Lahore District): In some of the reasons given for appointment of the Commission, as they appear in the Statement of Objects and Reasons of the Bill, are pretty good. But a good thing can be given a different interpretation. To my mind, the Commission and the election are two different things.

صدر محترم- میں اپنے معزز دوست کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بل جس کے مقاصد بعض حالات میں اچھے ہیں کے پیش کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائے تاکہ وہ دیکھے کہ لوکل باڈیز کو موجودہ حالات سے بہتر بنانے اور بہتر طور پر چلانے کے لئے کون سا طریقہ اختیار کیا جائے- لیکن میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ اس قسم کے تقرر اور اسکے ورکنگ کے دوران میں الیکشن کو کیوں بند کر دیا گیا ہے- آخر کمیشن بنا کرتے ہیں- کمیشن کی رپورٹ آیا کرتی ہے اور اس طرح بہت سا وقت ان چیزوں میں لگ جایا کرتا ہے- لوکل باڈیز میں جو جمہوری طریقہ رائج ہے اس کے تحت الیکشن کی میعاد عام طور پر تین سال ہوتی ہے- میں آپ کی وساطت سے پنجاب یونیورسٹی کمیشن کے متعلق عرض کرتا ہوں- وہ کمیشن قریباً تین سال تک اس امر پر غور کرتا رہا کہ اس قسم کے قوانین بنائے جائیں کہ پنجاب یونیورسٹی کو آئندہ کس طریقہ سے چلایا جائے- حضور والا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج پنجاب یونیورسٹی Amendment Act پاس کئے ہوئے چار سال کا عرصہ گزر گیا ہے لیکن پنجاب یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے الیکشن آج تک نہیں ہوئے- تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کمیشن کا Result بھی وہی ہوگا- نتیجہ بالکل وہی ہوگا نیت نیک ہو- ہو سکتا ہے کہ نیک ہو لیکن اگر نیت نیک ہے- مان لیتا ہوں کہ نیت نیک ہے لیکن وہ دشواریاں جو ان کے راستہ میں آئینگی ان کا علاج نہ ان کے پاس ہے اور نہ آئندہ آنے والی نسلوں کے پاس ہے- کیا کہا جا سکتا ہے کہ آئندہ ملک میں جو الیکشن ہونے والے ہے وہ کیا حالات پیدا کرینگے- جو کمیشن اسوقت مقرر کیا گیا ہے- وہ ممکن ہے انکو پسند نہ ہو اور اس میں تبدیلی کرنا چاہیں چھ مہینہ اس کمیشن کے تقرر میں لگ جائینگے اور آئندہ کوئی حکومت آئی تو وہ کہیگی کہ نیا کمیشن مقرر کیا جائے- میں نے جیسے کہ ابھی آپکے سامنے ایک مثال پیش کی ہے- پنجاب یونیورسٹی کمیشن کا ادارہ ایک قومی ادارہ ہے جس میں الیکشن ہوا کرتے تھے اور وہ بخوبی چلا کرتی تھی- لیکن ایک وزیر باتدبیر جو ہمارے اوپر یہاں نازل ہوئے- وہ وزیر تعلیم بھی رہے انہوں نے تعلیم کے سلسلہ میں ایک ایسا کام کیا کہ چار سال اس بل کو پاس ہوئے ہو گئے ہیں لیکن ابھی تک کسی یونیورسٹی کے ادارہ کے الیکشن نہیں ہوئے- اس وقت وہ یہ کہتے تھے کہ ابھی راتوں رات یہ بیٹھ کر یہ بل پاس کر دو- تعلیم کا ستیاناس ہو گیا ہے میں نے انگلستان کا دورہ کیا ہے میں نے ولایت کا دورہ کیا ہے- دیکھو میں آپ کو ایک ایسا قانون دینے والا ہوں کہ آپ کی آئندہ پشتیں ہمیں یاد کرینگی- جناب والا- اس وزیر محترم کی نیت پر کسی کو شبہ نہیں لیکن تین چار مہینوں کے بعد وہ ایسے غائب ہوئے کہ وہ اب اس ملک میں نہیں ہیں میں یہ بات آپ کی وساطت سے حسن محمود صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ ایسا کمیشن بنائے بڑے شوق سے بنائے لیکن جب ایک

طریقہ الیکشن کا موجود ہے تو اسے کیوں نہ چلایا جائے- اس پر کیوں نہ عملدرآمد کیا جائے-

جناب والا- اس ملک میں کمیشن بڑی تیزی کے ساتھہ کام کرتے ہیں- اب میں آپ کی توجہ ایک اور کمیشن کی طرف مبذول کرتا ہوں وہ ہے سیلاب کمیشن اسے مقرر کئے ہوئے نیل سال ہو گئے- اس کمیشن نے کیا کیا- کچھہ بھی نہیں آج تک اس کمیشن کی مشکل سے دو تین میٹنگز ہوئی ہونگی- اخبارات میں جب سیلاب آ جاتا ہے اور وہ سب کچھہ بہا کر لے جاتا ہے تو یہ خبر آ جاتی ہے کہ سیلاب کمیشن کا ایک بہت اہم جلسہ ہوا- جس میں صورت حال پر غور و خوض کیا گیا- یہ اس وقت ہوتا ہے جس وقت سیلاب آ جاتا ہے اور وہ سب کچھہ بہا کر لے جاتا ہے تو اس وقت سیلاب کمیشن کا ایک جلسہ ہو جاتا ہے اور ہمیں تسلی دی جاتی ہے کہ آرام کیجئے آپ کے سامنے بہت جلد ایک جامع سکیم آئیگی جس پر عملدرآمد کے بعد سیلاب پر قابو پا لیا جائیگا- تو میری گزارش ہے کہ وہ اپنی نیک نیتی کا اظہار اس طرح کریں کہ اس بل میں سے وہ چیز حذف کر دیں جس سے وہ ان لوکل باڈیز کے الیکشن روکتے ہیں پھر میں یقیناً یہ سمجھونگا کہ انکی نیت قطعاً نیک ہے- یہ درست ہے کہ لوکل باڈیز کی مختلف قسمیں ہیں- کوئی سال ٹائون کمیٹی ہے کوئی ڈسٹرکٹ بورڈ ہے- تو یہ مختلف قسم کی ہوتی ہیں- جو کہ اس صوبہ میں کام کرتی ہیں- میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ باوجود ان کی ساری کوششوں کے باوجود اس کمیشن کی طرف سارا زور لگانے کے یہ ناممکن ہے کہ وہ دو تین سال سے پہلے اپنی رپورٹ پیش کر سکے- اگر وہ کمیشن مقرر کرنا چاہتے ہیں بڑے شوق سے ایسا کریں لیکن لوکل باڈیز کے الکشنز ضرور کروائیے- اس میں ان کا فائدہ ہے اور میں حضور والا کی توسط سے ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ کیا ہے- ہوا کا رخ معلوم کرنے کے لئے ایک آلہ مرغ باد نما ہوتا ہے- وہ جنرل الیکشنز کے لئے جا رہے ہیں- ان کو چاہئے کہ وہ پہلے لوکل باڈیز کے الیکشنز کرائیں اس سے ان کو معلوم ہو جائیگا کہ ہوا کا رخ کیا ہے- اگر ہوا کا رخ اچھا ہے تو انکے لئے سور مذہ ہے- یہ ایک بیرومیٹر ہے- جس سے انکو معلوم ہو جائیگا کہ کتنے سنٹی گریڈ کی جرت ہے- اور آیا اس سے ان کو نقصان تو نہیں پہنچے گا اس سے وہ یہ معلوم کر سکینگے کہ لوگوں کا کیا خیال ہے- اگر ہوا کا رخ ان کی طرف ہوا اور ان کے لوگ لوکل باڈیز میں آگئے تو وہ آئندہ جنرل الیکشنز میں ان کے سر و معاون ثابت ہونگے اور پھر یہ بھی کوئی نہیں کہہ سکیگا کہ حسن محمود نے نامزد کیٹی بنا دی- مزے کی بات یہ ہے کہ انہوں نے نامزد کن لوگوں کو کیا ہے- ان لوگوں کو جو کیٹی کی الیکشنز میں ہار چکے ہیں- میں ایسی سینکڑوں مثالیں پیش کر سکتا ہوں کہ جو لوگ ان کیٹیوں پر نامزد کئے گئے ہیں وہ اپنے اپنے شہروں میں چھوٹے چھوٹے دکانداروں مثلاً انڈے بیچنے والوں سے ہار چکے ہیں- میں کسی کا نام نہیں لینا چاہتا لیکن یہ بات میرے مشاہدہ میں آئی ہے کہ ان کیٹیوں پر ایسے لوگوں کو نامزد کیا گیا ہے جو الیکشنز میں ہار چکے ہیں- میں یہ نہیں کہتا کہ ریپبلکنز کو کیوں نامزد کیا گیا ہے وہ بیشک انکو نامزد کریں لیکن ریپبلکنز میں بھی تو با اثر لوگ موجود ہیں- ان میں سے ایسے لوگوں کو نہ لیجئے- جو پہلے لوکل باڈیز کی الیکشن ہار چکے ہوں- یہ اخلاقی طور پر بھی درست نہیں ہے- جناب والا میری یہ گزارش ہے کہ میری ان معروضات پر پارٹی انٹرسٹ سے غور نہ کیجئے بلکہ جو مفید باتیں میں نے عرض کی ہیں ان پر عمل کیجئے- میں نے انکی خدمت میں عرض کیا کہ کمیشن اور الیکشنز دو مختلف چیزیں ہیں ان کو ساتھہ ساتھہ چلنے دیجئے- یہ گاڑی کے دو پہیے ہیں ان دونوں کے ساتھہ گاڑی چلے گی- اگر ان دونوں میں سے کسی ایک کو روکا گیا تو گاڑی ٹکرا جائیگی اور اس میں جتنے بیٹھنے والے ہیں وہ سب حادثے کا شکار ہو جائینگے-

Sheikh Muhammad Saeed (District Jhang). Sir, I beg to move—

"that the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958 be referred to a Select Committee consisting of the following :

1. Mir Abdul Qayyum ;
2. Mian Abdul Latif ; and
3. Chaudhri Aziz Din.

جناب والا- جمہوریت کی تاریخ میں سب سے زیادہ سیاہ کار عمل جو اس وزارت کے نامہ اعمال میں لکھا جائیگا وہ اس بل کا نفاذ ہوگا- برطانیہ جو پارلیمنٹوں کی ماں کہلاتا ہے اور جہاں سینکڑوں سالوں میں پارلیمنٹری سسٹم کو ترویج دیا گیا اور ترقی دی گئی اس سے جو ورثہ ہمیں اس ملک میں حاصل ہوا جس کے ساتھ منسلک ہونے کا ہم ہمیشہ دعوی کیا کرتے ہیں آج ہم اس پر خط تنسیخ پھیرنے کی کوشش کر رہے ہیں- ہمارے ملک میں بنیادی طور پر لوکل باڈیز کے ادارے ایسے ہیں جہاں کہ عوام کی تربیت کا آغاز ہوتا ہے- ہمارے ملک میں عوام اگر جمہوری تربیت حاصل کرتے ہیں تو انہیں لوکل باڈیز میں کرتے ہیں لیکن ہمارے فطین اور ذہین وزیر لوکل باڈیز نے عوام سے یہ حق چھیننے کا ایک بہانہ تراشا ہے اور ایک ایسا طریقہ سوچا ہے کہ میرے خیال میں کیتکاولی اور دوسرے جتنے آمر ہوئے ہیں وہ اس پر عش عش کرتے ہونگے- جناب والا- ملاحظہ فرمائینگے کہ لوکل باڈیز کے الیکشنز اور ممالک میں ہوتے چلے آئے ہیں- اور سینکڑوں سال تک اس ملک میں بھی ہوتے چلے آئے ہیں اور ان میں رفتہ رفتہ وقت کے مطابق ترمیم و تنسیخ بھی ہوتی رہی ہے- اور اس میں کسی کو کوئی زیادہ شکایت پیدا نہیں ہوئی- اب حال ہی میں سب سے پہلے حکومت نے جمہوریت کا گلا اس طرح گھونٹا کہ لوکل باڈیز جو پہلے قانون کے مطابق جب تک دوسرے انتخابات نہ ہوں اس وقت تک عہدہ میں رہ سکتے- ان پر انہوں نے چھری چلائی- بات دراصل یہ تھی کہ جب انہوں نے یہ دیکھا کہ لوکل باڈیز پر مخالف پارٹی کے ارکان قابض ہیں اور ان پر ان کی رہنمائی اور رعونت چلنے کا کوئی امکان نہیں تو انہوں نے سب سے پہلے ان لوکل باڈیز کو ختم کرنے کے لئے ایک معیار مقرر کر دی یعنی کہ تین سال کے بعد ان کی میعاد ختم ہو جائیگی- ظاہرا طور پر یہ بڑی خوش نما بات تھی- کہ انہوں نے یہ فرمایا کہ یہ انتخابات تین سال کے لئے ہوئے تھے اور اس میعاد کے گزر جانے کے بعد ان لوگوں کا حق نہیں کہ وہ ان اداروں پر قابض رہ سکیں- لوگوں نے یہ سمجھا کہ یہ کتنے نیک دل وزیر ہیں اور یہ انتخابات جلد کرانا چاہتے ہیں- جب وہ قانون اس پارلیمنٹ میں پیش ہوا تھا تو یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ الیکشنز فوراً کرائے جائیں- اس وقت بڑے بڑے وعدے کئے گئے کہ تین سال گزرنے کے بعد انتخابات ہو جائینگے- انہوں نے شہروں کے اندر جا جا کر کہا کہ وہ چھ ماہ کے اندر ضرور انتخابات کرا دینگے- مگر عملی طور پر جب انہوں نے دیکھا کہ عوام ان سے بیزار ہو چکے ہیں- عوام ریپبلکن پارٹی سے متنفر ہو چکے ہیں- اور اگر انہوں نے انتخابات کرائے تو انہیں قطعاً کامیابی نہیں ہوگی- تو انہوں نے ایک طریقہ سوچا جس سے الیکشن کے امکانات ختم ہو جائیں- بظاہر یہ کام سخت گنوہ ہوتا- اس لئے انہوں نے اسے خوشنما طریقہ سے پیش کیا ہے- یہ کہنا محض دھوکا اور فریب ہے کہ انتخابات میں بڑی بڑی اصلاحات کی ضرورت ہے- عوام کے سامنے یہ ایسی ایسی باتیں کہتے ہیں- جن سے معلوم ہو کہ بڑے نیک نیت ہیں- لیکن جب ان پر عمل کا وقت آتا ہے یہ ایسی پلٹی کھاتے ہیں- ایسی الٹی زقند لگاتے ہیں کہ عوام بے چارے حیران اور ششدر رہ جاتے ہیں کہ انہوں نے کہا کیا تھا اور کیا کیا ہے-

ریپبلکن پارٹی نے ہر موقع پر ہر منزل پر- عوام کو دھوکا دیا ہے- ضرورت کے وقت جھوٹی قسمیں بھی اٹھا لیں- لیکن جب انہیں پورا کرنے کا وقت آیا تو اس طرح دم دبا کر بھاگے جیسے کبھی دھوکہ کیا ہی نہ تھا- اب انہوں نے الیکشن کمیشن کا ڈھونگ رچایا ہے- ۱۹۵۱ع سے آج تک اس سلسلہ میں منظم اور مربوط کوششیں ہو چکی ہیں- دو تین بل بھی اسمبلی میں inrtoduce ہو چکے ہیں- چنانچہ گھمن صاحب کی زیر صدارت ایک الیکشن کمیشن قریہ بہ قریہ اور شہر بہ شہر پھرتا بھی رہا- مگر اس الیکشن کمیشن کے کام کا آج تک کچھ پتہ نہیں چلا اور نہ اس سے کوئی فائدہ اٹھایا گیا ہے- اس بل کے ذریعہ یہ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں وہ نہایت رجعت پسندانہ فعل ہے- عوام کو جمہوریت سے محروم کرنے کی کوشش ہے- میں ان سے استدعا کرونگا کہ ایسا کالا بل ہرگز نافذ نہ کیا جائے- اگر عوام کو جمہوری طریق سے اپنی خواہشات کے اظہار کا موقع نہ دیا گیا تو وہ کوئی اور طریق استعمال کرینگے- اور پھر کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اس کا کیا نتیجہ برآمد ہوگا-

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958, be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Mir Abdul Qayyum ;

(2) Mian Abdul Latif, and

(3) Ch. Aziz Din.

Pir Elahi Bakhsh Ali Nawaz Khan (Dadu District): Sir, my submission is that my honourable friend the Minister Incharge of this Bill, when he first attended the meeting of this House after One Unit, he said that he was going to hold elections within the next six months. Then those six months passed away. We again met in this House and I told him that the elections were not held. He said that there were certain difficulties and he was sure that within the next month he was going to carry out the elections anyhow. We were very happy and we thought that we would be having elections very soon. But incidentally, we dispersed this year and we found that in our absence an Ordinance was issued for the appointment of a Commission to make recommendations to the Government for elections to the local bodies. This Ordinance gave certain powers to the Government. What were those powers? Those powers were (a) to postpone the elections to local authorities and to cancel the proceedings that have been held and (b) to extend term of office of such members whose term is about to expire. Sir, the Ordinance was mainly issued with a view to derive these powers. Sir, if he wanted to appoint a commission there was nothing to prohibit him and he could have very well appointed a commission without referring the matter to any body. If the Minister for Local Bodies had been honest and sincere he would have appointed the Commission and by this time he would have got the report of that Commission and he would have been in a position to proceed further. But he slept over the matter for about a year and a-half only to get up with this Ordinance for the appointment of a commission. May I ask the Minister why did he wait so long a time? Why this delay? The reason is that there are certain objections or certain petitions filed before the High Court. I will say that the promulgation of this Ordinance is more or less *ultra vires*, because this has taken away the

right of franchise by the people. Sir, even if this Bill is passed, I submit that will not be a right thing, because even then after the passage of this Bill he would take another six months to appoint the Commission and by that time the general elections will have been held in the country. Therefore, the suggestion of the Opposition is very moderate, very reasonable that the Government should proceed with the elections straightaway. He can appoint a commission later on. Obviously, the intention of the Government is to waste the time until the general elections are held so that their party men might be helped in their elections.

Mr. Shahnawaz Pirzada : (Nawab Shah District) : Mr. Speaker, Sir, I am a member of the opposition, but I do not agree with the views of the opposition in this matter. It is not correct to say that the commission has not been appointed so far because of the ensuing general elections and for awarding services. By way of gift, something is to be given by the ruling party to its friends. There is my friend, the embodiment of generosity, Kazi Fazlullah Sahib. He has appointed his friend Jatoi Sahib as President of the Local Board of Dadu. Now everybody knows that Jatoi Sahib will be re-elected as a member of the Assembly; he had just to give him a gift. If the cousin of Abdul Hamid Jatoi is appointed as President of the Municipality, where is the harm; it is a gift to a friend. If another friend of Kazi Sahib, Ghulam Mustafa Jatoi, is appointed President of the Local Board, Nawabshah, where is the harm. It is also a gift and a friend will be elected. Gifts are not to be given for purposes of remembrance, and I may tell you one thing that there is a misunderstanding about Makhdoom Sahib, Syed Hassan Mahmood. He is, of course, not a believer in democracy and no body believes in him-you had an exhibition of democracy in the morning. Makhdoom Sahib has very definitely told me that if any President of the Local Bodies caused interference in the elections, he will remove him ruthlessly. I believe he is going to fulfil this promise immediately. Therefore, we should trust him and if gifts are distributed, we should not grudge the Government this distribution of gifts. That is after all what they have got in their hands.

(*interruption*)

I never desire for anything for which I am not fit. Dr. Khan Sahib had once asked me whether I would like to be a Deputy Minister and I had said "no," because I did not consider myself fit for the job.

Now, Sir, I would say that for purposes of not creating an imitation of this Assembly in the Local Bodies, if these Local Bodies are superseded for five or ten years, there is no harm.

In the end, therefore, I would suggest, Sir, that we should allow them a long rope with which they may hang every body.

مخدوم زادہ سید حسن محمود- (وزیر بلدیات و معاشرتی بہبود)- جناب صاحب صدر- میں نے حزب اختلاف کے کچھ ممبروں کی تقریریں سنی ہیں- میں سمجھتا تھا کہ شاید وہ الیکشن کمیشن کے اس بل کے متعلق کچھ کہینگے- اس پر تبصرہ کرینگے اور میری معلومات میں اضافہ کرینگے اور کچھ ایسی چیزیں بتائینگے- جو اس بل میں سے رہ گئی ہوں- لیکن اس کے برعکس جتنی تقاریر کی گئیں وہ اس موضوع پر کی گئیں

کہ ریپبلکن پارٹی نے جو بل پیش کیا ہے اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ الیکشن ملتوی کئے جائیں اپنے لوگ لوکل باڈیز پر لگائے جائیں اور ان کے الیکشن جنرل الیکشنز کے بعد کرائے جائیں اس لئے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ بورڈز کی الیکشنز میں ہمیں شکست ہوگی اور جیت نہیں ہوگی- اور ساتھ ہی یہ کہا گیا ہے کہ وہ انقلاب آنے والا ہے کہ جس میں ہم بہ جائینگے- اور اگر ہم نے یہ غیر جمہوری حرکات جاری رکھیں تو اس انقلاب کی زد میں آ جائینگے- میں کہتا ہوں کہ اگر یہ بات ہے تو ان کو تو خوش ہونا چاہئے کیونکہ اگر ہم غیر جمہوری حرکات کر رہے ہیں اور انقلاب بھی ان کو نظر آ رہا ہے اور وہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ ہم نے جمہوریت کے خلاف قدم اٹھائے ہیں تو انقلاب کی زد میں ہم ضرور آئینگے اور پھر جیت ان کی ہوگی اور فائدہ ان کا ہوگا- لیکن انہوں نے یہ نہیں سوچا کہ ہم اس انقلاب کا ایک حصہ ہیں جو کہ اس وقت آ چکا ہے مسلم لیگ کے ان غیر جمہوری کاموں کے خلاف جو اس نے اپنے دس سال کے عہد حکومت میں کئے ہیں (شور) انقلاب آنا نہیں ہے- انقلاب آ چکا ہے اور ہم اسی انقلاب کا ایک حصہ ہیں- ہماری پارٹی سب سے پہلی اور اولین پارٹی ہے جس نے ملک کو جنرل الیکشنز سے ہم کنار کرنے کا مشورہ پیش کیا ہے- یہ صرف کہنے کی باتیں نہیں- لوگ جانتے ہیں کہ ایک وقت آیا کہ جب ان کے لیڈروں نے کہا کہ جداگانہ انتخابات اور مخلوط انتخابات کا مسئلہ ایسا مسئلہ ہے کہ الیکشن چاہے دس سال تک نہ ہوں لیکن اس کا فیصلہ پہلے ہونا چاہئے- اس وقت تو وہ کہتے تھے کہ دس سال تک الیکشنز نہ ہوں- کیوں؟ اس لئے کہ اس وقت عارضی طور پر وہ کراچی میں برسر اقتدار آ گئے تھے- جہاں تک ہمارے الیکشن جیتنے کا تعلق ہے اگر ہمیں ایسے خرشات ہوتے تو ہم لائلپور میں الیکشن نہ کراتے- لیکن وہاں کے الیکشن نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ریپبلکن پارٹی اسی قدر کامیاب ہوئی ہے (شور) کسی ایک حلقے کا ذکر کیجئے جہاں الیکشن F ir and free نہیں ہوئے- آپ یقین جانئے کہ ریپبلکن پارٹی کو پورا یقین اور اعتماد ہے اور آج میں یہ اس ایوان کے فرش پر کہہ دینا چاہتا ہوں کہ جب وہ الیکشن کے میدان میں اتریں گے تو ان کو اس وقت جو غلط فہمیاں اور غلط امیدیں ہیں یہ بالکل غلط ثابت ہونگی- اس لئے کہ ریپبلکن پارٹی کی تعداد کم از کم ۱۹۰ ہے اس ایوان میں اور نئی اسمبلی میں اس سے بھی زیادہ ہوگی اور ہم وعدہ کرتے ہیں کہ جو باتیں ہم پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکے ہماری گورنمنٹ دوبارہ یہاں آ کر ان کی تکمیل کریگی- (خوب خوب)-

جناب صدر- یہ تو تھے اپوزیشن کے وہم ان کے بہتان اور ان کے خرشات- ان کے علاوہ بعض تقاریر محض پبلک کو خوش کرنے کے لئے کی گئی ہیں- لیکن جناب اگر انہوں نے پبلک کو خوش رکھا ہوتا تو آج ہماری بجائے وہاں ان نشستوں پر ہوتے- انکے کارنامے تو یہ ہیں کہ انہوں نے ۲۳ سال تک گجرات کا الیکشن نہ کرایا- ۲۵ سال تک لائلپور کا الیکشن نہ کرایا اور ایسے سینکڑوں بورڈ اور میونسپلٹیاں ہیں جہاں انہوں نے بیس بیس سال تک الیکشن نہیں کرائے- لیکن جب ریپبلکن پارٹی برسراقتدار آئی تو پہلے اس نے ان غیر جمہوری اداروں کو دور کیا جو عوام کے سروں پر بیس بیس سال سے مسلط تھے-

میر غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی- پاکستان بنے تو دس گیارہ برس ہوئے ہیں آپ بیس برس کا ذکر کہاں سے لے آئے ہیں؟

مخدوم زادہ میر حسن محمود- دس گیارہ برس پاکستان بننے کے بعد اور باقی انگریز کے زمانے کی بابت ہے-

میر غلام مصطفے شاہ خالو گیلانی- اس وقت تو آپ کے چہروں پر بھی مسلم لیگ کا غازہ تھا-

محترم زادہ میر حسن محمود- ہم چاہتے ہیں کہ جہاں تک ہمارے نکتہ نظر کا تعلق ہے وہ بھی اس معزز ایوان کے سامنے آ جائے- اور وہ یہ ہے کہ وحدت مغربی پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد آٹھ یا نو قانون ایسے تھے جن کے ماتحت ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپلٹیوں کے الیکشن ہونا تھے- ان میں مخلوط اور جداگانہ طریق انتخاب کا مسئلہ تھا- عورتوں کے حقوق کا مسئلہ تھا- کہیں عورتوں کو حقوق دئے گئے تھے اور کہیں انہیں بالکل محروم کیا گیا تھا- کہیں اقلیتوں کو حقوق دئے گئے تھے اور کہیں وہ سرے سے غائب تھے- کسی جگہ ڈسٹرکٹ بورڈ کا حلقہ انتخاب پانچ ہزار- کسی جگہ دس ہزار اور کہیں صرف دو ہزار ووٹروں پر مشتمل تھا- غرضیکہ ان میں یگانگت اور یکسانیت نہ تھی- بعض جگہ ووٹروں کی فہرستیں ہی غلط تھیں- چنانچہ جب میں حیدر آباد گیا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہاں ووٹروں کی فہرستیں غلط ہیں مگر اس کے باوجود الیکشن کرا لئے جاتے ہیں- میرے نزدیک یہ بہت ہی غلط بات ہے- حال ہی میں جب میں دوبارہ حیدر آباد گیا تو مجھے مسلم لیگیوں کا بھی ایک وفد ملا- انہوں نے بھی ان غلط فہرستوں کی متعلق شکایت کی اور کہا کہ اگر الیکشن ان کی بنا پر ہوئے تو ہرگز منصفانہ نہ ہونگے- میں نے انکو بھی یقین دلایا اور ان کی تسلی کی کہ آئندہ جس جگہ بھی الیکشن ہونگے منصفانہ ہونگے-

پھر آپ کی بڑی بڑی میونسپلٹیاں ہیں- باوجود ان کی آبادی چھ چھ سات سات لاکھ ہے اور ان کے گرد و نواح میں کارخانے بھی ہیں مگر ان کے بجٹ خسارے کے بجٹ ہیں- اگر ہم ان کے ذرائع آمدنی کو متوازن کرنے کی غرض سے ان کی حدود میں توسیع کرتے ہیں تو اس کے مطابق وہاں کے لوگوں کو حقوق نمائندگی بھی ملنے ضروری ہیں- لیکن جہاں چند افراد کی اجارہ داری ہے وہ اسے پسند نہیں کرتے- وہ ٹیکس تو وصول کرنا چاہتے ہیں مگر حقوق نمائندگی دینے کے حق میں نہیں ہیں- ہم چاہتے ہیں کہ تمام میونسپلٹیوں کی حدود بڑھا دی جائیں تاکہ وہاں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو حقوق نمائندگی حاصل ہوں-

پھر ہائی کورٹ میں دعوے ہوئے ہیں کہ عورتوں کی نمائندگی کیسے ہونی چاہیئے- غرض یہ سب ایسے اہم مسائل ہیں جن کو خاطر خواہ طریق پر حل کئے بغیر اگر ہم الیکشن کرا بھی دیں تو آئندہ پانچ سال تک کوئی گنجائش نظر ہی نہیں آتی جس کی بنا پر حکومت مغربی پاکستان ان لوکل باڈیز میں یکسانیت پیدا کر سکے- اس صورت میں ایک جگہ ایک قانون کے مطابق الیکشن ہوتا اور دوسری جگہ اس کے عین الٹ قانون کے مطابق انتخاب عمل میں آتا- ان دشواریوں کے پیش نظر ہم ایک کمیشن کی تشکیل کا فوراً اعلان کر دینگے جسے تین ماہ کے اندر اندر اپنی رپورٹ پیش کرنے کیلئے کہا جائیگا- اس رپورٹ کے پیش ہونے کے بعد ہم عام انتخابات سے پہلے لوکل باڈیز کے الیکشن کرا دینگے تاکہ ہوا کا رخ معلوم ہو جائے ہمیں یقین ہے کہ لوکل باڈیز کے الیکشن کے نتائج کا انقلاب انکو آئندہ پانچ سال کیلئے برسر اقتدار نہ آنے دیگا- بہر حال ہماری کوشش یہی ہے کہ لوکل باڈیز کے انتخابات جتنی جلد ممکن ہو سکے کرا دئے جائیں-

Mr. Speaker : The question is :

"That the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958, be referred to a Select Committee consisting of the following—

1. Mir Abdul Qayum ;
2. Mian Abdul Latif ; and
3. Chaudhri Aziz Din".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

"That the West Pakistan Local Authorities Election Commission Bill, 1958, be taken into consideration at once."

The motion was carried.

CLAUSE 2

Sheikh Muhammad Saeed : (Jhang District) : Sir, I beg to move :

"That in sub-clause (1) of clause 2 after the word "Act" occurring at the end, a comma and the words "which must consist of High Court Judges" be added."

جناب والا- جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ ریپبلکن پارٹی کی مسلسل وعدہ خلافیوں کی وجہ سے اب یہ ضروری ہو گیا ہے کہ اسکے اعمال پر کڑی نظر رکھی جائے اور انکی بڑی سختی سے نگرانی کی جائے- عوام کا بھروسہ اور اعتبار تو ایک ہر دلعزیز وزارت کو حاصل ہو سکتا ہے اس قسم کی وزارت کو نہیں ہو سکتا- چونکہ اس وزارت کو عوام کا اعتبار حاصل نہیں اسلئے جو کمیشن وہ مقرر کریگی وہ بھی اپنا کام بطریق احسن نہ چلا سکے گا- بلکہ عوام کو پورا یقین ہے کہ آپ اپنے حواریوں اور منظور نظر لوگوں کو اس کمیشن کے نام سے لوگوں پر مسلط کر دینگے اور اس کمیشن کے ذریعے آپ ایسی ایسی غلط کارروائیاں کرینگے جن سے اس صوبے میں صحیح جمہوریت تباہ و برباد ہو جائیگی- یہ کمیشن قابل اعتبار ارکان پر مشتمل ہونا چاہیئے- اس پر عوام کو کلی طور پر بھروسہ ہونا چاہیئے- سرکاری حکام اور بالخصوص ایسے افسران جو وزارت کے منظور نظر ہوں مگر عوام کا اعتبار کھو چکے ہوں موجودہ حالات میں ایسے کمیشن کے ممبران کی حیثیت سے چنران مفید ثابت نہیں ہو سکتے- لہذا اس کمیشن کے ممبران ایسے لوگ ہونے چاہئیں جو باوجود سرکاری ملازم ہونے کے عوام کا اعتبار رکھتے ہوں- تاکہ انکی موجودگی سے عوام آپکی آمریت اور آپ کی دھاندلی سے بچ سکیں- یہ حضرات عدلیہ سے ہی ہو سکتے ہیں- چونکہ عدلیہ کو آج بھی عوام کا پورا پورا اعتبار حاصل ہے اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ یہ کمیشن ہائی کورٹ کے ججوں پر مشتمل ہونا چاہیئے- تاکہ ان اداروں کے انتخابات آپ کی جمہوریت کش دھاندلی سے بچ سکیں- اور یہ کمیشن انصاف پر مبنی ایسے طریقے متعین کر دے جو فی الواقع عوام کے لئے منصفانہ اور جائز طریق انتخاب کی ضمانت ہو سکیں-

جناب والا- گزشتہ تین سال میں ریپبلکن پارٹی نے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ وہ ہر ممکن طریقے سے دھاندلی اور بداعمالی پر بھروسہ رکھتی ہے- اور جمہوری روایات کا گلا گھونٹنے کے لئے ہر وقت تیار ہے- آج تک انہوں نے پرمٹوں اور لائیسنسوں کی

بھرمار- کمیٹیوں کی رکنیت اور چیر مینوں کی نامزدگی کے ذریعے جمہوریت کا گلا گھونٹنے کی بڑی کامیاب کوشش کی ہے- جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اس کمیشن کی تشکیل کے پس پشت بھی ان کے نیک ارادے کار فرما ہیں- مقصد یہ ہے کہ وہاں بھی ایسے قوانین نافذ کئے جائیں جو اس ہاؤس میں قانون سازی کی راہ میں حائل ہونے والے قوانین کے ہم پلہ ہوں-

جناب والا- آپ نے دیکھا ہے کہ ہاؤس میں قانون سازی کن طریقوں سے کی جا رہی ہے- ایم- پی- اے صاحبان کو سال کے ۳۶۵ دنوں میں سے صرف پندرہ بیس دن یہاں بیٹھ کر کام کرنے کا اتفاق ہوتا ہے- جب بھی اسمبلی کا اجلاس بلایا جاتا ہے تو ہمارے وزرا صاحبان کے دماغ پریشان ہو جاتے ہیں- ان کی طبائع میں عجیب قسم کا ہیجان برپا ہو جاتا ہے- جس کی بنا پر وہ اس ایوان سے فرار ہونے کی کوشش کرنا چاہتے ہیں-

(At this stage Mr. Deputy Speaker occupied the chair).

اور اسمبلی کے اجلاس سے بھاگنے کی کوشش کرتے ہیں- وہ مرمریں کوٹھیوں اور مخملی گدیوں سے چند دنوں کے لئے بھی جدا نہیں ہو سکتے- جن عوام کی بدولت ان کو حکومت ملی ہے ان کے لئے اپنی مصروفیات میں سے تھوڑا سا وقت بھی نہیں نکال سکتے- جب اجلاس کی تاریخ مقرر ہوتی ہے یا اجلاس شروع ہوئے ایک دو تین دن ہی گزرتے ہیں تو وہ بھاگنے کے انتظامات کرتے ہیں تاکہ بحث میں نہ پڑیں-

ان حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ ایسا کمیشن مقرر کیا جانا لازمی ہے جو ہائی کورٹ کے ججوں پر مشتمل ہو-

Mr. Deputy Speaker: Clause under consideration, the amendment moved is.—

> That in sub-clause (1) of clause 2 after the word "Act', occurring at the end a comma and the words "which must consist of High Court Judges" be added.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Law Minister) : Sir, I oppose this amendment not on the ground that I object to having High Court Judges but because it has been found that it is very difficult to get High Court Judges for all sorts of jobs. They have got their own work. It has been found very difficult to get Judges of the High Court even for important jobs. The suggestion of the honourable member is impracticable. On this ground I oppose the amendment.

Mr. Deputy Speaker: The question is:—

> that in sub-clause (1) of clause (2) after the word "Act" occurring at the end a comma and the words "which must consist of High Court Judges" be added.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker: The question is—

> "that clause 2 stand part of the bill".

The motion was carried.

CLAUSE 3.

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot District) : Sir, I beg to move—

"That in clause 3 for the words "as soon as may be" appearing in the beginning, the words "within one month be substituted".

Mr. Deputy Speaker: Clause under consideration, the amendment moved is—

"that in clause 3 for the words "as soon as may be" appearing in the beginning, the words "within one month" be substituted."

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Law Minister): Sir, I accept the amendment.

Mr. Deputy Speaker: The question is—

"That in clause 3 for the words "as soon as may be" appearing in the beginning the words "within one month" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"that clause 3, as amended, stand part of the bill".

The motion was carried.

CLAUSE 4.

(*At this stage Mr. Speaker resumed the Chair*).

Mr. G. Allana (Municipal Corporation of Karachi): Sir, I beg to move—

"that in sub-clause (1) of clause 4 for the words "such number of "appearing in line 2 the words "two" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

"that in sub-clause (1) of clause 4 for the words "such number of" appearing in line 2, the word "two" be substituted".

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Law Minister): Sir, I accept this amendment.

Mr. Speaker: The question is—

"that in sub-clause (1) of clause 4 for the words "such number of" appearing in line 2, the word "two" be substituted.

The motion was carried.

Mr. G. Allana: I have got a minor amendment about deletion of the comma occurring after 'Chairman' in line 1.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, this can be done without moving his amendment.

Mr. Speaker: I will now put the clause.

The question is—

"that clause 4, as amended, stand part of the bill".

The motion was carried.

CLAUSE 5.

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot District): Sir, I beg to move.

"that in clause 5, for the words 'such period as may be fixed by Government' appearing in lines 1 and 2, the words 'three months' be substituted".

Mr. Speaker: Clause under consideration, the amendment moved is.—

RAPID DETERIORATION OF HEALTH OF MR. K. L. KHURSHID

Mr. Speaker: Mian Muhammad Shafi has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a matter of great public importance, namely, rapid deterioration in the health of Mr. K. L. Khurshid, one time Secretary to the Quaid-i-Azam-being detained in the Central Jail, Rawalpindi, where he is being treated as an ordinary communal detenus. I think he is being treated under the ordinary jail rules.

Mian Muhammad Shafi : Mr. Speaker has sought to project the Government by saying that he is being treated according to the jail rules. I want to tell the House as to what those rules are. Mr. Khurshid is being treated as a 'C' Class detenue. Will you kindly consult the Jail Manual, which will show to you that a 'C' class detenu is entitled to Rs. 1-8-0 per day for his diet, for his fuel, etc. Sir, I say that within the rules, how is it possible for a man of the status and position of Mr. Khurshid to live. You spend more on your dogs.

Mr. Speaker: The adjournment motion is based on the fact that he is not being treated well in jail. The member has got a letter from him in his own hand. Can he substantiate that fact ?

Mr. G. Allana : Sir, I rise on a point of order. We are now considering the admissibility of the adjournment motion and you have asked the mover to prove that he is being ill-treated. At this stage we cannot go into the merit of the case. If the motion is admitted, then the case will have to be established. Now it is for the Government to say that this is not so.

Mr. Speaker: If there is a *prima facie* case, I will certainly ask the Government to explain.

Mr. G. Allana : It is entirely wrong to ask the mover of the motion that he should establish his case before it is admitted to be discussed.

Mr. Speaker: If he cannot substantiate the fact that the detenue is being ill-treated, then the whole basis of the adjournment motion falls to the ground.

Mr. G. Allana : Don't be a dictator ? Keep the rules of procedure in view.

Mr. Speaker: My view is in accordance with the rules of procedure as well as common sense.

Mr. G. Allana : I beg to differ.

Mr. Speaker: This is a matter of opinion.

میاں محمد شفیع— حضور والا میری تحریک التوا .....

مسٹر سپیکر— خط میں کوئی بات ہے تو بتائیے ۔

میاں محمد شفیع— اگر آپ اپنے دونوں کانوں سے میری عرضداشت کو سنیں تو میں عرض کروں گا کہ ایک آدمی جو مسٹر کے۔ ایچ ۔ خورشید کی پوزیشن کا ہے ۔ بیرسٹر ہے ۔ قائد اعظم کا پرائیویٹ سیکرٹری رہ چکا ہے ۔ ایک اخبار کا ایڈیٹر ہے اسکو یہ

حکومت ایک روپیہ آٹھ آنے یومیہ پر زندہ رکھنے کے لئے مصر ہے۔ اس دور میں جبکہ مہنگائی اتنی شدید ہو چکی ہے ایک روپیہ آٹھ آنے میں گذارہ کیسے ہو سکتا ہے

مسٹر سپیکر۔ ان کے خط میں سے کوئی بات بتائیے

میاں ممتاز محمد خان دولتانہ۔ ہو سکتا ہے کہ خط کسی اور سلسلے میں آیا ہو۔

Mr. Speaker: He has received a letter which says that the health of Chaudhry Ghulam Abbas is deteriorating.

Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana: Sir, can you carry on with this living wage of Rs. 1-8-0 per day? I am sure your health will deteriorate considerably. Now, the Government says that his health is not deteriorating.

Mr. Speaker: Tell me if there is anything then I should ask the Government to explain.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (MINISTER OF LAW): There s nothing about the deterioration of his health in this letter.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon**: Who said that this letter is the basis of the adjournment motion?

میاں محمد شفیع۔ پیرزادہ صاحب مجھے معاف فرمائیں اگر میں انکی خدمت میں یہ درخواست کروں کہ از راہ کرم وہ میری معروضات تو سن لیں۔ ایک شخص جو خاص قسم کی زندگی بسر کرنے کا عادی ہو۔ ہائی کورٹ کا بیرسٹر ہو اور جس کی تین چار ہزار روپے ماہوار آمدنی ہو۔ اسے ایک روپیہ آٹھ آنے یومیہ گذارے کے لئے دینا کہاں کا انصاف ہے۔ آپ سوچیں اور اس پر غور فرمائیں کہ اس روپے کا اس پر کیا اثر ہوگا۔ آپ کو چاہیئے کہ اس قسم کے آدمی کو آپ ایسی خوراک دیں اور ایسے حالات میں رکھیں جو اس کے ذہن اور دل و دماغ پر بری طرح اثر انداز نہ ہوں۔

جناب والا۔میں ان سے پوچھتا ہوں کیا آپ نے خان عبدالغفار خان کو نظر بند کیا تھا اور کیا آپ نے ان کی نظر بندی کے دوران ان پر بیس تیس روپے روزانہ کے حساب سے خرچ نہیں کیا تھا آپ کو انکا کتنا احترام تھا۔ ان لیڈروں کے متعلق بھی اگرچہ آپ زبان سے احترام کا اظہار تو کرتے ہیں مگر عملی طور پر آپ کچھ نہیں کرتے۔ اگر وزیراعلیٰ صاحب قول کے سچے ہیں اور عوام کے جذبات کا احترام کرتے ہیں تو انہیں چاہیئے کہ وہ ان عظیم‌الشان ہستیوں کو عوام کے مطالبات کے پیش نظر سختیاں

جھیلنے پر مجبور نہ کریں ۔ بلکہ وہ جس عظیم الشان مقصد کے لئے لڑ رہے ہیں اس کا لحاظ رکھتے ہوئے انہیں انسان سمجھیں اور ان کے ساتھ انسانوں کا سا سلوک روا رکھیں ۔

حضور والا۔میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر کوئی اخلاقی قیدی ہو جس نے قتل کیا ہو اور اسے عدالت نے سزا سنا دی ہو تو اسے بجا طور پر ایک روپیہ آٹھ آنے روزانہ ملنے چاہئیں ۔ مگر جو لوگ اچھی زندگی بسر کرنے کے عادی ہوں اور ایک بلند مقصد کے لئے لڑ رہے ہوں اور اخلاقی قیدی بھی نہ ہوں تو انہیں اے ۔ کلاس کی مراعات حاصل ہونی چاہئیں ۔ میں آپ کی ضمیر سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ خود سے سوال پوچھیں کہ چوہدری غلام عباس ۔ مسٹر کے ۔ ایم ۔ خورشید اور کے۔ایم۔سالک جیسی ہستیاں جن کے متعلق ہمارے وزیر اعظم اور وزیر اعلے صاحب قابل تعریف الفاظ میں اظہار خیال کر چکے ہوں اس قابل ہیں کہ ان کو اس مہنگائی کے دور میں ایک روپیہ آٹھ آنے یومیہ پر گذارہ کرنے کے لئے مجبور کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The member says that he has not been given 'A' class in jail. It is clearly given in that letter that he has been provided 'A' class in jail.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, after the receipt of the notice of adjournment motion in regard to the health of Mr. Khurshid, we have called for the information from the jail authorities. We have got the letter wherein it is stated that Mr. Khurshid has been provided 'A' class category in the jail. So far as the health of Mr. Khurshid is concerned, here is the report. The information given by Mian Shafi is wrong. The Deputy Superintendent, Jail, has informed that his health is all right. He has, however, stated that he will give more authentic information after consulting the Medical Officer in the Jail. After consulting the Medical Officer, the Deputy Superintendent of Jail has informed that Mr. Khurshid is fit. He only suffered from dysentry for four days and later on he recovered completely There is nothing wrong with the health of Mr. Khurshid. The Deputy Superintendent, Jail, has instructed the Jail staff to take extra care of the health of Mr. Khurshid and now Mian Shafi says that his health is deteriorating.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: Sir, there are two points which I want to bring to your notice. Firstly, this letter is not the basis of the adjournment motion. Secondly, the Law Minister has said that Government will give him a better class. We are not concerned with what the Government will do in future. We are concerned with the past actions of the Goverment. Therefore, in my opinion the adjournment motion of Mian Muhammad Shafi is perfectly in order and should be admitted.

Mr. Speaker: The adjournment motion is out of order, because he has not mentioned the deterioration of health in the letter. He has made some complaint about the class in which he is lodged. The Government is prepared to give him a better class. Therefore, now there is nothing to discuss. It is ruled out of order.

DEATH OF FOUR PERSONS DUE TO SUPPLY OF ADULTERATED ATTA

Mr. Speaker : Mian Muhammad Shafi has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance namely the death of four persons in Wassanpura area due to adulterated atta being issued from the ration depots.

Will the member please let me know when did the deaths take place ?

Mian Muhammad Shafi: The deaths took place on Friday, the 15th of August, 1958.

Mr. Speaker: This obviously seems to be a valid ground for admitting this motion.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: (MINISTER OF LAW AND FINANCE): Sir, we dispute that how does he know that the deaths happened on that day due to adulterated atta ?

Mian Muhammad Shafi: Sir, the deaths have occurred on account of adulterated ata; that is the main reason. The *post-mortem* report about the dead persons revealed that American atta, which is being issued from the Government depots was the direct result of the loss of valuable lives of four Pakistanis.

Mr. Speaker: The motion is in order and I think Government should let it be discussed.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, we have no objection, but the difficulty is that we have no information. We cannot get the necessary information today.

Mr. G. Allana: Sir, I rise on a point of order. You have just now admitted the adjournment motion moved by Mian Muhammad Shafi. The rules of procedure say that the business of the House is to be interrupted, which means that the adjournment motion, which has been admitted by you just now, should be discussed today. By no stretch of the imagination it can be discussed tomorrow.

Mr. Speaker : There is no objection on the part of the Government about its admissibility. It will be discussed today and the Goverment will get the necessary information today. Some one can be deputed to do so.

Now, let us proceed with the legislative business.

THE PUNJAB AND NORTH-WEST FRONTIER PROVINCE MUNICIPAL AND DISTRICT BOARDS LAWS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1958.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain: Sir, I rise on a point of order. The Government have included in the agenda two Bills, whose subject matter is *sub judice*. We cannot, therefore, proceed with them. The provisions contained in the relevant Ordinances have been challenged in the High Court and the matter has not yet been decided.

Mr. Speaker: Does the honourable member know that the Acts which are declared *ultra vires* by the Courts can be made *intra vires* by legislation ?

Khan Sardar Bahadur Khan: Sir, I am not quite clear on this particular point. The High Court might hold that the intentions of the Goverment in bringing the Ordinance are not honest. In that case it would not be possible for this House to proceed with this Bill because this Ordinance has been attacked in High Court on two grounds firstly that it is *ultra vires* of the powers of issuing Ordinances and secondly, that it was not a *bona fide* act of Government to promulgate this Ordinance. Before you give your ruling, I would request you, Sir, to have the advice of the Advocate-General on this point. I, therefore, suggest that he should be called here.

Mr. Speaker: The Legislature can pass any Bill or Act. The Court can declare it *ultra vires*.

Khan Sardar Bahadur Khan : They may say it is not a *bona fide* legislation. This Ordinance has been attacked in the High Court and the judgement has not yet been pronounced.

Mr. Speaker : If this is considered *mala fide* by the court then it will be *mala fide* otherwise not.

Khan Sardar Bahadur Khan: Then, Sir, we may be guilty of the contempt of Court.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon :** Why not hear the Advocate-General on this point ? (*Interruptions*).

Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana : Sir, I believe one of the points raised is that such legislation would be *ultra vires* of the Constitution and that point has not yet been decided. I think we should wait till a decision has been given by the Court that legislation of this nature, if passed, would be *intra vires* of the Constitution. We must be sure whether we have the power to pass such a measure or not. I think it is proper for us to wait till the Court of a judicature has decided that if we pass such a legislation it would be *intra vires*.

Mr. Speaker: We cannot presume that it is bound to be rejected by the Court ? Yes, Mian Manzoor-i-Hassan.

Mian Manzoor-i-Hassan (DISTRICT GUJRANWALA) : Sir, I beg to move :

That in clause 2 after the word "person" appearing at the beginning of line 3 the words "belonging to Provincial Civil Service or higher cadre" be added.

جناب والا—یہ کلاز بظاہر تو نہایت ہی بے ضرر معلوم ہوتی ہے لیکن درحقیقت اس سے زیادہ خطرناک اور جمہوریت کو کچلنے والی اور کوئی چیز ہمارے سامنے نہیں آئی ۔ اس کلاز کے ذریعہ سے حکومت یہ چاہتی ہے کہ پور دروازوں سے داخل ہو کر جمہوریت کو ختم کردیا جائے اور اپنے ڈھڑے کے آدمی ۔ اپنے حواری ۔ بھانجے اور بھتیجے کمیٹیوں پر مسلط کر دئے جائیں تاکہ وقت آنے پر وہ ان کو امداد دے سکیں اور ان کی معاونت کر سکیں ۔ جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ یہ کلاز نہ صرف جمہوری اصولوں کے منافی ہے بلکہ یہ آپکی کانسٹی ٹیوشن کے بھی منافی ہے ۔ کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۳ میں لکھا ہے

Wherein the State should exercise its powers and authority through the chosen representatives of the people.

The State includes the Federal Government, Parliament, the Provincial Governments, the Provincial Legislatures, and all local or other authorities in Pakistan.

تو میں عرض کرونگا کہ یہ چیز نہ صرف مسلمہ جمہوری اصولوں کے خلاف ہے بلکہ یہ آپ کے دستور کے بھی منافی ہے ۔ کیونکہ اگر آپ انتخاب کا اصول چھوڑ کر نامزدگی کی پرانی روایات

کو دوبارہ نافذ کریں گے تو اس سے آپکا دستور کالعدم ہو جائے گا اور یہ قوم کو دھوکا دینے کے مترادف ہوگا ۔ آپ یہ چاہتے ہیں کہ چور دروازوں سے داخل ہو کر اقتدار قائم رکھا جائے اور جمہوری اصولوں کو بالکل ختم کردیا جائے ۔ اس صوبہ میں جب مسلم لیگ کی حکومت تھی تو ۱۹۵۰ میں Act XII of 1950 پاس کیا گیا تھا جس کی رو سے یہ قرار پایا تھا کہ آئندہ کوئی نامزدگی نہیں ہوگی ۔ اس قانون کی رو سے ان کے حلف نامے منسوخ کردئے گئے تھے ۔

پھر جناب والا ۱۹۵۷ کے قانون Act VIII of 1957 کی رو سے یہ قرار پایا تھا کہ جب کسی لوکل باڈی کی میعاد ختم ہوجائے تو ۶ ماہ کے اندر اندر الیکشن کروائے جائیں ۔ لیکن نہایت افسوس کا مقام ہے کہ ہماری حکومت الیکشن کے نام سے اس قدر خائف ہے کہ کئی لوکل باڈیز کی میعاد برسوں سے ختم ہوچکی ہے ۔ لیکن ہماری حکومت نے غیر جمہوری طریقوں سے اپنے دھڑے کے آدمی ان لوکل باڈیز پر مقرر کر دئیے ہیں اور محض اپنا ذاتی اقتدار قائم رکھنے کے لئے جمہوری اصولوں اور سابقہ قوانین کو بالائے طاق رکھ دیا ہے ۔

اس کے علاوہ ہائی کورٹ نے ۱۹۵۶—۱۹۵۷ اور ۱۹۵۸ میں جو فیصلے دئے ہیں یہ چیز ان کے ان فیصلوں کے بھی سراسر منافی ہے ۔ ۱۹۵۸ میں ہائی کورٹ نے حکم دیا تھا کہ ایک ماہ کے اندر اندر انتخاب کرائے جائیں ۔ لیکن جناب والا یہاں نہ کوئی عدل ہے نہ کوئی انصاف ہے ۔ اپنی ضرورت کے مطابق اپنی مرضی سے جس طرح چاہتے ہیں قانون بنالیتے ہیں

(At this stage Mr. Speaker left the Chair and it was occupied by Begum Jahan Ara Shah Nawaz).

اس ترمیم سے میرا مقصد یہ ہے کہ جب تک انتخابات نہ ہوں ان غیر ذمہدار لوگوں کی بجائے یہ اختیارات دو تین افسران کے حوالے کردیں اور یہ ملازم اس وقت تک لوکل باڈیز کا کام چلاتے رہیں جب تک کہ انتخابات نہیں کرائے جاتے ۔ حکومت ایسے لوگوں کو نامزد کرنا چاہتی ہے جو عوام کے نمائندے ہرگز نہیں ہونگے اور نہ وہ خود اپنی نمائندگی کرینگے ۔ البتہ وہ ان چند لوگوں کے نمائندے ہوتے ہیں جنہوں نے ان کو

نامزد کیا ہوتا ہے ۔ حکومت آرڈیننس کے ذریعے سے دو تین جگہ ایسے لوگ نامزد کر چکی ہے ۔ گوجرانوالہ میں چار آدمی ایسے نامزد کئے گئے ہیں جو انپڑھ ہیں ۔ چار آدمی ایسے ہیں جو پچھلے انتخابات میں شکست کھا چکے ہیں اور باقی آٹھ آدمی ایک ہی خاندان کے افراد ہیں ۔ کوئی چچا ہے کوئی بھتیجا ۔ کوئی ماموں ہے اور دیگر قریبی رشتہ دار ہیں ۔ اگر اس خاندان کا کوئی اور فرد ہوتا تو وہ بھی نامزد کر دیا جاتا ۔ میری یہ درخواست ہے کہ ایوان میری اس ترمیم کو منظور فرمالے تاکہ ہماری لوکل باڈیز جمہوریت کے غاصبوں سے محفوظ ہو سکیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی ترمیم ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

Chairman: (Begum Jahan Ara Shah Nawaz) : The question is—

That in clause 2 after the word "person" appearing at the beginning of line 3, the words "belonging to Provincial Civil Service or higher cadre" be added.

The motion was lost.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ) : جناب والا ۔ میں آپکی وساطت سے اس ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کلاز کو حزف کردیا جائے ۔

جناب والا ۔ مخدوم زادہ سید حسن محمود صاحب بہت ذہین و متین انسان ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ وہ بہاولپور میں پیدا ہوئے اور اس کوشش میں ہوں کہ سارے مغربی پاکستان کو اپنی ستم ظریفی کا نشانہ بنائیں ۔ مغربی پاکستان کے عوام نے حصول آزادی کے لئے جو جدو جہد کی اور پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد اپنے حقوق منوانے کی جو کوشش کی اور اس میں کسی حد تک وہ کامیاب ہوئے اس کو یک قلم ملیامیٹ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ نہ صرف ان حقوق کے خلاف جو ہمیں انگریز کے زمانہ میں حاصل تھے بلکہ اس معزز ایوان کے فیصلہ کے خلاف بھی جو ۱۹۵۰ء میں کیا گیا تھا کہ کسی لوکل باڈی میں کسی قسم کی کوئی نامزدگی نہیں ہوگی یہ بل پیش کیا گیا ہے ۔ اس پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ انکی اپنی پارٹی نے ۱۹۵۷ء میں جو ایکٹ پاس کرایا تھا جس میں مسلم لیگ کی طرف سے یہ ترمیم پیش کی گئی تھی اور منظور کر لی گئی تھی کہ اگر چھ مہینوں کے اندر انتخابات نہ کرائے گئے تو local body کو supersede کر دیا جائے گا ۔ اس کے بر خلاف یہ

کلاز پیش کیا گیا ہے اور اسکے ذریعہ اس ایکٹ کی شق نمبر ۶ (چ) کو نیست و نابود کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ایک دیانتدار اور تجربہ کار ڈسٹرکٹ مقرر کرنے کی بجائے کوچوانوں، غنڈوں اور نااہل لوگوں پر مشتمل کمیٹیاں قائم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے - ابھی میرے دوست نے کہا ہے کہ ایک سابق کوچوان کو بھی نامزد کیا گیا ہے - میں انکو کہتا ہوں کہ ایک ایسے شخص کو بھی نامزد کیا گیا ہے جو اب بھی کوچوان ہے - علاوہ ازیں ایسے لوگ نامزد کئے جائینگے جو انتخابات ہار چکے ہیں اور جو آئیندہ بھی کسی انتخاب میں کامیاب نہیں ہو سکتے - اس طرح یہ ایسے لوگوں کو چور دروازے سے لوکل باڈیز پر مسلط کر کے آئندہ انتخابات کیلئے راستہ صاف کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں -

جناب والا—میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ چھوٹی سی کلاز در اصل ری پبلیکن پارٹی کے ان شاہکاروں میں سے سب سے بڑا شاہکار ہے جس کے ذریعہ جمہوریت کو کچل کر اپنے پٹھوؤں کو عوام پر زبردستی مسلط کیا جا رہا ہے ان الفاظ کے ساتھ میں اس کلاز کی مخالفت کرتا ہوں -

ڈپٹی سپیکر حافظ خواجہ غلام صدیق الدین—جناب والا میرا تار تو آپ کو مل گیا ہے مگر آپ میرے وہ خطوط بھی منگوا کر دیکھیں جو میں نے رجسٹر کروا کر ارسال کئے تھے- ان خطوط میں میں نے لوگوں کی حالت زار بیان کی ہوئی ہے جو سیلاب کی وجہ سے بے گھر اور بے زر ہو گئے ہیں - میرے ضلع کی آبادی آدھی تو پہلے سیلابوں نے تباہ و برباد کر دی اور اب آدھی جو رہ گئی ہے وہ خوراک کے قحط نے ختم کرنی شروع کر دی ہے - ان حالات میں میرے سوالوں کا جواب دینا از اس ضروری ہے -

چیئرمین—معزز ممبر تشریف رکھیں - میں ان کو صحیح پوزیشن سمجھاتی ہوں - آپ کے سوالات اسمبلی کے دفتر نے منظور کرکے متعلقہ وزیر کو برائے جواب بھیج دیے ہیں - اس لئے جب تک وہ وزیر جواب نہ دیں اس وقت تک آپ کو جواب مل نہیں سکتا - اس کے لئے آپ کو کچھ انتظار کرنا پڑے گا -

ڈپٹی سپیکر حافظ خواجہ غلام صدیق الدین—جناب اگر اس معاملے میں عجلت سے کام نہ لیا گیا تو اسمبلی کا یہ اجلاس ختم ہو

جائے گا ۔ اور جو لوگ سیلابوں سے تباہ حال ہیں ان کی فریاد میں کس کو سناؤں گا ۔

چیئرمین—میں نے آپ کو صحیح طریق کار بتا دیا ہے ۔ جب تک وزیر متعلقہ کی طرف سے آپ کے سوالوں کے جوابات دفتر میں موصول نہیں ہوں گے اس وقت تک ان کے جوابات دینا ممکن نہیں ۔

ڈپٹی الہند حافظ خواجہ غلام سدید الدین—تو پھر میں وزیر متعلقہ سے عرض کروں گا کہ وہ میرے سوالات کا جواب جلد از جلد دیں اور اگر وہ جواب دینے سے گریز کرتے ہیں تو میں سمجھونگا کہ میرے ضلع کے تباہ حال عوام کے ساتھ ان کو کوئی ہمدرد نہیں ہے ۔

چیئرمین—ہاں ۔ آپ وزیر متعلقہ سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ جلد جواب دیں ۔ میرے خیال میں آپ short notice سوال دے دیں۔

ڈپٹی الہند حافظ خواجہ غلام سدید الدین—میں نے short notice سوال ہی دیا ہے ۔

مسٹر چیئرمین—تو اب آپ وزیر متعلقہ کو پھر یاد کرا دیں ۔

چودھری محمد الطاف حسین(ضلع جہلم) :جناب والا—مخدوم زادہ سید حسن محمود جیسے انسانوں کا وجود جمہوریت میں ایک غلیظ گالی سے کم تر نہیں ۔

Chairman: May I point out to the hon'ble member that he should observe the practice followed in all the parliaments of the world .In no parliament, the names of Ministers are mentioned. He should always say Minister for Local Bodies and Minister for so and so.

چودھری محمد الطاف حسین—بہت بہتر ۔ جناب والا ہمارے وزیر لوکل باڈیز ایک امیر زادے اور ایک امیر گھرانے کے چشم و چراغ ہیں ۔ انہوں نے سابق ریاست بہاولپور کی سر زمین میں آنکھیں کھولیں اور سب سے پہلے انہوں نے اسی سر زمین میں جمہوریت کے پودے کو جڑ سے کاٹنا شروع کیا ۔ ان کے والد محترم بہاولپور مسلم لیگ کے عرصہ تک سر براہ رہے ۔ انہیں کے اثر و رسوخ سے ان کے فرزند ارجمند یعنی ہمارے وزیر لوکل باڈیز بھی ریاست کی مسلم لیگ ۔ حکومت کے سر براہ بن گئے ۔

Chairman: I would request the hon'ble member to be relevant.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain: There are some motives behind the introduction of this Bill and I want to show the evil spirits behind these motives

جناب والا integration سے پہلے تک وہ ریاستی مسلم لیگ کی ذلت و رسوائی کا باعث بنے رہے - اس کے بعد جب ری پبلکن پارٹی نے جنم لیا تو وہ اس میں شامل ہو گئے اور چونکہ یہی پارٹی ان کی ذہنیت کے بالکل موافق تھی اس لئے وہ وزیر لوکل باڈیز مقرر ہوئے - جناب صدر آپ کو معلوم ہے لوکل باڈیز ہی ایسے ادارے میں جہاں عوام جمہوریت کا سبق سیکھتے ہیں اور جمہوریت کی تربیت حاصل کرتے ہیں - مگر آج کل ان لوکل باڈیز میں جس طرح جمہوریت کو کچلنے کی کوشش کی جا رہی ہے وہ آپ سب دیکھ رہے ہیں - جناب والا جس طرز اور ماحول میں یہاں لوکل باڈیز کو چلایا جا رہا ہے اس کی واضح مثال میرے ضلع کے ڈسٹرکٹ بورڈ سے ملتی ہے جہاں سب سے پہلے ۱۹۵۳ء میں ڈسٹرکٹ بورڈ کو معطل کیا گیا جبکہ سابق صوبہ پنجاب میں ہمارے وزیر لوکل باڈیز کے بہنوئی سید علم دار حسین شاہ گیلانی وزیر لوکل باڈیز تھے - اس کے بعد nomination papers طلب کئے گئے اور الیکشن کی تاریخیں مقرر کر دی گئیں - مگر عین اس وقت الیکشن میں جبکہ صرف دو تین دن باقی رہ گئے تھے پولنگ suspend کر دیے گئے - علم دار حسین شاہ صاحب کے بعد سید عابد حسین صاحب آئے مگر انہوں نے بھی وہاں انتخابات نہ کرائے اور بالآخر کاغذات نامزدگی کو واپس کرنے کے لئے اس ایوان کو ایک بل پاس کرنا پڑا - مگر ۱۹۵۳ء سے اب تک تمام وزرا جو مسلم لیگ کی تذلیل کا باعث تھے اور جو لوکل باڈیز کے انچارج رہے ری پبلکن پارٹی میں ہیں - مگر بڑی ڈھٹائی سے مسلم لیگ پر یہ الزام دھرتے ہیں کہ مسلم لیگ نے لوکل باڈیز کے انتخابات نہ کرائے - اور آج ننگ جمہوریت مخدوم زادہ صاحب نہ صرف انتخابات سے گریز کر رہے ہیں بلکہ جملہ لوکل باڈیز کو معطل کرکے ان کی جگہ نامزدگیاں کرکے اپنے پٹھوؤں کو آگے لا کر عام انتخابات میں کامیابی کی راہ ہموار کرنا چاہتے ہیں - چونکہ ایک ایک ایڈمنسٹریٹر سے ان کی ذلیل خواہش کی تکمیل نہیں ہوتی اس لئے اب وہ اس دائرہ کو وسیع کرکے اپنے نیاز مند خوشامدیوں کی کھیپ کی کھیپ لوکل باڈیز کے سر منڈھنا چاہتے ہیں - مگر وہ یقین رکھیں کہ ان اوچھے طریقوں سے ان کی بے جان پارٹی میں جان نہیں پڑ سکتی - اور وہ کبھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکتے - ان الفاظ کے ساتھ میں کلاز ۲ کی مخالفت کرتا ہوں -

Chairman: The question is:

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mian Manzoor-i-Hassan: Sir, I want to move my amendment.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: A similar amendment has been rejected by the House already. So this amendment cannot be moved.

Mian Manzoor-i-Hassan: There are three different laws for three different areas. Althought my first amendment with respect to Punjab was defeated, but no one can say that this amendment, which is in respect of N.-W F. Province, will also be defeated.

Chairman: This amendment is out of order. Similar rulings have been given on 3 Acts, which were before the House and which were of the same nature.

Mian Manzoor-i-Hassan: Sir, let me elucidate my point. In regard to one Act I moved an amendment which was lost but it cannot be said that the House will take the same view in regard to my other amendments in respect of other measures. The amendment that I now want to move relates to the Frontier Act and not to the Punjab Act, therefore I beg to differ from the vie otaken by the Minister. This Frontier Act is quite an independent and separa Act and the House can discuss any amendments in regard to it.

Chairman: Let me point out to the hon'bl member that this Bill has been bassed on the same lines. I cannot allow it as the House has already thrown out similar amendments moved in regard to similar Acts.

Chairman: The question is:

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chairman: Clause 4.

Mian Manzoor i-Hassan: Sir, I want to speak on this clause.

Chairman: He can speak on the third reading of the Bill.

Mian Manzoor-i-Hassan: I want to oppose the clause.

میاں منظور حسن (ضلع گجرانوالہ)— جناب والا یہ کلاز رشوت ستانی کے دروازے کھولنے کے مقاصد کے پیش نظر اس بل میں رکھی گئی ہے ۔ یہ کلاز un-constitutional خلاف آئین ۔ خلاف قانون ۔ منافی قوانین نافذہ ۔ اور invalid ہے اور اس بارے میں جو ایکٹ لایا گیا ہے اس پر ہم اس سے قبل آرڈیننس کی صورت میں عمل دیکھ چکے ہیں ۔ ایک شہر میں ری پبلیکن پارٹی کو چندہ دینے کی غرض سے ایک گودام رعایتی نرخوں پر عطا کر دیا گیا اور پانچ ہزار روپیہ اس ایوان کے ایک وزیر نے خود رشوت کے طور پر چندے کے نام سے وصول کئے۔جناب نامزد گیوں سے کافی قبل گوجرانوالہ شہر میں کے نام سے وصاص من سونے کی مہروں کا کنٹھا ڈالا گیا اور اس کے وزیر کے نو فہرست گزٹ میں آئی ۔ مجھے نہیں معلوم انہوں نے وہ کنٹھا واپس

دیدیا یا اپنے پاس رکھ لیا یا ریپبلیکن پارٹی کو دیدیا لیکن یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہے اور میں پوری ذمہ داری سے اس ہاؤس میں کہتا ہوں کہ ان کی نامزدگیوں سے کئی دن پیشتر جبکہ وہ مری جا رہے تھے ان لوگوں نے مل کر چندہ کیا اور سات اشرفیاں خرید کر وہ کنٹھا بنایا اور سینکڑوں آدمیوں کے روبرو ایک منسٹر صاحب کے زیب رخ کیا ۔ یہ طریقے رشوت ستانی کے دروازے کھولتے ہیں بلکہ عین ممکن ہے کہ کوئی بد دیانت وزیر اگرچہ وہ بڑے دیانت دار ہیں اس سے فائدہ اٹھا کر رشوت ستانی کر سکے ۔

جناب والا ۔ ہمیں بخوبی معلوم ہے کہ اس آرڈیننس کے ماتحت ضلع ہزارہ میں دو شریف آدمیوں کے ووٹ لیکر ایک کو ضلع ہزارہ میں اور دوسرے کو اس ضلع کے ڈسٹرکٹ بورڈ کا ایڈ منسٹریٹر مقرر کیا گیا ۔ جناب والا یہ دستور کی سرا سر خلاف ورزی ہے اور یہ جو معصوم اور سادی صورت والے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ہمیں ان کے ہاتھ میں بےوجہ یہ ہتھیار نہ دینا چاہئے ۔ جناب والا اگر آپ اس صوبہ میں جمہوریت کی قبر کھودنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور ہزاروں کو برباد کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو ان کے ہاتھ میں ہتھیار نہ دیں ۔ میرے خیال میں آپ اس سے بڑی کوئی غلطی نہ کرینگے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود (وزیر سوشل ویلفیر) :
جناب والا ۔ دو تین points اپوزیشن کی طرف سے raise کئے گئے ہیں جن کا جواب دینا میرے خیال میں ضروری ہے جہاں تک سونے کی مہروں کا تعلق ہے یہ درست ہے کہ گوجرانوالہ کے باشندوں نے کچھ گنیاں ہار میں لگا کر میرے گلے میں ڈالیں۔ جب میں موٹر میں جا رہا تھا تو میری بچی نے وہ ہار مانگا ۔ جب ہار دیا گیا تو اس کے بیچ وہ مہریں نظر آئیں ۔ جب میں مری پہنچا تو وہاں سے میں نے ایک چٹھی لکھی جس میں میں نے انہیں کہا کہ اگر آپ یہ مہریں کسی کار خیر میں لگانا چاہیں تو یہ زیادہ مناسب ہے ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ انہوں نے وہ مہریں سوشل ویلفیر ٹاؤن میں بیوگان ۔ لاچار ۔ اور یتامیٰ کے لئے دیدیں ہیں ۔ یہ چیز اخبارات میں بھی آ چکی ہے ۔ آپ یقین جانئے کہ وہ گنیاں بڑے نیک مقاصد کے لئے خرچ ہونگی ۔ جہاں تک خواجہ محمد صفدر کا تعلق ہے انہوں نے اس بل پر تنقید

کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس منسٹر نے کوچوانوں تک کو Administrative Committee میں رکھا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ اس میں جمہوریت کی بڑی توہین کی گئی ہے لیکن جب یہ ان کے ووٹ لینے ان کے پاس جاتے ہیں تو اس وقت کوچوان کو اپنے آپ سے کچھ اونچا سمجھتے ہیں - ہمیں کسی کوچوان کو یا کسی پان فروش کو یا کسی حجام کو جسے اس ملک میں شہری ہونے کا حق ہے گری ہوئی نظر سے نہ دیکھنا چاہئے - یہ حقوق ان کو ہیں - کل وہ چاہیں تو انہوں میں سے کسی کو نمائندہ چن سکتے ہیں (خوب خوب کی آوازیں)

جناب والا - ایک صاحب نے فرمایا ہے کہ جہاں میں انہوں نے اپنا پٹھو لگا رکھا ہے - ایک طرف تو کچھ ممبر صاحبان یہ کہتے ہیں کہ نظام نمائندوں کی بجائے افسروں کے حوالے کر دیا جائے لیکن جب نظام افسروں کے حوالے کیا جاتا ہے تو دوسرے ممبر صاحبان یہ کہتے ہیں کہ افسروں کو وہاں لگانا بڑا غلط ہے اور کہ وہ ان کے پٹھو ہیں - ایک سیشن جج ریٹائر ہوئے ہیں اور ان کو جہاں میں ایڈ منسٹریٹر مقرر کیا گیا ہے - انہیں اس پر بھی اعتراض ہے - ایسے ہی گوجرانوالہ کے سلسلہ میں بھی اعتراض ہے - اصل بات یہ ہے کہ چونکہ الیکشنز کا زمانہ قریب آ رہا ہے ان پر sense of frustration چھا چکی ہے اس لئے ہمارا ہر اصلاحی قدم بھی انہیں غلط نظر آئیگا - اس کے علاوہ جہاں وزیر آباد کے ایڈمنسٹریٹر کا تعلق ہے وہ تو Sitting President تھے -

Khan Sardar Bahadur Khan: Sir, this is a mis-statement. The Minister should verify his facts.

مخدوم زادہ سید حسن محمود—میں اس کی تصدیق کر لوں گا - وہ آپ کے بھی دوست ہیں اور میرا خیال ہے کہ ان کی نیک نیتی اور دیانت داری پر انہیں کوئی شبہ نہیں ہو گا اور وہ بڑا مفید کام کر سکیں گے -

خان سردار بہادر خان—جو وہ پہلے کر چکے ہوں وہ بھی آپ کے لئے کافی مفید ہوگا -

Chairman: (Begum Shah Nawaz): The question is:

That clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

(At this stage Mr. Speaker resumed the Chair).

Clause 5

Mr. Speaker: The question is:

That clause 5 stand part of the Bill.

The moton was carried.

Preamble

Mr. Speaker: The question is:

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title.

Mr. Speaker: The question is:

That the Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (MINISTER OF LAW AND INANCE): Sir, I beg to move:

That the Punjab and North-West Frontier Province Municipal and District Boards Laws (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be passed,

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the Punjab and North-West Frontier Province Municipal and District Boards Laws (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be passed.

مسٹر محمد ایوب خان (ضلع رحیم یار خان): جناب سپیکر ابھی میرے چند احباب اس بل کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں۔ مگر مجھے پریشانی اس بات کی ہوئی ہے کہ وہ نا حق ہمارے نہایت ہی فاضل وزیر بلدیات پر برسے ہیں۔ بات در اصل یہ ہے کہ یہ تمام چیزیں ہمارے نو عمر وزیر بلدیات کے بس کی بات نہیں ہیں۔ ابتدا ہی سے ان کی عادت ہے کہ وہ ایک طفل نادان کی طرح اس بازیچہ اطفال میں اپنی بچوں والی حرکتیں کرتے رہتے ہیں اور ان کی خدمت میں جتنی بھی کوئی معقول اور صحیح بات عرض کی جائے وہ کبھی ان پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ جناب والا ابھی ابھی میرے ایک ترم دوست نے تعزیرات ہند کا حوالہ دیتے ہوئے ہمارے وزیر با تدبیر کے متعلق چند ایک چیزیں کہی ہیں۔ ان کو تعزیرات ہند کا حوالہ دینے کی چنداں ضرورت نہ تھی۔ تین چار ماہ باقی ہیں الیکشنز میں اور تین چار ماہ کے بعد انشاء اللہ ہمیں ان کے ساتھ ہم کلام ہونے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم اوپوزیشن میں ہیں۔ جس قدر ستم اور دھاندلی ہمارے وزیر بلدیات اس وقت تک اوپوزیشن پر کر چکے ہیں اور جو وہ کرنا چاہتے ہیں وہ نہایت خوشی کے ساتھ کریں اور ہم انشا اللہ پوری طرح ڈٹ کر ان کی غلط کاریوں کا مقابلہ

کریں گے ۔ جہاں تک ہماری اپنی ذات کا تعلق ہے ہمیں کوئی سیٹ ملے یا نہ ملے لیکن میں ہاؤس کو اتنا یقین دلا سکتا ہوں کہ انشا اللہ تعالے آنے والے انتخابات میں وزیر بلدیات کو ایک حلقہ سے دوسرے حلقہ میں جانا ہی پڑے گا اور کم از کم ان کو سابقہ بہاولپور ریاست میں تو کسی حلقہ میں جگہ نہیں ملے گی (خوب خوب) یہ ان کی پرانی عادت رہی ہے کہ وہ ڈیما کریسی میں believe نہیں کرتے ۔ وہ اس بات میں believe کرتے ہیں کہ سازشوں کے ساتھ کسی وزارت میں کسی طور پر ۔ کسی طریق پر اپنے لئے کرسی حاصل کر لیں اور کرسی حاصل کرنے کے بعد دھاندلی اور ضمیر فروشی سے اپنی حکومت چلائیں ۔ یہ پہلے بھی دیکھنے میں آچکا ہے ۔ بہاولپور میں جب تک یہ کرسی پر بیٹھے تھے تمام چیزیں ٹھیک تھیں اور جس دن ان کی کرسی کھسکی اس دن کے بعد ان کو اس ملک میں رہنے کی جگہ نہیں ملتی تھی اور دو سال کے بعد انہیں بہاولپور میں قدم رکھنے کی جرات ہوئی ۔ اور انشاللہ اس بار بھی یہی ہوگا ۔ یہ لاچار ہیں ۔ مجبور ہیں ۔ ابھی نو عمر ہیں اگر ان کو سونے کا ہار پہنا دیا جائے تو کوئی بڑی بات نہیں ۔ یہ بڑی بڑی غلطیاں کرتے رہتے ہیں ۔ ہم نے پہلے بھی دیکھا ہے ۔ میں ایوان کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ انہیں کوئی کام کی بات سمجھانا سعی لا حاصل ہے اور مجھے یقین ہے کہ اگر کبھی ریپبلیکن پارٹی کا بیڑا غرق ہوا تو اس میں سب سے زیادہ حصہ اس وزیر با تدبیر کا ہوگا ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود (وزیر بہبود عامہ و لوکل گورنمنٹ): جناب صدر—ایوان کو شاید یہ علم ہے کہ سردار محمد ایوب صاحب میری کابینہ میں ریونیو منسٹر تھے ۔ یہ پہلے مجسٹریٹ تھے ۔ میں نے ان سے استعفے دلایا ۔ پھر میں نے اپنی گھر کی سیٹ چھوڑی وہاں سے انہیں منتخب کرایا ۔ اور مجھے خود دوسری سیٹ پر جانا پڑا ۔ ایک اور صاحب ہیں وہ بھی میری کابینہ میں وزیر تھے وہ اپنے ضلع کو چھوڑ کر میری گھر کی دوسری سیٹ سے منتخب ہوئے ۔ میں اپنے مسلم لیگی دوستوں سے کہوں گا کہ وہ ان حضرات کو اس لئے اپنی ورکنگ کمیٹی میں نہ لیں کہ ان کا بہاولپور میں بڑا دبدبہ

اور رعب ہے ۔ جہاں تک مسلم لیگ کا تعلق ہے میں آپ کو واضح طور پر بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر وہ سابق بہاولپور کی ۲۳ سیٹوں میں سے تین سیٹیں بھی حاصل کر لیں تو میں اپنی ممبر شپ سے مستعفی ہو جاؤں گا ۔ یہ جو چوہدری فرزند علی صاحب ہیں یہ مہاجر تھے راولپنڈی میں اور دوائیوں کی کمیشن ایجنسی کی قسم کا کوئی کاروبار کرتے تھے (قطع کلامیاں) اگر انہوں نے مجھ پر ذاتی حملے کئے ہیں تو مجھے بھی ان کے متعلق کچھ کہنے کی اجازت ہونی چاہئے (شور اور قطع کلامیاں) ۔

خان سردار بہادر خان—جناب والا—انہیں ذاتی حملے کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہئے ۔

چوہدری فرزند علی—جناب والا—پھر مجھے بھی اجازت دیجئے ۔

مخدوم زادہ حسن محمود—میں نے صرف اتنا کہا ہے کہ وہ راولپنڈی سے آئے تھے ۔

چوہدری فرزند علی—میں آج استعفے دیتا ہوں—وہ بھی استعفے دیں اور میرے مقابلہ پر بہاولپور کی کسی سیٹ سے الیکشن لڑ لیں (تالیاں)

مخدوم زادہ سید حسن محمود—میں تو پہلے ہی انہیں چیلنج دے چکا ہوں کہ اگر وہ تین آدمی منتخب ہو کر آ گئے تو میں مستعفی ہو جاؤں گا ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the Punjab and North-West Frontier Province Municipal and District Boards Laws (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be passed.

The motion was carried.

THE CITY OF LAHORE CORPORATION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (MINISTER OF LAW AND FINANCE): Sir, I beg to introduce the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958.

Sir I beg to move:

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Syed Shamim Hussain Qadri (LAHORE DISTRICT): Sir, I beg to move:

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion by the 31st October, 1958.

Sir, we have to see first of all how far the people are in favour of this type of legislation which has been introduced by the Law Minister. Sir, this bill is a most heinous piece of legislation ever seen in the history of Municipal life. The Lahore Corporation which has been in existence for the last eighty years has been suspended and is being ruled and played with by persons who have no *locus standi* and who are not qualified to take part in the administration of this Corporation.

Sir, I moved an amendment to the Corporation Bill in the last session and that motion was accepted when the Repeal of Laws Bill was being considered here. In that it was decided that elections to the Lahore Corporation will be held within six months. I have yet to understand how that law which was passed by this august House was not implemented. A law that was passed by the representatives of the people was not implemented and an Ordinance was enacted instead. Sir, we have been in contact with the people of Lahore and since we represent them, we know their feelings. But persons from Bahawalpur and persons from States do not know what are the feelings of the people of Lahore about this Bill. The Municipal Committee of Muridke or Kamoke can be superseded and people may not raise their little finger. They may be happy because some of the supporters of a certain party are on that Committee. But I can assure you, Sir, that even if respected friends are on the Corporation Committee the people of Lahore would not tolerate these people and their Administrator.

Sir, the Corporation of Lahore is a body which deals with very important matters like construction, water-supply and in certain cases health and education.

Just look at the fate of the teachers of the Lahore Corporation which is in the hands of those people in whom people have absolutely no confidence.

Similarly, the health facilities are most negligible. There have been incidents in the city of Lahore where due to non-availability of lids on the man-holes people died after slipping into them. There are a great number of people in Lahore who have not been given water connections. It is all due to the fact that the Administrator of City of the Lahore Corporation is not aware of their difficulties, because he has been taken from the services. Sir, the head of the Corporation should be a representative of the people. Over and above that there is an Administrative Council thrust upon the Corporation which is not at all a representative one. It is of great importance that the City of Lahore Corporation should have its Councillors duly chosen by the people. I do not mind if the representatives are chosen from the Muslim League, N. A. P. or the Republicans, but there must be elections and only the elected persons have the right to run the administration. There was a writ filed in the High Court of West Pakistan. This will show how the people of Lahore react and condemn the undemocratic action of the Government. Before jumping into the well, it is always better to foresee all pros and cons. Sir, Lahore is a place which is barometer of people's will, and that is the reason why elections have not been held in the Lahore Corporation wards, because the Government knows that if Corporation elections are held that will be a death knell for the Republicans, because they are never going to be returned by the people as their representatives in the Lahore Corporation. Sir, it is time that the Government should take stock of the situation, because the people are no longer going to tolerate any further delay.

Mr. Speaker: The member's time is up.

Mr. Shamim HussainQadri: All right, Sir, I will finish my speech by saying that Lahore people have become fully aware of the *mala fide* and dishonest

intentions of the Government in not holding elections to the Corporation. With these words I move that this Bill be circulated for eliciting public opinion thereon.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion by 31st October, 1958.

مسٹر احمد سعید کرمانی (ضلع لاہور)—جناب والا مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس بل پر بحث کرتے ہوئے لاہور کے بہادر اور غیور شہریوں کا نقطہ نگاہ آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے پیش کروں - مجھے یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ جتنا غیر جمہور ، جتنا reactionary اور جتنا ظالمانہ بل یہ ہے اتنا شاید ہی کوئی اس ایوان کی تاریخ میں آیا ہو - آپ جانتے ہیں کہ اس صوبہ کے وزیر اعلی کے سامنے سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ وہ کسی نہ کسی طریقے پر آئندہ انتخابات میں اپنے آدمی دیہات سے اور شہروں سے کامیاب کرائیں - مجھے ان سے ہمدردی ہے کیونکہ وزیر اعلیٰ کا ماضی اتنا تاریک ہے کہ وہ سمجھتے ہیں جس وقت وہ یا ان کے حواری آئندہ انتخابات میں عوام کے سامنے آئیں گے تو ان کے خلاف صرف یہ کہہ دینا کافی ہوگا کہ انہوں نے ۱۹۴۶ء اور ۱۹۴۷ء میں پاکستان کی مخالفت کی تھی اور اسی وجہ سے وہ اور ان کے حواری کامیاب نہیں ہو سکیں گے -

جناب والا—پنجاب کے مسلمانوں پر وزیر اعلی کے جو احسانات ہیں وہ آپ بخوبی جانتے ہیں - یہ ان کا کیا کم احسان ہے کہ جب ہندوستان کے تمام مسلمان قائد اعظم اور مسلم لیگ کی قیادت میں موت اور جنگ کی کشمکش میں مبتلا تھے تو یہ وزیر اعلی کانگرس کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف سرگرم عمل تھے - یہ کانگرس سے مل کر اور انگریز سے مل کر مسلمانوں کی قومی تمناؤں کو کچلنے میں پیش پیش تھے - اور یہی وجہ تھی کہ مشرقی پنجاب کے لاکھوں مسلمان تباہ و برباد ہوئے اور انہی کی مہربانی سے ہماری ہزاروں مائیں اور بہنیں اغوا کی گئیں - پنجاب تقسیم ہوا اور گورداس پور کا ضلع ہندوستان میں چلا گیا اور آج اسی کی وجہ سے پاکستان کشمیر سے محروم ہے - یہ ان کا احسان عظیم ہے کہ کشمیر کے جانے

کے بعد ہمیں نہروں کے پانی کے مسئلے سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ جناب والا ان کے احسانات مسلمانوں پر بے پناہ ہیں اور بے شمار ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ ڈرتے ہیں کہ آئندہ انتخابات میں انہوں نے اگر اپنے حواریوں کو چوردروازوں کے ذریعے داخل نہ کیا تو وہ کبھی کامیاب نہ ہوں گے۔

جناب والا آپ کو یاد ہوگا کہ چند دنوں کی بات ہے کہ لاہور کے تمام سیاسی کارکنوں نے ایک جلسے کا انعقاد کیا تھا۔ یہ جلسہ اس لئے منعقد کیا گیا تھا کہ لاہور کے سیاسی کارکن اس بل کے بارہ میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس پر جناب نواب صاحب اور انکے حواری اسقدر بوکھلا گئے کہ انہوں نے ایس-ایس-پی کی مدد طلب کی۔ اور اس کی کوٹھی پر غنڈے اکھٹے کئے گئے۔ یہ وہ ایس-ایس-پی ہیں جو دعویٰ کرتے ہیں کہ میں لاہور میں غنڈہ گردی ختم کر دوں گا۔ انہوں نے غنڈے اکھٹے کئے اور انہیں کہا کہ جاؤ اور سیاسی کارکنوں پر قاتلانہ حملہ کردو۔ کیونکہ اگر یہ بولتے رہے اور رائے عامہ کو اکساتے رہے تو نواب صاحب اور ان کے حواری لاہور شہر سے کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔

جناب والا—اس سلسلے میں میں نے ایک علیحدہ تحریک التوا دی ہوئی ہے۔ لیکن ان حرکتوں سے ریپبلیکن پارٹی کو چنداں فائدہ نہ ہوگا۔ میں وثوق سے کہتا ہوں کہ نواب صاحب کا ماضی اتنا تاریک ہے کہ اگر ان کے ماضی کا پس منظر عوام کو یاد دلا دیا جائے تو وہ آئندہ انتخابات میں ہرگز کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ ستم ظریفی تو یہ ہے کہ اس کمیٹی میں وہ لوگ شامل کئے جا رہے ہیں جو کارپوریشن کے انتخابات میں شکست کھا چکے ہیں۔ وہی لوگ اب اس کمیٹی کے ممبر نامزد کئے گئے ہیں۔ ان میں بعض وہ لوگ ہیں جو غنڈہ ایکٹ کے ماتحت ماخوذ کئے گئے تھے۔ جن کے خلاف رشوت اور بلیک مارکیٹ کے مقدمات ابھی تک pending ہیں شائد حکومت یہ سمجھے ہوئے ہے کہ وہ ان غنڈوں کے ذریعے اپنے اقتدار کو طول دے سکے گی اور ان لوگوں کے ذریعے ہی

شہروں میں اپنا سر بلند کر سکے گی ۔ میں ان کو آگاہ کر دینا چاہتا ہوں کہ عنقریب پنجابی مسلمان اسی جذبے اور جوش کا اظہار کرے گا جیسا کہ اس نے ۱۹۴۶ء میں کیا تھا ۔ اور وہ ایسی بری طرح شکست کھائیں گے کہ بعد میں وہ لوگوں کو منہ نہ دکھا سکیں گے ۔ ہمیں یاد ہے کہ ہمارے وزیر اعلی جب قائد اعظم علیہ رحمۃ کے سامنے پیش ہوئے تو اپنی کرتوتوں کی وجہ سے کہنے لگے کہ مجھے معاف کر دیجئے ۔ مگر جب قائد اعظم نے انہیں دھتکار دیا تو وہ ولایت چلے گئے ۔

(اس مرحلے پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت سے اٹھ کر باہر تشریف لے گئے اور ان کی جگہ ملک اللہ یار خان بطور مسٹر چیئرمین کرسی صدارت پر تشریف فرما ہوئے) ۔

جناب والا—ہم جانتے ہیں کہ وزیر اعلی صاحب کے بارے میں پنجابی مسلمانوں کا کیا خیال ہے ۔

Mr. Chairman : The word 'dhutkara' is unparliamentary. The member should withdraw it.

Khan Sardar Bahadur Khan : How do you say that, Sir. Would you quote a ruling in support of it ? If it is unparliamentary, I should like to be educated on this point.

مسٹر اجمد سعید کرمانی—جناب والا—وہ اسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ہم غنڈہ گردی کے ذریعے اس صوبے کے عوام اور سیاسی کارکنوں کے حوصلے پست کر سکتے ہیں ۔ لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پنجاب کے عوام جو نواب صاحب کے ماضی سے بخوبی واقف ہیں جب اپنے ارادے کا اظہار اور اپنے جوش کا مظاہرہ کریں گے تو آپ دیکھیں گے کہ پنجاب سے اس پارٹی کا نام و نشان مٹ جائے گا اور اس جگہ اس کا کوئی نام لیوا بھی نہ رہے گا ۔ عوام صرف وقت کا انتظار کر رہے ہیں ۔ یہ حکومت ہر قسم کے ہتھکنڈوں سے بدنام ۔ رسوائے عالم ۔ بلیک مارکیٹ کرنے والے ۔ منافع خور ذخیرہ اندوز اور سزایافتہ لوگوں کو کارپوریشن کی مجلس انتظامیہ میں شامل کرنے کی غرض سے یہ قانون منظور کر رہی ہے ۔ مگر لاہور کے شہری صوبہ بھر میں بطور غیور شہری مشہور

ھیں ۔ اپنے حقوق سے باخبر ھیں اور انھیں حاصل کئے بغیر ھرگز دم نہ لیں گے ۔ یہ حکومت ایک طرف تو دعوے کرتی ھے کہ ھم جمہوری اقتدار کو اس صوبے میں نہ صرف استوار کرنا چاھتے ھیں بلکہ ھم چاھتے ھیں کہ وہ اس سے زیادہ پھلیں پھولیں ۔ مگر دوسری طرف ھر قسم کے حیلوں بہانوں سے جمہوری اداروں کو تباہ و برباد کیا جا رھا ھے ۔

جناب والا—میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب عرصہ دو سال سے لاھور کا ایڈمنسٹریٹر نہایت کامیابی سے کام کر رھا تھا تو کیا وجہ تھی جو اسے ھٹا کر کارپوریشن کے سر پر ان لوگوں کو مسلط کیا گیا ھے جن کے ماضی سے حال بدتر ھے اور غالباً حال سے مستقبل بدتر ھوگا ۔

Mr. Chairman : Will the hon'ble Member please wind up his speech ?

مسٹر احمد سعید کرمانی—جناب والا—میں یہ عرض کر رھا تھا کہ لاھور کارپوریشن ھم پر ٹیکس عائد کرتی ھے اور دیگر معاملات کے بارے میں ھم پر اپنے قوانین نافذ کرتی ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ لاھور کا ایک شہری ھونے کی حیثیت سے یہ میرا بنیادی حق ھے کہ میں آپ کی وساطت سے حکومت سے دریافت کروں کہ آخر وہ کونسے حالات ھیں جن سے مجبور ھو کر حکومت کو یہ کمیٹی نامزد کرنا پڑی ھے اور ایک ایسی کمیٹی جو ان افراد پر مشتمل ھے جن پر عوام کو ھرگز اعتماد نہیں ۔ مجھے یاد ھے پچھلے اجلاس میں میرے فاضل دوست نے فرمایا تھا کہ ھم اس کارپوریشن ایکٹ کے ماتحت چھ ماہ کے اندر اندر انتخابات کرانا چاھتے ھیں ۔ مگر خدا معلوم وہ کونسی رکاوٹیں تھیں جن کی وجہ سے یہ انتخابات نہیں کرائے گئے ۔ حقیقت یہ ھے کہ اس صوبے کے عوام اب اس امر سے بخوبی واقف ھو چکے ھیں کہ حکومت مختلف حیلوں بہانوں سے اپنے منظور نظر لوگوں کو چور دروازے سے لاھور کے نظم و نسق پر مسلط کرنا چاھتی ھے ۔ اور اب ان ھتھکنڈوں اور ذلیل ترین حرکتوں کے بغیر ان کے پاس کوئی چارہ ھی نہیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کریں کیونکہ لاہور ایک بہت بڑا شہر ہے۔ اس کی آبادی دوسرے شہروں کی نسبت بہت زیادہ ہے اور اس کے شہری اپنے حقوق سے بخوبی واقف ہیں۔ ان سے ان کے جائز حقوق نہ چھینیئے۔ ان پر اس کمیٹی کے ذریعے غنڈے۔ بدمعاش۔ چور بازاری کرنے والے اور منافع خور لوگ مسلط نہ کیجئے۔ بلکہ اس قسم کی ذلیل ترین حرکتوں سے باز رہتے ہوئے اس شہر کو ہر قسم کی برائیوں سے نجات دلائیے۔

قاضی مرید احمد۔(ضلع سرگودھا) صدر محترم—برسراقتدار پارٹی جس رنگ سے برسراقتدار آئی ہے وہ اس ہاؤس کو اچھی طرح معلوم ہے۔ حالیہ اجلاس اسمبلی میں جو بل پیش کئے گئے ہیں ان میں سے آپ کسی بل کو لیں۔ بالخصوص ان بلوں میں سے جن کا تعلق ہمارے وزیر بلدیات سے ہے تو آپ کو صاف طور پر معلوم ہو جائے گا کہ ہمارے وزیر بلدیات لوکل باڈیز کے انتخابات میں اپنی پارٹی کو کسی نہ کسی رنگ میں آگے لانے کی غرض سے ایسے اوچھے ہتھیار استعمال کر رہے ہیں جو جمہوری اصولوں کے سراسر منافی ہیں۔ ابھی آپ ذکر فرما چکے ہیں کہ ایک غنڈے اور ایک ٹانگے والے کو شہری ہونے کا حق ہے۔ مجھے ان سے اتفاق ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ ان غنڈوں۔ چماروں اور ٹانگے والوں کو شہریوں کا سردار بنا دیں۔

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں

تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

حضور والا—بہاولپور والے تو بہاولپور کا رونا رو رہے تھے۔ لیکن دوسری جگہ لوگ یہ رونا رو رہے ہیں کہ حسن محمود صاحب نے جو Administrative Bodies مقرر کی ہیں ان میں بجائے پڑھے لکھے اور قابل لوگوں کے آپ نے ایسے چیدہ چیدہ مل اونرز وغیرہ لگا دئے ہیں جن کا سوسائٹی میں کوئی مقام نہیں ہے۔

حضور والا آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس وقت ریپبلیکن پارٹی جو اوچھے ہتھیار استعمال کر رہی ہے یہ وہی ہیں جو ۴۷-۱۹۴۶ میں ننگ عالم خضر حیات نے استعمال کئے تھے - غور سے دیکھیں تو یہ ریپبلیکن پارٹی یونیسٹ پارٹی کا دوسرا نام ہے - لاہور کارپوریشن کے لئے جو حضرات نامزد ہوں گے وہ چاہے کسی کلاس کے ہوں اگر وہ ری پبلیکن پارٹی کے ہمنوا ہوں گے تو موجودہ حکومت ان کو لاہور کے شہریوں پر مسلط کرے گی - مخدوم زادہ حسن محمود صاحب نے فرمایا ہے کہ بہاولپور کے نمائندہ لوگوں نے یہ اعلان کیا ہے کہ اگر حسن محمود صاحب حکومت سے مستعفی ہو جائیں تو ہم سارے کے سارے مستعفی ہونے کو تیار ہیں - اس سے آپ اندازہ لگائیں کہ کس حد تک لوکل باڈیز کے معاملات میں دخل اندازی کی جا رہی ہے اور آیا کسی طرح اسے جائز تصور کیا جا سکتا ہے - وہ حضرات جو سرکاری بنچوں پر تشریف فرما ہیں وہ بھی تو کچھ سمجھ رکھتے ہیں ان کو چاہئے کہ وزیر موصوف کو سمجھائیں اور بتائیں کہ آخر انہوں نے عوام کے سامنے آنا ہے عوام ایک بڑی طاقت ہیں - اس لئے عوام کی بہتری میں ہی ان کی بہتری ہے - یہ جمہوریت کا نظام ہمارے سامنے اس لئے آیا ہے کہ ان لوگوں کو روکا جائے جو عوام کو لوٹ رہے ہیں - مگر یہاں تو جب سے حسن محمود صاحب نے لوکل باڈیز کا نظام سنبھالا ہے انہوں نے جمہوریت کے تقاضوں کو کبھی مد نظر نہیں رکھا -

میں پوچھتا ہوں وہ کونسا ضلع ہے وہ کونسا شہر ہے جس میں مسلم لیگ نے الیکشن نہیں کرائے تھے - مسلم لیگ سے اگر کہیں ایک غلطی ہوئی تھی تو حسن محمود صاحب نے اس غلطی کو ہزار گنا کر دکھایا ہے - در اصل اسی میں وہ اپنی غلطیوں کو چھپانا چاہتے ہیں -

حضور والا—لاہور شہر نہ صرف تہذیب و تمدن کے لحاظ سے ایک بڑا شہر ہے بلکہ صوبہ کا مرکز بھی ہے اور اس کی بہت زیادہ اہمیت ہے اس لئے آپ کو چاہئے کہ

جب آپ لاہور کارپوریشن میں نامزدگیاں کریں تو پوری دیانتداری سے کریں - ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان ابھی صحیح طور پر آزاد نہیں ہوا - انگریز تو چلے گئے - گوروں کا راج ختم ہوا مگر ابھی تک ایسے لوگ موجود ہیں جن کے ہاتھوں جمہوریت کے حقوق تلف ہو رہے ہیں - ہمیں یقین ہے کہ یہ زیادہ عرصہ نہیں رہ سکیں گے اب ان کے چند روز ہی باقی ہیں - اور اگر اس عرصہ میں بھی انہوں نے کچھ خیال نہ کیا تو ملک میں ایک غیر آئینی انقلاب برپا ہو جائے گا اور جیسا کہ دنیا کے اور ملکوں میں عوام نے اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے اسی طرح اس ملک کے عوام بھی ایسی حرکت پر مجبور ہو جائیں گے - تعجب ہے کہ حکومت ابھی تک عوام کے حقوق کی اہمیت کو کیوں نہیں سمجھ سکی - آپ کو معلوم ہے کہ یہ ملک مسلم لیگ کی برکت سے آزاد ہوا اور یہاں ایک جمہوری نظام قائم ہوا اب موجودہ حکومت اس کو برباد کرنا چاہتی ہے -

شیخ ظفر حسین--(ضلع گوجرانوالہ) جناب والا - مجھے اپنے محترم دوست کرمانی صاحب اور قاضی مرید احمد صاحب سے اختلاف ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر نامزدگیوں کا اصول تسلیم نہ کیا جائے تو وہ لوگ جن کی کہیں بھی نمائندگی نہیں ان کی حق تلفی ہوگی - اس لئے ضروری ہے کہ ایسے شہریوں کو مثلاً - شہری غنڈے - شہری مازمان اور خصوصیت سے قبر چوروں کو نمائندگی دی جائے - ان لوگوں کو پس ماندہ طبقہ تصور کرکے ان کو نمائندگی دینا اور بھی ضروری ہو جاتا ہے - ہمیں امید ہے کہ حکومت غلط آدمیوں کو نامزد نہیں کرے گی - وہ ضرور کسی بلیک مارکیٹیر یا کسی ذخیرہ اندوز کو منتخب کرے گی بلکہ میرے نزدیک تو اس کا یہ فرض ہے کہ قبر چوروں کو ضرور نمائندگی دے - کرمانی صاحب نے فرمایا ہے کہ وزیر اعلیٰ غنڈہ گردی کو اس لئے تقویت دیتے ہیں تاکہ وہ الیکشن میں کامیابی حاصل کریں - مجھے اس بات میں بھی ان سے اختلاف ہے - میرا اپنا خیال ہے کہ وزیر اعلیٰ کو ان غنڈوں پر اتنا بھروسہ

نہیں ہے جتنا کہ ان کو اپنے ووٹروں پر ہے - پھر کرمانی صاحب نے فرمایا ہے کہ ایس - ایس - ای نے اپنے ہاں غنڈوں کو جمع کیا اور حسب ضرورت ان کو ہدایات دی گئیں - مجھے اس سے بھی اختلاف ہے - ایس - ایس - ای کو ان کی ضرورت نہیں جب کہ حکومت کے پاس اپنے سرکاری غنڈے موجود ہیں - جو ہر وقت ان کے پاس جمع رہتے ہیں اور پھاٹک پر کھڑے رہتے ہیں - جن کو تنخواہ نہیں ملتی بلکہ جنس کی صورت میں معاوضہ ملتا ہے -

جناب والا - اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ قبر چوروں کو کس طرح زمین ملتی ہے - پہلے پہل تو چند قبروں کی جگہ پر ایک تندور بنایا جاتا ہے جس کے لئے بظاہر کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہوتا - پھر آہستہ آہستہ وہاں ایک کوٹھا بن جاتا ہے اور کچھ زمین پر قبضہ جما لیا جاتا ہے - چونکہ وہاں کسی عمارت کے لئے نقشہ منظور نہیں ہو سکتا اس لئے ایسے حالات میں پانچ روپیہ تاوان ڈال کر چار کنال زمین پر کسی قبر چور کا قبضہ تسلیم کر لیا جاتا ہے -

جناب والا - میانی صاحب کے قبرستان کی گیارہ سو کنال اراضی تھی لیکن اب وہ صرف ساڑھے چار سو کنال رہ گئی ہے - اور وہ بھی اب جبکہ عدالتوں کی طرف سے حکم امتناعی جاری ہوا ہے تو کام کچھ رک گیا ہے ورنہ مکان تو وہاں دھڑا دھڑ بن رہے تھے اور یہ سب کچھ آپ کے انہیں نمائندوں نے کیا جنہیں آپ سیاسی رشوتوں کے طور پر نامزد کرتے ہیں - میں یہ عرض کروں گا کہ کم از کم کسی آدمی کو نمائندہ مقرر کرنے سے پہلے آپ اس کے اخلاق پر تو غور فرما لیا کریں اور یہ دیکھ لیا کریں آیا وہ شہریوں کی نمائندگی کر بھی سکتا ہے یا نہیں - آپ پس ماندہ لوگوں کو ضرور موقع دیں - میں یہ نہیں کہتا کہ کسی پس ماندہ کو بالکل موقع نہ دیا جائے لیکن آپ کسی ایسے شخص کو تو نامزد نہ کریں جو شہر کی نمائندگی کرنے کا اہل نہ ہو - آپ اس کے اخلاق کو بھی دیکھ لیا کریں -

چودھری چندو لعل سندر داس — (ضلع لاھور غیر مسلم مخصوص نشست) جناب والا ۔ میں جو کچھ کہنا چاھتا ھوں سوچتا ھوں کہ میں اسے کہوں بھی یا نہ کہوں کیونکہ اگر میں اسے صاف صاف کہنے کی جسارت کروں تو مجھے خدشہ ھے کہ کہیں وہ کسی طبقے کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچائے اور وہ ناراض ھو کر ھمیں سودا دینا بند نہ کر دیں ۔ لیکن پھر بھی میں اپنا فرض سمجھتا ھوں کہ اپنے مخصوص طبقے کی تکالیف کا ضرور ذکر کروں جن کی کہ میں نمائندگی کرتا ھوں ۔ جیسا کہ کل آپ نے پنچائت کا بل پاس کیا ھے مجھے اس پر کچھ کہنے کا موقع نہیں ملا ورنہ میں ضرور عرض کرتا کہ گاؤں کے لوگ پنچائتوں سے کس قدر تنگ ھیں اور دو روپیہ کسی ممبر کو دے کر دو سو روپیہ کی ڈگری حاصل کر لیتے ھیں لیکن چونکہ اس وقت پنچائت بل زیر بحث نہیں اس لئے میں اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن جو آج لاھور کارپوریشن کا ترمیمی بل ایوان میں مخدوم زادہ صاحب نے پیش کیا ھے اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ پہلے تو ایک حاکم تھا لیکن اب کارپوریشن کے لا محدود حاکم ھونگے جن کی تعداد حکومت نے مقرر نہیں کی ۔ صرف یہ لکھا ھے کہ ایک کمیٹی بنائی جائیگی جو کچھ ممبران پر مشتمل ھوگی ۔ گویا کہ حضور والا اب لا محدود تعداد حاکموں کی ھو جائیگی ۔ میں ان غریب ملازمین کارپوریشن کے متعلق کچھ عرض کروں گا جنہیں عملہ صفائی کہا جاتا ھے ۔ پہلے تو ان سے Compulsory labour یعنی بیگار صرف ایک حاکم لیتا تھا مگر اب جبکہ لا تعداد حاکم ھو جائینگے اور ان کے علاوہ ان حاکموں کے رشتہ دار اور دوست سبھی ان سے بیگار لیا کریں گے اور اس غریب عملہ صفائی کے لئے یہ لازم ھو جائیگا کہ وہ ان سب کو خوش کریں ۔ ایک تو وہ صبح ۴ بجے سے سات بجے تک سڑکوں کی صفائی کریں اور اس کے بعد سارا دن ان حاکموں اور ان کے دوستوں کی بیگار کریں ۔ یہ جناب والا ایک بہت بڑا ظلم ھوگا ۔ میں یہ چیز جناب والا ۔ پوری ایمانداری سے عرض کر رھا ھوں کہ ان

غریبوں کو سب کا جبر و تشدد برداشت کرنا پڑتا ہے اور اگر ذرا بھی کوئی آواز اٹھائی جاتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ ان کا پانی بند کر دو ۔ انہیں دوکانوں سے سودا دینا بند کر دو ۔ اور وہ غریب آواز بھی نہیں اٹھا سکتے اس لئے میں جناب والا ۔ یہ استدعا کرونگا کہ اس قسم کی کوئی کمیٹی مقرر نہ کی جائے ورنہ ان غریبوں کے لئے دوزخ کی آگ اور بڑھ جائیگی ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز—(ضلع لاہور ۔ مخصوص نشست) صدر محترم پیشتر اس کے کہ میں موجودہ بل کے متعلق کچھ عرض کروں میں یہ مناسب سمجھتی ہوں کہ لوکل باڈیز کے قیام کی تواریخ پر کچھ روشنی ڈالوں ۔ اس لئے مہربانی کر کے مجھے وقت دیا جائے تا کہ میں ان اداروں کے قیام کے متعلق وضاحت سے کچھ بیان کر سکوں ۔

صدر محترم ۔ یہ بلدیاتی ادارے جمہوریت کا پہلا قدم ہیں اور اس بات میں میرے سب بھائی مجھ سے متفق ہونگے کہ Local Self-Government کا مقصد یہ تھا کہ اپنے گھر میں اپنا انتظام ہو اور لوگ خود اپنے گھر کے متعلق سوچ بچار کر سکیں اس مقصد کے لئے بلدیاتی اداروں کا وجود عمل میں لایا گیا جو جمہوریت کا پہلا قدم ہیں ۔ اب صدر محترم میں ان کے قیام کی تاریخ کے متعلق کچھ عرض کروں گی ۔

(*At this stage Mr. Speaker resumed the Chair*).

Sir, I will quote from page 81 of the Report on Indian Constitutional Reforms. It reads:

> The system which we have described was originally due to imitation of the *quasi*-military organization of the Moghul Empire. The councils and local bodies are innovations, due to the totally different conception of administration which springs from English political thought. In large centres of population municipal institutions are a reality, and they form an oasis of popular control in the midst of an official system. In smaller towns official influence is still actually, though not technically strong. The boards to whom rural affairs are committed, though they often enjoy elected majority, are, in practical working, probably still weaker in relation to the official system than the Morelcy-Minto changes left the councils in relation to Government. The Organization is still well-suited in many ways to the needs of a backwards people and is well understood by them. Among all the suggestions made to us it has never been suggested that the system has broken down.

But, we shall be asked, what room is left for such all-pervading official activity since all towns of reasonable size have been made into municipalities, and since rural affairs are committed to district or local boards ? We have seen already that the hopes entertained of these bodies have not in the past been fulfilled. The avowed policy of directing the growth of local self-government from without rather than from within has, on the whole, been sacrificed to the need for results : and with the best intentions the presence of an official element on the boards has been prolonged beyond the point at which it would merely have afforded very necessary help up to a point at which it has impeded the growth of initiative and responsibility.

صدر محترم - سب سے پہلے ۱۸۵۰ء میں میونسپل کمشنرز مقرر کئے گئے - اس کے بعد ۱۸۷۱ء سے بر صغیر میں Municipal کمشنرز مقرر ہوئے اور کہیں کہیں انتخاب کا طریقہ بھی رائج کیا گیا - ۱۸۸۳ء سے ۱۸۸۵ء میں زیادہ انتخابات کے طریقے رائج کئے گئے اور جگہ جگہ میونسپل کمیٹیاں قائم کی گئیں - ۱۹۰۹ء کے انتخاب میں بہت سی میونسپل کمیٹیاں قائم ہوئیں اور ۱۹۱۵ء میں ان کو اور بھی وسیع کیا گیا - اس کے بعد ۱۹۱۹ء میں اکثر elected member مقرر کئے گئے اور اس کے ساتھ ساتھ چیئرمین اور پریذیڈنٹ بھی منتخب ہونے شروع ہوئے - اس طرح ۱۹۳۳ء میں سارے ہندوستان میں میونسپل کمیٹیوں میں ۸۳۲ منتخب شدہ ممبر تھے اور صرف ۳۴۷ نامزد ممبر تھے - ۱۹۳۵ء ایکٹ کے نفاذ کے بعد ۱۹۳۹ء میں سارے منتخب شدہ ممبر کر دئے گئے -

صدر محترم - یہ جس جمہوریت کے لئے اتنے بلند نعرے لگا رہے ہیں اس کا نمونہ مرکز میں دکھا چکے ہیں ، صوبائی اسمبلیوں اور صوبائی وزارتوں میں دکھا چکے ہیں اور آج ریپبلکن پارٹی اس کا نمونہ لوکل سیلف گورنمنٹ کو بالکل ختم کر کے دکھانے والی ہے - ۱۸۵۰ء کا نظام آج لاہور میں نافذ ہو رہا ہے - یہ خیال فرمائیے کہ ۱۰۸ سال کے بعد آج پھر وہی نظام رائج کیا جا رہا ہے - چار سال سے ایڈمنسٹریٹر مقرر ہوا تو کیا لاہور میں زیادہ صفائی ہوئی اور اس کی تعلیمی حالت زیادہ بہتر ہوئی ؟ اب یہ فرماتے ہیں کہ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ ایک الیکشن کمشن مقرر کیا جائے جو کہ چھ مہینے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گا اور نو مہینوں کے اندر الیکشن ہو جائیں گے - صدر محترم - ہمیں اس چیز کا بہت تلخ تجربہ ہے - مرکزی اسمبلی میں کہا گیا تھا کہ لاء کمشن مقرر کیا گیا ہے جو چھ ماہ کے اندر

رپورٹ پیش کرے گا اور اس کی رپورٹ کی روشنی میں اسلامی قوانین بنائے جائیں گے۔ اس کی رپورٹ کہاں ہے؟ اسی طرح ایک ذکواۃ کمیٹی بنائی گئی تھی۔ اس کی رپورٹ کہاں ہے؟ خواتین کے لئے فیملی لا کمیشن بنایا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ یہ چھ ماہ کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔ اس کی رپورٹ اب کہاں ہے؟ سابق صوبہ پنجاب میں جس وقت دفعہ ۱۹۳ الف کا نفاذ کیا گیا تھا تو کہا گیا تھا کہ چھ مہینوں کے اندر الیکشن کرائے جائیں گے لیکن دو سال کے بعد الیکشن ہوئے۔ ہمیں معلوم ہے کہ یہ کمیشن کتنا وقت لیتے ہیں۔ ہم اچھی طرح جانتے ہیں۔ لاہور جانتا ہے۔ لاہور کے رہنے والے جانتے ہیں کہ یہ اس لئے کیا جا رہا ہے کہ ریپبلیکن پارٹی کا وجود ملک میں ندارد ہے۔ ریپبلیکن پارٹی صرف ایوان کی سرکاری بنچوں تک محدود ہے۔ ہم لاہور کے بارہ میں سے دس ممبر آج اس طرف بیٹھے ہیں۔ ان کو معلوم ہے کہ عوام مسلم لیگ کے ساتھ ہیں اور جو میونسپلٹیاں موجود ہیں وہ بھی اکثر مسلم لیگ کی حامی ہیں۔

صدر محترم۔ لاہور میں ان وزیر بلدیات نے کمیٹی نامزد کی۔ آپ کو معلوم ہے کہ کس قماش کے لوگ اس کمیٹی میں نامزد کئے گئے۔ کیا وہ ایسے لوگ ہیں ن کو کام کا کچھ تجربہ ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ اس لئے کیا گیا ہے کہ وہ لوکل باڈیز کے انتخابات کرانا نہیں چاہتے اور اس حالت میں اس کا کیا فائدہ ہے کہ اسمبلیوں کے انتخابات ہوں جب کہ ہمارے گھروں میں آگ لگی ہو اور آزادی سلب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہو۔ میں کہنا چاہتی ہوں کہ الیکشن ہونے سے ملک کی حالت بہتر ہو سکتی ہے اگر صحیح نمائندے منتخب ہو کر آئیں اگر یہ اصول مانتے ہوں تو کیوں لوکل باڈیز کی الیکشن نہ کی جاوے۔ ہمارے نزدیک تو سب سے اہم مسئلہ کشمیر ہے اور اپنی آزادی کی سالمیت کا ہے۔ ۱۰۸ سال کے بعد پھر ہم سے لوکل سیلف گورنمنٹ چھینی جا رہی ہے۔ یاد رکھیئے کہ جن حکمرانوں نے ایسے اقدامات کئے ان کا حشر بہت برا ہوا۔ دیکھ لیجئے ۱۹۴۲ء

میں نوری السعید نے کیا کیا - امیر عبداللہ نے کیا کیا - آج ان کی لاشوں کی کیا حالت ہوئی - بہتر اس کے کہ اس ملک میں کوئی انقلاب آ جائے آپ سیدھے راستے پر آجائیں - لوگ دل برداشتہ ہوتے چلے جا رہے ہیں کیوں کہ ان کی صحیح آزادی کو سلب کیا جا رہا ہے - ان کا یہ حق ہے کہ وہ اپنے نمائندے خود چنیں - ان کے چنے ہوئے نمائندوں کو یہ معلوم ہوگا کہ انہیں پھر عوام کے سامنے جانا ہے - اس لئے وہ کوئی ایسا کام نہیں کر سکتے جو عوام کے مفاد کے خلاف ہو - اقربا پروری - رشوت ستانی اور بد دیانتی کی وجہ سے عوام دل برداشتہ ہو رہے ہیں - وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی آزادی کو سلب کیا جا رہا ہے - شاید آپ اپنے گھروں میں بیٹھے ان کے جذبات سے نا واقف ہوں - اب بھی وقت ہے - خدا را اس بل کو واپس لیجئے - میرے سامنے میرے بھائی اور میری بہنیں جو تشریف فرما ہیں میری ان کی خدمت میں التماس ہے کہ آپ کی شہری آزادی کو سلب کرنے کے لئے یہ پہلا قدم اٹھایا گیا ہے - اس میں ان کو کامیاب نہ ہونے دیجئے -

میں درخواست کرتی ہوں کہ اس کے متعلق رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے اس بل کو مشتہر کیا جائے تا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ عوام اس کو منظور کرتے ہیں یا نہیں اور میں اس motion کی پر زور تائید کرتی ہوں -

مخدوم زادہ سید حسن محمود-(وزیر سوشل ویلفیر و لوکل گورنمنٹ) - صاحب صدر - جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے کہ نامزدگی ایک کی ہو یا ایک سے زیادہ نمائندوں کی ہو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو پرانے قوانین کے ماتحت بھی یہ اختیار حاصل تھا کہ منتخب نمائندوں کی بجائے جب supersession ہو تو وہ کسی ایک افسر کو یا پبلک کے نمائندے کو بحیثیت Administrator نامزد کر سکتی تھی - یہ اصول کوئی آج پیش نہیں کیا گیا بلکہ مدتوں سے چلا آ رہا ہے - جناب صدر لاہور کارپوریشن ایکٹ میں جو ترمیم

کی گئی ہے اس کی مثال سندھ کے قوانین میں کئی برسوں سے چلی آ رہی ہے اور یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ جناب صدر یہ کہنا کہ اقلیتوں کو اس ایکٹ کے پاس ہونے سے نقصان ہوگا اور ان کو کئی لوگوں کی خوشامد کرنے پر مجبور کیا جائے گا قطعی طور پر غلط ہے۔ جہاں تک ہیلتھ آفیسر کا تعلق ہے وہ ایڈمنسٹریٹر کے بھی ماتحت ہے اور ممبروں کے بھی۔ میں اقلیتوں کے نمائندوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے ساتھ اگر پہلے کوئی زیادتی ہوئی ہے تو آئندہ نہیں ہوگی۔ اور اگر وہ اپنے کام پر پوری توجہ دیتے رہیں گے تو ان کو کوئی آفسر نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

جناب صدر۔ جہاں تک صحیح یا غلط نمائندوں کا تعلق ہے ممکن ہو سکتا ہے کہ گورنمنٹ نے ایسی بھی نامزدگیاں کی ہوں جن کے متعلق ہمیں صحیح معلومات حاصل نہ ہوں اور یہ بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ وہ عوام کی نمائندگی کرنے کے قابل نہ ہوں۔ جو لوگ اس Administrative Committee پر کام کرنے کی خواہش رکھتے ہوں وہ ہمارے پاس تشریف لائیں حکومت ان کے ناموں پر ضرور غور کرے گی۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اگر بعض حضرات ایسے ہوں جن کو Administrative Committee پر نہیں ہونا چاہیئے تھا تو میں ان کے نام معلوم ہونے پر ضرور تحقیقات کروں گا اور مناسب ازالہ کروں گا۔ اس قسم کی کارروائی میں صرف اس لئے کرنا چاہتا ہوں کہ میرا واحد مقصد لاہور کے عوام کی خدمت کرنا ہے۔ میں لاہور شہر کو صاف ستھرا دیکھنا چاہتا ہوں۔ میں یہاں کے ہسپتالوں کے انتظام و انصرام کو بہتر بنانا چاہتا ہوں۔ میں سکولوں کا انتظام بھی بہتر دیکھنے کا متمنی ہوں جہاں ہماری قوم کے ہونہار بچے جو قوم کی امانت ہیں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ صاحب صدر میں سمجھتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ ایک آدمی کو ان سارے کاموں کو سر انجام دینے کے لئے مقرر کر دیا جائے قرین مصلحت یہی ہے۔ کہ قوم کے نمائندوں کو موقع دیا جائے کہ وہ ان سب کاموں

کو خود کریں اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس ذمہ داری کو بطریق احسن نبھائیں گے - اس لئے میں سب سے درخواست کرتا ہوں کہ اس میں کوئی motives attribute کرنے کی ضرورت نہیں - یہ قانون انشا اللہ بڑا مفید ثابت ہوگا اور اگر ہم غلط کام کریں گے تو اس سے آپ ہی کو فائدہ ہوگا - ان حالات کے پیش نظر حزب اختلاف کو شکایت کرنے کی ضرورت نہیں -

Mr. Speaker : The question is—

That City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion by 31st October, 1958.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker: Now the Assembly will consider the Bill clause by clause.

Clause 2

Sheikh Muhammad Saeed (SARGODHA DISTRICT) : Sir, I beg to move—

That in clause 2 after the words "Administrative Committee" appearing in lines 3 and 4 the words "or Administrator" be added.

جناب والا — میں مختصر سی تقریر میں اپنی گذارشات پیش کروں گا جن کو شاید وزیر بلدیات صاحب تسلیم کرلیں - جناب صدر - لوکل باڈیز ایکٹ کے ذریعے انگریز نے عوام کو تھوڑی سی آزادی دی تھی اور لوکل باڈیز اس لئے قائم کی گئی تھیں کہ عوام ان سے جمہوریت کی تربیت حاصل کر سکیں - دراصل انگریزوں نے یہ تربیت گاہیں کھولی تھیں - میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے انتظام میں عوام کے نمائندوں کو لانے کا مقصد یہ تھا کہ یہ لوگ عوام کے خزانے کی دیکھ بھال کریں اور رائے عامہ کا احترام کریں - اور اگر بعض وجوہات کی بنا پر یہ مشینری قائم نہ رہ سکے تو حکومت نے یہ اختیار اپنے ہاتھ میں رکھا تھا کہ وہ اپنے کسی مستقل ملازم کو مقرر کردے جو اس ادارے کے انتظام کو چلائے - ایسی صورت میں مستقل ملازم اس لئے مقرر کرنا ضروری سمجھا گیا کہ وہ لوکل باڈی کے انتظام کو ایمانداری اور پوری تن دہی سے چلائے گا اور اسکو ہر وقت یہ خیال رہے گا کہ اگر اس نے اپنے فرائض کی انجام

دھی میں کوتاھی برتی یا بددیانتی کی تو اسے نوکری سے الگ کر دیا جائے گا ۔ یا اسکے خلاف کوئی اسی قسم کی دوسری کاروائی کی جاسکے گی ۔ وہ چونکہ براہ راست حکومت کے سامنے جوابدہ ہوتا تھا اسلئے سرکاری خزانے کی حفاظت کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتا تھا اور عام طور پر وہ اپنے اختیارات کو بے جا استعمال نہیں کرتا تھا ۔ عوام کے نمائندے رائے عامہ کا احترام کرتے تھے اور وہ عوام کے سامنے جوابدہ ہوتے تھے اور حکومت کا مستقل ملازم حکومت کو جوابدہ ہوتا تھا ۔ مگر جناب والا ۔ سید حسن محمود صاحب کے دماغ نے ایک تیسری شق نکالی ہے اور جمہوریت کے نئے معنی نکال لئے ہیں ۔ جناب صدر جب سے لوکل باڈیز کا سسٹم جاری ہوا ہے آج تک کبھی بھی کسی پرائیویٹ آدمی کو ۔ کسی پبلک کے آدمی کو ایڈمنسٹریٹر مقرر نہیں کیا گیا ۔ کیا یہ کسی کے ذہن میں آسکتا تھا کہ مخدوم سید نذر حسین شاہ کو لائلپور کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیا جائے گا ۔ جناب والا ۔ ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کرتے وقت حکومت کسی شخص کی قابلیت اس کی ذہانت کو مد نظر رکھا کرتی تھی ۔ مگر اب تو حکومت نہ اسکی ذہانت کو دیکھتی ہے نہ اس کی قابلیت کو دیکھتی ہے ۔ اب تو حکومت صرف اتنا جانتی ہے کہ اسکے پاس اختیارات ہیں جس کو چاہے مقرر کر دے کوئی اس پر اعتراض نہیں کرسکتا ۔

جناب والا— انہوں نے اس پر لکھا ہے Administrator کے بجائے Administrative Committee مقرر کی جائیگی تاکہ حکومت کے ایک نامزد سرکاری افسر کی بجائے عوام کے ایک سے زیادہ نامزد آدمی ان اداروں کا کام چلائیں ۔ سوال یہ ہے کہ جب وہ یہ کہتے ہیں کہ وہ عوام کے بغیر ان اداروں کو نہیں چلا سکتے تو ایسی صورت میں کیا یہ مناسب ہے کہ عوام کے نمائندوں کو بلدیاتی اداروں میں نامزد کیا جائے تاکہ یہ ادارے بقول ان کے عوام کے نمائندوں کے ذریعہ چلیں ۔ بار بار حسن محمود صاحب نمائندوں کا نام لیتے ہیں مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ لوگ جو کچھ کر رہے ہیں

یہ آجتک کسی نے نہیں کیا میں پوچھتا ہوں کہ جو لوگ Administrative Committees میں نامزد ہوکر آئینگے وہ کس کے نمائندے ہونگے یہ لوگ چونکہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوکر نہ آئینگے اس لئے ان کا نہ تو عوام سے کوئی رابطہ ہوگا اور نہ یہ عوام کے سامنے جواب دہ ہونگے نہ یہ مستقل تنخواہ دار ہیں جنکو یہ خیال ہو کہ کم سے کم ہمکو تنخواہ ملے گی ۔ لہذا جو کام ہمارے سپرد کیا گیا ہے ۔ ہم اس سے کسی نہ کسی طرح عہدہ برآ ہوں ۔ نہ یہ سرکاری ملازم ہیں کہ جو حکومت کے سامنے جواب دہ ہوں گے ۔ اس لئے میری تجویز ہے کہ اس میں Administrator کا لفظ بھی شامل کر لیا جائے تاکہ جب یہ کمیٹیز ناکام ہوں اور آپ شرمسار ہوں تو کسی اچھے سرکاری ملازم کو اس کمیٹی یا بلدیاتی کمیٹی میں رکھ سکیں اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس میں لفظ Administrator کا اضافہ کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 2 after the words "Administrative Committee" appearing in lines 3 and 4 the words "or Administrator" be added.

The motion was lost.

Sheikh Muhammad Saeed (SARGODHA DISTRICT): Sir, I beg to move—

That in clause 2 after the words "Administrative Committee" appearing in lines 3 and 4 the words "the members who have vacated their seats and whose numbers shall not be changed during the tenure of the Administrative Committee" be added.

جناب والا— جیسا کہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں اور ایکبار پھر عرض کرونگا کہ وہ لوگ جنکو پہلے بھی آپ نے دھاندلیوں اور برے طریقوں سے منتخب کرایا اور لوگوں پر مسلط کرایا ہے انکی حیثیت ان لوگوں سے بدرجہا بہتر ہے جو نہ تو منتخب ہوکر آئے ہیں اور نہ جنکے پاس عوامی نمائندگی کا کوئی سرٹیفیکٹ ہے ۔ اگر آپ اس بات پر اتر آئے ہیں کہ Administrative Committee ضرور بنائی جائے تو میں آپکو مشورہ دونگا کہ آپ منتخب نمائندوں کی تعداد کو زیادہ کریں ۔ اس وقت تو آپ نے منتخب نمائندوں کی تعداد کو کم کیا ہے جہاں ۷۰ نمائندے تھے وہاں ۴۲ کر دئے ہیں اسیطرح دوسرے مقامات پر آپ نے ممبران کی تعداد کو

جو پہلے سے منتخب ہوکر آئے ہیں تھوڑا کر دیا ہے - آپ
یہ کریں کہ جو نمائندے منتخب ہوکر آئے ہیں جو کسی
وقت کمیٹی کے ممبر تھے جو کسی وقت ڈسٹرکٹ بورڈ میں
ووٹ حاصل کر کے آئے تھے صرف ان میں سے آپ یہ نمائندے
منتخب کر لیں - بدقسمتی سے ہمارے ملک میں یہ ریت
ہوگئی ہے کہ ہر طریقہ سے عوام سے براہ راست رابطہ نہ قائم
کیا جائے اور ہر جگہ جمہوریت کو توڑ مروڑ کر پیش کیا
جائے - بدقسمتی سے ہمارا یہ ایوان بھی براہ راست منتخب
شدہ ایوان نہیں ہے - بہر حال اتنی بات تو آپ سب کہہ
سکتے ہیں کہ اگر آج ہم براہ راست ووٹ سے منتخب
نہیں ہوئے ہیں تو آج سے آٹھ سال پہلے تو منتخب ہوئے
تھے آپ اس چیز پر غور فرمائیے - اور ڈسٹرکٹ بورڈوں اور
بلدیاتی کمیٹیوں میں جو منتخب نمائندے ہیں آپ ان میں
سے ممبر منتخب کرلیجئے - آپ اپنے آدمی نامزد کرلیجئے -
آپ بخوشی ان لوگوں کو لائیے لیکن اس طرح کم سے کم
وہ نمائندہ تو ہوگا ان لوگوں کا جو منتخب ہوکر آئے
تھے اور اس طرح آپ پر یہ اعتراض نہ ہوگا کہ آپ
جمہور کی نمائندگی کے دشمن ہیں آپ جمہور کو قطعاً نمائندگی
دینا نہیں چاہتے - آپ اتنی تسلی تو ہمکو دلادیں کہ
جب کوئی نمائندہ لینگے تو انہیں میں سے لینگے جو منتخب
شدہ ہیں - کم از کم اتنا تو کریں کہ آپ ان لوگوں
کو منتخب حیثیت دیدیں تاکہ عوام آپ کے ذمہ یہ الزام
نہ دھریں کہ آپ یکسر جمہوریت کے منکر ہیں - آپ یکسر
جمہوریت سے عاری ہیں -

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 2 after the words "the Administrative Committee" appearing in lines 3 and 4 the words "the members who have vacated their seats and whose numbers shall not be changed during the tenure of the Administrative Committee" be added.

The motion was lost.

Mian Manzoor-i-Hassan: (GUJRANWALA DISTRICT): Sir, I beg to move—

That in clause 2 after the word "Committee" appearing in the last line, the words and commas, "consisting of three persons, one of whom shall be a Government servant", be added.

Mr. Speaker: It is about one of the olock now. The Assembly stands adjourned to meet again at 3 p. m. At 5-30 we are taking up the adjourment motion. Probably there will be a late sitting also. Therefore, the Leader

of the House has invited all the members to take dinner downstairs in the Tea Room to night.

(*The Assembly then adjourned till 3 O'clock*).

The Assembly re-assembled at 3-15 p. m. Mr. Speaker in the Chair.

میاں منظور حسن - جناب والا— اس کلاز کی رو سے ہماری حکومت یہ انتظام کر رہی ہے کہ لاہور کارپوریشن میں وہ غیر نمائندہ عناصر داخل کئے جائیں جن کی فی‌ذاتہ نہ کوئی حیثیت ہے اور نہ ہی کوئی وقعت - اور جن کو اتنا بھی احساس نہیں کہ فرائض کس جانور کا نام ہے - وہ چاہتی ہے کہ ایسے فرض ناشناس لوگوں کو لاہور کے عوام پر مسلط کر کے یہاں کا نظم و نسق ان کے حوالے کر دیا جائے اور اس طرح عوام پر عرصہ حیات تنگ کر دیا جائے - یہ سازشی عناصر لاہور کی وہ نام نہاد بے لگام فوج ہے جس کا نہ کوئی جرنیل ہے اور نہ ہی کوئی سپاہی - یہ لوگ اس حکومت کے زہر سایہ ہیں جس کے وزراء کی تعداد ممبروں سے زیادہ ہے جیسا کہ آپ اس ہاؤس میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں - جس کا نہ کوئی اصول ہے - نہ تنظیم - نہ اتحاد اور نہ ہی لیڈر -

جناب والا— میں یہ عرض کر رہا تھا کہ لوکل باڈیز میں ان لوگوں کی ناجائز حرکات کی وجہ سے نفرت کا لاوا پھوٹ رہا ہے - جس سے ہمیں اندیشہ ہے کہ کہیں اس نقصان کے ساتھ ساتھ ہمارے وطن کا نقصان ہی نہ ہوجائے - ایسے لوگوں نے ہر موقع پر اسلام کو زک پہنچائی ہے یہی وہ لوگ ہیں جو ہماری آزادی کو بار بار غلامی میں بدلتے رہے ہیں - تاریخ اٹھا کر دیکھئے کہ کس طرح ہر مرحلے پر ان لوگوں نے آزادی پر غلامی کو ترجیح دیتے ہوئے غلامی کو دعوت دی ہے - حصول آزادی کے بعد آپ کے آئین نے یہ ضمانت دی ہے کہ ملک میں حکومت جمہوری اصولوں کے مطابق چلائی جائیگی - لہذا اب فرعونیت اور ظلم و استبداد کی کوئی گنجائش نہیں - مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اس کے باوجود آپ ظلم و استبداد پر مبنی حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں - چنانچہ

موجودہ حالات کے پیش نظر میں آپ کو متنبہ کرتا ہوں کہ قائداعظم مرحوم کے پیروکار اب بھی اس صوبے میں موجود ہیں ۔ اور قائداعظم کی پھونکی ہوئی روح بھی ہر جگہ کار فرما ہے ۔ وہ وقت دور نہیں جب لوگ صحیح قومی جذبے کے ماتحت اٹھ کر آپ کو شکست فاش دینگے اور آپ سسکتے ہی رہ جائیں گے ۔

حضور والا— میں اس پروویژن کے اثرات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ عرض یہ ہے کہ اگر حکومت کے پاس اقتدار اپنے ہاتھ میں رکھنے کی غرض سے ایڈمنسٹریٹو کمیٹی کی تشکیل ہی آخری حربہ ہے تو بنا لیجئے ۔ کوئی ہرج نہیں ۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ جن لوگوں کے ہاتھ میں اس وقت اختیارات ہیں آپ ان میں بھی حصہ دار بننے کی کوشش کریں ۔ اور کہیں تو چنگی والوں کے پیچھے بھاگتے پھریں اور کہیں خوانچہ فروشوں سے کہتے پھریں ۔ بھئی اگر دو روپے کمیٹی کو دیتے ہو تو ایک روپیہ ریپبلیکن پارٹی کے لئے بھی دو ۔ چانچہ گوجرانوالہ میں جب وزیر اعلےٰ صاحب تشریف لائے تو ان کی دعوت کیلئے خوانچہ فروشوں سے ایک ہزار روپیہ اکھٹا کیا گیا ۔ ہم نے بھی ایک سو روپے اکھٹے کر کے دئے جن کی رسیدیں ہمارے پاس موجود ہیں ۔ اس دعوت میں کوئی ڈیڑھ سو کے قریب اشخاص نے شرکت کی اور اس میں گیہوں سے بنی ہوئی چیزیں مہیا کی گئیں اور قواعد کی صریحاً خلاف ورزی کی گئی ۔ میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ اگر اس قسم کا کھانا کسی غریب کی بیٹی کی شادی پر پکایا جاتا تو پولیس کھانے سمیت متعلقہ لوگوں کو گرفتار کرلیتی ۔ میں وزیر اعلےٰ صاحب کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ میرے بیان کی تردید کریں ۔

Mr. Speaker: The honourable member's amendment is that there should be three persons, one of whom shall be a Government Servant. If he wants to make such a speech, either he should have done so during the first reading or at the third reading. During clause by clause consideration of the Bill he should confine himself to the amendment.

میاں منظور حسن - علاوہ ازیں جب وزیر اعلےٰ گوجرانوالہ پہنچے تو انہیں سونے کی مہروں کا ایک ہار پہنایا گیا اور جن لوگوں

نے وہ ہار پہنایا انہیں ایک دن بعد وہاں کی کمیٹی کا ممبر نامزد کیا گیا ۔ میں مانتا ہوں کہ وزیر اعلےٰ نے اس سونے کا صحیح استعمال کیا ہوگا مگر اس قسم کی مثال کوئی اچھی چیز نہیں ۔

جناب والا— میری گذارش یہ ہے کہ ان لٹیروں کی ذات کو محدود کرنا چاہئے اگر آپ نے دو آدمی اپنے رکھنے ہوں تو ان کے ساتھ ایک سرکاری ملازم بھی رہنے دیجئے تاکہ نظم و نسق کا توازن قائم رہے ۔ در اصل بات یہ ہے کہ آپ کی وزارت کی مثال چراغ سحری کی سی ہے ۔ کوئی پتہ نہیں کس وقت بجھ جائے ۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ ملازموں پر ایسے لوگ ٹھونس دیں جن پر نہ عوام کو اعتماد ہو اور جن سے نہ ہی ماتحت خوش رہ سکیں ۔ گوجرنوالہ میں ایک افسر جو کمیٹی کے ممبروں کے ساتھ مرغ وغیرہ کی دعوتیں کھایا کرتا تھا کسی وجہ سے پھنس گیا اور بالاخر اس بیچارے پر بیس مقدمے بن گئے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 2 after the word "Committee" appearing in the last line, the words and commas, "consisting of three persons, one of whom shall be a Government servant" be added.

The motion was lost.

شیخ محمد سعید—(ضلع جھنگ)—جناب والا—میں اس کلاز کی مخالفت کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ حضرت قائداعظم نے لاہور کو پاکستان کا دل کہا تھا ۔ آج ری پبلکن پارٹی نے اپنے محاسبہ سے ڈرتے ہوئے اور اپنے انجام کو دیکھتے ہوئے پاکستان کی سالمیت پر حملہ کیا ہے ۔ آپ نے جمہوریت کشی کی ابتدا اسی لاہور سے کی ہے ۔ جہاں پاکستان کی آزادی کا الم سربلند کیا گیا تھا ۔ جہاں کے نوجوانوں میں سے ہزاروں نے اپنے سینوں پر گولیاں کھائیں ۔

آپ منتخب نمائندوں کی بجائے ۔ ووٹوں سے حاصل کی ہوئی حکومت کی بجائے ایسی حکومت چاہتے ہیں جو ناپائیدار ہو ۔ یہی وجہ ہے کہ آپ لاہور کارپوریشن میں ایک Administrative Committee نامزد کرنا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker: If he wants to give vent to such feelings let him do so by moving a proper motion. He should not make such a stereotype speech on the clause of a Bill.

شیخ محمد سعید—جناب مجھے اجازت دیں—آپ میری تقریر کو irrelevant نہیں پائیں گے۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تو صرف یہی کہہ رہے ہیں کہ ری پبلکن پارٹی نے یہ کیا ہے اور وہ کیا ہے۔

شیخ محمد سعید اس لئے کہ ان کی داستان واقعی سیاہ اور داغدار ہے۔ اب جناب والا—یہ دیکھنا ہے کہ آپ نے کس طرح عوام پر عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جہاں بھی کوئی نمائندہ بھیجا جائے خواہ وہ اسمبلی میں ہو یا لوکل باڈیز میں۔ وہ انتخاب کے ذریعہ سے جائے یا عوام میں سے جائز انتخاب کے لئے کوئی شخص کھڑا ہوسکے۔ نہ یہ کہ چور دروازے سے جیسا کہ ری پبلکن پارٹی نے ایک انوکھا طریقہ اختیار کر لیا ہے۔

آج ہم دیکھتے ہیں کہ حکومت نامزد کر کے لوگوں کو چور دروازے سے لانا چاہتی ہے جو کسی طرح سے بھی جائز نہیں۔ اس وقت آپ کے حواری ایسے لوگ ہیں جو بھوکے ہیں یہ لوگ آج آپ کے درباری بنے ہوئے ہیں اور آپ کا خیال ہے کہ یہ آپ کے ایک ایک قطرہ پر اپنا پاؤ بھر خون بہا دیں گے یہ آپ کی بھول ہے۔ یہ محض نادان دوست ہیں اور زبانی زبانی آپ کے ساتھ ہیں۔ جب آپ کے بعد اور لوگ برسراقتدار آئیں گے تو یہ ان کے ساتھ ایسے ہی اپنی وفاداری کا اظہار کریں گے اور ایسے ہی ان کی خوشامد کریں گے۔ یہ ہر جائی ہیں اور ان سے وفا کی امید رکھنا عبث ہے۔ کیا آپ ان کے بھروسہ پر الیکشن لڑیں گے۔ جب آپ ووٹوں کے لئے ان کے پاس جائیں گے تو آپ ان کو کہیں بھی نہیں پائیں گے۔ اس طرح آپ کروڑوں روپیہ برباد کر دیں گے۔ یہ ایسا سیاہ داغ ہوگا جو آپ کسی election campaign سے بھی نہیں دھو سکیں گے۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ آئندہ انتخابات میں قطعاً ناکام ہوں گے۔ وہ لوگ جو آپ سے شیریں زبانی اور چرب زبانی سے باتیں

کرتے ہیں آپ ان کو چور دروازے سے داخل کرنا چاہتے ہیں - تاکہ وہ عوام کے سامنے جواب دہ نہ ہوں - اس سے نہ تو ملک کی بہتری ہوگی اور نہ ان لوگوں کی - آپ نے تین جگہ اس قسم کا تجربہ کیا ہے اور آپ نے دیکھا ہے کہ تینوں جگہ وہ کتوں کی طرح لڑ رہے ہیں - اور کمیٹی کا روپیہ کھا رہے ہیں -

میر علی احمد خان تالپور— آپ کو معلوم ہے کراچی میں مسلم لیگ کونسلرز کس طرح لڑ رہے ہیں -

Mr. Speaker: The question is:

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Khawaja Muhammad Safdar (SIALKOT DISTRICT): Sir, I beg to move

That in clause 3 in the proposed section 394 (1) (*b*) (*i*), for the words "consisting of such persons and such number of them as the provincial Government may from time to time appoint in that behalf" appearing in the last 4 lines, the words "consisting of all the members of the Corporation who have vacated their seats on the date of notification" to be substituted.

جناب والا— لاہور کارپوریشن کا مسئلہ مغربی پاکستان کی دوسری لوکل باڈیز سے بالکل جدا ہے - اس موضوع پر اظہار خیالات کرتے ہوئے جناب وزیر بلدیات نے فرمایا تھا کہ آہستہ آہستہ رولز بنتے رہیں گے اور ان کے مطابق Local Bodies کو الیکشن کا اختیار دے دیا جائے گا - انہوں نے کہا تھا کہ چونکہ مغربی پاکستان میں اب مختلف قسم کے قانون بنائے گئے ہیں - مثلاً بلوچستان کے علاقہ کے لئے کسی اور طرح کے قانون ہیں اور فرنٹیر میں دوسرا طریقہ اختیار کیا گیا ہے - اس لئے یکسانیت پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ایک ہی قسم کے قانون بنائے جائیں - میں ان کی اس دلیل کو تسلیم نہیں کرتا - کیونکہ ان کی اس دلیل کا موجودہ حالات میں کوئی جواز نہیں ہے - نیز لاہور ایک اکلوتا قسم کا شہر ہے جس کی ضروریات دوسرے شہروں سے بالکل جدا ہیں - اگر جناب مخدوم زادہ صاحب کی یہی خواہش ہے کہ وہ الیکشن نہیں ہونے دیں گے تو پھر وہ ہماری یہ تجویز مان لیں کہ وہ لوگ جو پہلے الیکشن میں منتخب ہوئے اور جن کو آپ نے کارپوریشن سے علیحدہ

کیا تھا ان کو دوبارہ آنے کا موقع دیں - اس طرح ان کی بات بھی رہ جائے گی - اور نامزدگی کرنے کی ضرورت بھی پیش نہیں آئے گی - مجھے امید ہے کہ میری اس ترمیم کو تسلیم کر لیا جائے گا اور حکومت اپنے احکام کو revise کرے گی کیونکہ ان باتوں میں کوئی logic اور کوئی common sense نہیں ہے - اگر وہ کوئی صحیح argument نہیں دے سکتے تو کیا وجہ ہے کہ الیکشن نہ کرائے جائیں - آپ مہربانی فرما کر ان لوگوں کو ہی جو پچھلے الیکشن میں کامیاب ہوئے Administrative Committee کے ممبر بنا دیں تاکہ وہ بآسانی اپنا اپنا کام چلا سکیں -

Mr. Speaker: The Corporation can be supreseded under section 393. The proposed sub-clause 394 (*b*) (*i*) says that when the Corporation is superseded, all powers and duties of the Corporation shall be exercised by a committee, called as Administrative Committee, consisting of such persons and such number of them as the Provincial Government may from time to time appoint. The amendment proposed by Khawaja Muhammad Safdar seeks to have all the members of the Corporation which has been superseded. This would mean that the order of supersession will become null and void. The amendment is, therefore, clearly ou of order.

Sardar Muhammad Zafrullah : Sir, I have got an amendment to this clause.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, this amendment is also out of order on the same grounds.

Mr. Speaker : Yes, this is also out of order. Yes, Sheikh Muhammad Saeed.

Sheikh Muhammad Saeed (SARGODHA DISTRICT) : Sir, I beg to move :—

'That in clause 3, in the proposed section 394 (1) (*b*) (*i*) for the words "such persons and such number of them as the Provincial Government may from time to time appoint in that behalf" appearing in the last 4 lines, the words "persons who have once been elected as the members of the Corporation and whose number once fixed shall not be changed subsequently" be substituted.

جناب والا— یہ کمیٹی عوام پر مسلط کی ہے اس کا نام "نمائندہ کمیٹی" رکھا گیا ہے - نہ تو یہ کمیٹی منتخب افراد پر مشتمل ہے اور نہ ہی عوام نے اسے منتخب کیا ہے - لہذا میں حیران ہوں کہ اسے کس طرح "نمائندہ کمیٹی" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے - اسے کسی صورت بھی نمائندہ حیثیت نہیں دی جا سکتی - جس طرح سے آپ نے گذشتہ تین سال میں انتخابات کرائے ہیں اسی طریق سے آپ انہی ذرائع کو بروئے کار لاکر اور ہر جائز و ناجائز حربہ استعمال کر کے بلدیاتی اداروں میں انتخاب کروا

سکتے تھے - آپ کے لئے یہ کوئی مشکل کام نہیں تھا - اس طرح کم از کم انہیں نمائندگی کا درجہ تو دیا جا سکتا تھا - دوسری چیز جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ان کی کوئی تعداد مقرر نہیں کی اور اگر ایک دفعہ آپ کوئی تعداد مقرر کرتے ہیں تو ان کے اوپر ناجائز دباو ڈالا جاتا ہے کہ اگر بغاوت کی تو ہم آپ کو نکال دینگے اور جس طرح آپ نے جھنگ میں کیا ہے اس کی مثال آپ کے سامنے ہے - وہاں آپ نے ۱۷ آدمیوں کی ایک کمیٹی مقرر کی لیکن آپ کی بدقسمتی سے وہ آپسمیں لڑ پڑے -

کرنل سید عابد حسین شاہ—مگر باوجود آپ کی کوششوں کے ان میں صلح ہوگئی اور آپ کی کوششیں ناکام ثابت ہوئیں -

شیخ محمد سعید - آپ نے انہیں رشوت دیکر صلح تو کروا دی ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ پھر لڑ پڑینگے - آپ نے انہیں دھمکی دی تھی کہ دس آدمی جو آپ کے خلاف ہوگئے تھے ان کی بجائے ۱۷ اور آپ نامزد کرلینگے سات پہلے ہی آپ کے ساتھ تھے - اس طرح آپ نے ان کی تعداد بڑھا کر ۲۴ بنا دی - آپ تین چار کو اور اپنے ساتھ رشوت دیکر ملالینگے - بیگم شاہنواز صاحبہ نے تو ۲۰۰ سال کی تاریخ کا حوالہ دیا ہے میں کہتا ہوں کہ چنگیز خان اور ہلاکو خان کے وقت میں بھی ایسا نہیں کیا گیا - میں یہ عرض کرونگا کہ یہ چیزیں آپ کے خلاف جائینگی - جب آپ عوام کے سامنے جائینگے تو عوام آپ کو کبھی اپنا نمائندہ تسلیم نہیں کرینگے - اسی ڈر سے آپ یہ سب کچھ کر رہے ہیں اور ان اداروں میں الیکشن نہیں کرواتے - آپ یہ قوم پر ظلم کر رہے ہیں - اسی لئے قوم آپ پر اعتبار نہیں کرتی - آپ کی زبان میں پختگی ہونی چاہئے - آپ جو بھی قوم سے وعدہ کریں اسے آپکو پورا کرنا چاہئے تاکہ قوم آپ پر اعتبار اور بھروسہ کرسکے - ان الفاظ کے ساتھ میں یہ استدعا کرونگا کہ ان نمائندہ

کمیٹیوں میں انتخاب کے ذریعہ ممبروں کو لایا جائے تاکہ وہ صحیح طور پر قوم کے نمائندے کہلانے کے مستحق ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 3, in the proposed section 394 (1) (*b*) (*i*) for the words "such persons and such number of them as the provincial Government may from time to time appoint in that behalf" appearing in the last 4 lines, the words "persons who have once been elected as the members of the Corporation and whose number once fixed shall not be changed subsequently" be substituted.

The motion was lost.

Sheikh Muhammad Saeed (SARGODHA DISTRICT) : Sir, I beg to move :

That in sub-clause (4) of Clause 3 the entire remaining sub-clause appearing after the full-stop in line 7 be deleted.

جناب والا— حکومت نے جمہوریت کا گلا گھونٹنے کیلئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ اس ملک کے عوام کو زمانہ جاہلیت کی طرف لے جائیں ۔ آپ نے عوام پر اتنا بھروسہ نہیں کیا کہ جو کچھ آپ کرینگے وہ اسکو قبول کرینگے اور وہ واقعی آپ کے زیر سایہ رہیں گے یا نہیں ۔ آپ نے لوگوں کی آزادی اور جمہوریت پر حملہ کیا ہے اور یہ کہہ دیا ہے ۔

If there is any doubt or difficulty about the application of any of the provisions of this Act, or any rules or by-laws made thereunder, to the Administrative Committee or its Chairman or Vice-Chairman, the matter shall be referred to the Provincial Government whose decision shall be final and shall not be questioned in any Court of Law.

آپ نے لوگوں پر عدلیہ کا دروازہ بند کرنے کی جو کوشش کی ہے یہ انکے ساتھ بہت ظلم ہے ۔ اگر کوئی تنازعہ یا جھگڑا ہو جائے تو اسکے تصفیے کا بہترین طریقہ یہ ہوتا ہے کہ عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹایا جائے ۔ اسی طرح اگر کوئی قانونی یا آئینی سوال پیدا ہو جائے تو اسکا بھی سب سے بہتر حل یہ ہوتا ہے کہ عدالتیں اسکا فیصلہ کریں ۔ آپ لوگوں کو اس حق سے محروم کر رہے ہیں تاکہ آپ جسطرح چاہیں کریں اور آپکو کوئی چیلنج نہ کرسکے ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ آئے دن ہائی کورٹ میں سینکڑوں رٹ درخواستیں آتی رہتی ہیں اور بالخصوص ہمارے بزرگ اور موجودہ وقت کے محمد تغلق سید حسن محمود صاحب کے محکمہ کے خلاف ہر تیسرے دن اخبارات میں ایک رٹ درخواست کی خبر آ جاتی ہے ۔ اور ان میں سے نوے فیصدی منظور ہو جاتی ہیں ۔ اس طرح قوم کا لاکھوں روپیہ برباد ہو رہا ہے ۔ لوگ عدالتوں میں مارے مارے پھرتے ہیں ۔ انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ آپ

عدالتوں کو یہ موقع دیں کہ وہ قانون کی ترجمانی کرسکیں ۔ آپ جسطرح کا قانون چاہیں بنائیں لیکن اسکی ترجمانی عدالتیں ہی کر سکتی ہیں جو ہم سب سے بالاتر ہیں ۔ آپ تو بندربلی والا انصاف کرتے ہیں ۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ آپ کم از کم عدالتوں کے دروازے بند نہ کریں ۔ لوگوں کو عدالتوں کے ذریعے سے فیصلے کرانے دیں ۔ آپ بہت غلط طریقہ اختیار کر رہے ہیں ۔ آپ اس میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے اور بالاخر آپکو شکست کھانی پڑے گی اور انشاللہ وہ کوئی ایسا راستہ نکال لیں گے کہ جس سے آپ سیدھے راستے پر آ جائینگے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in sub-clause (4) of clause 3 the entire remaining sub-clause appearing after the full-stop in line 7 be deleted.

The motion was lost.

Sheikh Muhammad Saeed (SARGODHA DISTRICT) : Sir, I beg to move :

That sub-clause (5) of clause 3 be deleted.

یہ سب کلاز حسب ذیل ہے

The Provincial Government at any time may—

(*i*) remove any member of the Administrative Committee;

(*ii*) appoint a member to fill up any casual vacancy on the Administrative Committee;

(*iii*) vary the total number of members of the Administrative Committee; or

(*iv*) replace one Administrative Committee by another Administrative Committee.

جناب والا ۔ آپ نے اپنے مطلب کے آدمی بھی منتخب کر لیئے ۔ اب خدا کیلئے انہیں کچھ دن تو آرام سے کام کرنے دیں ۔ نہ وہ عوام کے نمائندے ہونگے اور نہ ہمارے آدمی ہونگے بلکہ آپ نے ہی انہیں مقرر کیا ہوگا اور وہ آپ کے ہی نمائندے ہونگے ۔ شاید آپکا یہ خیال ہے کہ جس کو آپ نے دھاندلی اور زبردستی سے اور رشوت دیکر منتخب کیا ہوگا کچھ دیر کے بعد اسکا اثر اس پر کم ہو جائے گا اور وہ آپکے قابو میں نہیں رہے گا تو آپ فوراً اسکو اپنے راستے سے ہٹا سکینگے ۔ اگر کوئی سرتابی کرے گا تو آپ اسکی گردن دبوچ لینگے اور یہ تلوار اس پر ہمیشہ کیلئے مسلط رہے گی کہ اسکو کمیٹی سے نکالا جا سکتا ہے ۔ اس طرح آپ اس کمیٹی کو یہ یکہ جنبش قلم ختم کر دیتے ہیں —

جھنگ میں حال ہی کا واقع ہے کہ ایگزیکٹو افسر کے خلاف نامزد ممبران نے یہ ریزولیوشن پاس کر دیا کہ وہ نالائق اور بد دیانت ہے اور لاکھوں روپیہ غبن کر لیتا ہے ۔ کمیٹی کی سالانہ آمدنی نو دس لاکھ روپیہ ہے جو کہ ساری خرد برد ہو رہی ہے ۔ اس لئے

اسکے خلاف تحقیقات کیجائے ۔ اسکے خلاف بے شمار الزامات عائد کئے گئے اور یہ مطالبہ کیا گیا کہ اسکو اس عہدے سے ہٹا دیا جائے —

لیکن لاہور سے ایک حکم نامہ جناب وزیر صاحب کی طرف سے بنام ڈپٹی کمشنر صاحب چلا جاتا ہے کہ یہ شخص ہمارے لئے بڑا مفید ہے اس لئے اسکو فوراً بحال کر دیا جائے ۔ اسکو کمیٹی کے سر پر مسلط کردیا جائے خواہ یہ بد دیانت ہو ۔ خواہ یہ خائن ہو ۔ خواہ اسمیں کوئی بھی صلاحیت موجود نہ ہو لیکن چونکہ یہ ہمارا اپنا آدمی ہے اسکو ضرور بحال کردیا جائے —

مخدوم زادہ سید حسن محمود (وزیر لوکل سلف گورنمنٹ) - کس نے اس قسم کا آرڈر دیا ہے ۔ میں نے کوئی ایسا آرڈر جاری نہیں کیا —

شیخ محمد سعید - اس کا جواب سید عابد حسین صاحب سے دریافت کیجئے ۔ آپ کے زیادہ کام تو زبانی آرڈروں سے چلتے ہیں ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود - یہ غلط ہے ۔ آپ ثابت کریں کہ میں نے کوئی ایسا آرڈر جاری کیا ہے ۔ اب بتاو نا بھائی ۔ خاموش کیوں ہو گئے ہو (قہقہ)

شیخ محمد سعید - جناب زبانی کام بھی تو چل جاتے ہیں (قہقہ) ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود - یہ تو کوئی بات نہ ہوئی ۔ آپ ایسی باتیں بغیر اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے کر دیتے ہیں —

شیخ محمد سعید - آپ نے سید عابد حسین صاحب کو ایک مختار نامہ دے رکھا ہے انہوں نے اس قسم کا کوئی آرڈر آپ کی طرف سے جاری کر دیا ہوگا ۔

(ایک آواز ۔ ان دونوں کی تو آپس میں بن نہیں آتی) —

شیخ محمد سعید - نہیں ۔ سنا ہے آج کل بڑا اتحاد ہے اور میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ اس اتحاد کو اور زیادہ مضبوط کرے ۔ بہرحال جناب والا ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ وزرا صاحبان ای ۔ سی کے

ذریعے کمیٹی کے ممبران پر ناجائز رعب ڈالتے ہیں ۔ آپ کو یوم حساب سے ڈرنا چاہئے ۔ وہاں آپ کا محاسبہ کیا جائے گا ۔ میں تو کہتا ہوں کہ اس سے پہلے ہی قوم آپ کا محاسبہ کرنے والی ہے ۔ آپ کے اعمال قوم کے سامنے آنے والے ہیں اور آپ قوم کے سامنے جوابدہ ہوں گے ۔ اگر آپ عوام سے نہیں ڈرتے تو کم از کم خدائے قدوس کے عذاب و عتاب سے تو ڈرو ۔ خدا آپ کی رسی دراز کر رہا ہے اور پیشتر اسکے کہ وہ آپ کو اپنی گرفت میں لے لے آپ کو سنبھل جانا چاہئے اور نیک کام کرنا شروع کر دینے چاہئے ۔ آپ کو یہ نہ بھولنا چاہئے کہ وزارت ایک عارضی چیز ہے ۔ ان وزارتی کرسیوں پر کئی آئے اور کئی چلے گئے مگران کرسیوں نے کسی کے ساتھ وفا نہ کی اور انشا اللہ آپ کے ساتھ بھی یہ وفا نہ کریں گی ۔ آپ کو قابل تقلید روایات قائم کرنی چاہیں تاکہ آپ کی آنے والی نسلیں آپ کے کارناموں پر فخرو ناز کر سکیں ۔ آپ کو ایسے آدمی مقرر کرنے چاہئیں جن کو عوام کا پورا پورا اعتماد حاصل ہو اور جو فی‌الحقیقت لائق اور قابل ہوں ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود (وزیر لوکل سلف گورنمنٹ) ۔ اسی لئے تو میں نے آپ کو چنا تھا —

شیخ محمد سعید ۔ میں نے اسلئے انکار کیا تھا کہ میں یہ نہیں چاہتا کہ غلط اور غیر جمہوری کام تو آپ کریں ۔ بداعتدالیاں تو آپ کریں اور ان کے ذمہ دار ہم ٹھہرائیں جائیں اور عوام کے سامنے ہم جوابدہ ہوں ۔ میں یہ چیز برداشت نہیں کر سکتا کہ جمہوریت کے اصولوں کی خلاف ورزی تو آپ کریں اور میں ان کو defend کروں ۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ آپ اپنے کسی پی ۔ سی ۔ ایس ۔ افسر کو کیوں نہیں لگاتے ۔ وہ آپ کے نامزد شدہ لوگوں سے بہت بہتر ہوگا اور اچھا کام کرے گا ۔ اگر آپ یہ بھی نہیں کر سکتے تو آپ انتخابات کیوں نہیں کروا لیتے ۔ انتخابات بھی تو ایک ماہ کے اندر اندر ہو سکتے ہیں ۔ مجھ پر آپکی جو نظر کرم ہے میں اسکے لئے مشکور ہوں مگر میں صاحب اتنا سستا نہیں ہوں کہ میں آپ کی نامزدگی قبول کر کے اپنے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ لگوا لوں ۔

حاجی میر خان احمد خان تالپور (وزیر امداد باہمی) - جس کام کو آپکی مسلم لیگ نو سال میں نہ کروا سکی وہ ہمیں کہتے ہو ایک ماہ میں ہو سکتا ہے - (ایک آواز - واہ میر صاحب - کیابات کہی ہے)

Mr. Speaker : Clause under consideration amendment moved is—

That sub-clause 5 of clause 3 be deleted.

میاں محمد شفیع (ضلع منٹگمری) - حضور والا - اگر آنریبل سید حسن محمود صاحب از راہ کرم ان اعتراضات کا جواب دے دیں کہ وہ ممبروں کو معطل کیوں کرتے ہیں اور انکی جگہہ ایڈ منسٹریٹو کمیٹیاں کیوں مقرر کرتے ہیں تو میں ان کا ممنون ہونگا اور اگر وہ ایسا نہیں کر سکتے اور ہمارے اعتراضات کو کوئی جواب نہیں دے سکتے تو میں ایک شعر عرض کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ -

یاں لاکھ لاکھ لب پہ سخن اضطراب میں
واں ایک خامشی تیری سب کے جواب میں

(واہ واہ کی آوازیں)

سردار محمد ظفر اللہ (ضلع لاہور) - جناب والا - سید حسن محمود صاحب کو تو قانون سے واقفیت نہیں مگر جناب لامنسٹر صاحب کو تو واقفیت ہے ان کو کم از کم یہ سوچنا چاہئے تھا کہ زیر غور مسودہ قانون کہیں آئین کے خلاف تو نہیں - جناب حکومت کا فرض ہے کہ ہر قانون بنانے سے پہلے یہ دیکھ لے کہ قانون آئین پاکستان کے خلاف تو نہیں - ہمارے آئین کا سب سے پہلا آرٹیکل ہی یہ ہے کہ حکومت پاکستان جس میں کارپوریشن اور بلدیاتی ادارے بھی شامل ہیں کا طرز نظام جمہوری ہوگا اور ان اداروں کا انتظام و انصرام عوام کے منتخب کردہ نمائندے چلائیں گے - مگر ہماری حکومت آئین پاکستان کی خلاف ورزی کرنے کی ہر وقت کوشش کرتی رہتی ہے - شاید حسن محمود صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ آئین پاکستان کا Preamble ان پر لاگو نہیں ہوتا اور خدا جانے لوکل سلف گورنمنٹ سے وہ کیا مطلب لیتے ہیں - شاید ان کے نزدیک

لوکل سلف گورنمنٹ سے وہی مراد ہے جو سابق ریاست بہاول پور میں وہ لوکل سلف گورنمنٹ کا مطلب سمجھتے تھے ۔ اسکے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے یہ بھی نہیں بتایا کہ لاہور کارپوریشن کے نامزد شدہ ممبران کی کل تعداد کتنی ہو گی اور ان کی کیا qualifications ہونگی ۔ اگر آپ لاہور کارپوریشن ایکٹ دیکھیں جسکو یہ بل amend کر رہا ہے اسمیں آپ کو ممبران کارپوریشن کی تعداد نظر آئے گی ۔ اسکے علاوہ آپ اس قسم کے جو بھی دوسرے ایکٹ اٹھا کر دیکھیں گے آپ کو ہر ایک میں ممبران کی تعداد ضرور ملے گی اور انکی qualifications بھی ضرور نظر آئیں گی ۔ یہ قانون ساز مجلس کا فرض ہوتا ہے اور حق ہوتا ہے کہ وہ اس قسم کی چیزوں کی تشریح ایکٹ ہی میں کر دے مگر پیرزادہ صاحب نے ان سب چیزوں کو بالائے طاق رکھ دیا ہے اور انکا ذکر کرنا بل میں مناسب نہیں سمجھا ۔ ان تمام چیزوں کے پیش نظر ہم یہ یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ یہ بل آئین پاکستان کے سرا سر خلاف ہے ۔ اگر کوئی شخص کل کو اسی قانون کو عدالت میں چیلنج کر دے کہ یہ آئین پاکستان کے خلاف ہے تو حکومت کو اس کی پیروی کرنے کے لئے وکلا کی خدمات حاصل کرنی پڑیں گی کیونکہ ان کے بڑے بڑے افسر ایسا کرنے سے قاصر ہوتے ہیں ۔ اس کے بدلے حکومت کو بھاری بھاری فیسیں ان وکلا کو دینی پڑیں گی ۔ اس وقت یہ فیسیں جناب حسن محمود صاحب اور جناب پیرزادہ صاحب اپنی جیب خاص سے تو ادا نہیں کریں گے بلکہ سرکاری خزانے سے ادا کرنی ہونگی ۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ غلط بل تو یہ حضرات ایوان سے پاس کروائیں اور انکو defend کرنے کے لئے روپیہ عوام کی جیبوں سے جائے ۔ یہ کتنے ظلم کی بات ہے ۔

سید حسن محمود صاحب یہ کہتے ہیں کہ حکومت کیطرف سے جو قانون پیش کیا جاتا ہے ہم اس میں خوامخواہ دخل دیتے ہیں ۔ میں برملا کہتا ہوں اور کہتا آیا ہوں کہ اس قسم کا قانون لانے کا مقصد صرف یہ ہے کہ ان اداروں

پر اپنے پٹھوؤں کو تعینات کرکے آئندہ انتخاب کے موقع پر انہیں استعمال کیا جائے ۔

جناب والا ۔ پہلے ایک آرڈیننس جاری کیا گیا تھا جسے ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا ۔ اس مقدمہ میں بحث کے دوران ہمارے جج صاحبان اس آرڈیننس کے متلق مختلف قسم کے observations کرنے پر مجبور ہوئے ۔ میں اس سلسلہ میں ججوں کے observations آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ جب اٹارنی جنرل بحث کررہے تھے ایک جج نے یہ کہا ۔

Mr. Justice Yaqub Ali : You cancelled the elections because you wanted that all the Chairmen and Vice-Chairmen of the Administrative Committees should be Republicans, and they should help the Party in the general elections.

سید حسن محمود صاحب ہمکو کہتے ہیں اور ہم سے شکایت کرتے ہیں کہ ہم بلاوجہ دخل دیتے ہیں یہ آپکے ہائی کورٹ کے جج کی observation ہے ۔ جو کسی جذبہ میں مبتلا نہیں ۔ ہم ہی نہیں ساری دنیا یہ کہہ رہی ہے کہ اسی مقصد کے حصول کے لئے ان چیزوں کو بروئے کار لایا جا رہا ہے اور اس قانون کا مقصد سوائے اسکے اور کچھ نہیں کہ اسے انتخابات کے موقع پر استعمال کیا جائے ۔

حضور والا ۔ اس دفعہ کی تائید میں بڑی معصومیت کیساتھ سید حسن محمود صاحب نے فرمایا ہے کہ اہلیان لاہور اس بل کو اس لئے پسند کرینگے کہ اس بل کے باعث کارپوریشن کے مسائل ایک نامزد سرکاری نمائندہ کے بجائے عوام کے نامزد نمائندے سرانجام دینگے ۔ میں عرض کردوں کہ وہ ایسا ہرگز نہ چاہینگے بلکہ انکی خواہش ہوگی کہ عوام کے منتخبہ نمائندوں کے ذریعہ کارپوریشن کو چلایا جائے ۔

Mr. Speaker : Have the member quoted from the judgment ? It is hardly fair to quote a judge because the hon'ble Judge has not given his decision here. Judges make up their minds one way or the other after they have heard the final arguments. Till then they can pass any remarks; they may change them. I thought he was reading a portion from a judgment.

سردار محمد ظفر اللہ ۔ جج کیساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Do not quote the observations of judges. He may give his own views, or he can say that this is the view of the general public.

Now, will the hon'ble member please wind up ?

سردار محمد ظفر اللہ - حضور والا - میں عرض کردوں کہ اگر جج صاحب نے اپنے کمرہ میں observations کئے ہوتے تو انکا حوالہ دینا غیر مناسب تھا لیکن انہوں نے یہ observations مقدمہ کی کارروائی کے دوران میں کئے ہیں -

Mr. Speaker : But these are observations only and not a judgment.

سردار محمد ظفر اللہ - جناب والا - ایک جج کے observations کو معزز ایوان کے سامنے پیش کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ ارباب اقتدار کو یہ بتایا جائے کہ ایک نارمل آدمی کا اس قانون کو پڑھنے کے بعد رد عمل کیا ہے - ایک ہائی کورٹ کے جج کا جو independent آدمی ہوتا ہے رد عمل کیا ہے - میں نے اسکو آپکے سامنے پیش کیا ہے -

Mr. Speaker : The Hon'ble member should not quote the observations of any judge. He should speak to the Motion.

سردار محمد ظفر اللہ - حضور والا - اس بل کا مقصد سوائے انتخابات کے موقع پر استعمال کرنے کے اور کچھ نہیں - وہ چاہتے ہیں کہ اس قسم کے ممبران کی مدد کی جائے جو اسوقت انکے کام آسکیں - اگر انکی خواہش ہوتی کہ پبلک کے نمائندوں کے ذریعہ کارپوریشن کے کام کو چلایا جائے تو وہ پچھلی کارپوریشن کے ممبران میں سے ممبر نامزد کر کے انکے ذریعہ حکومت چلاسکتے تھے لیکن انہوں نے یہ نہ کیا اب میں آپکی توجہ مسلم لیگی اخبار کیطرف نہیں بلکہ ایک غیر مسلم لیگی پرچہ کی طرف مبذول کراتا ہوں - اس نے نامزدگیوں کے سلسلہ میں جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے وہ پیش خدمت ہیں - اگر نواب صاحب موجود ہوں تو وہ ملاحظہ فرمائیں کیونکہ اڈیٹر کا روئے سخن نواب صاحب کیطرف ہے -

مختلف بلدیاتی اداروں میں نامزدگیاں ہوئی ہیں -

نواب صاحب - براہ کرم ایک لحظہ کے لئے ان ارکان کی فہرست دیکھ لیں وہ سو میں ہے

اسی فیصدی لوگ ایسے پائیں گے جو پولیس میں کنسٹیبل بھرتی ہونے کے بھی اہل نہیں - ان میں سے اکثر سرے سے ہی پڑھے لکھے نہیں - کچھ ری پبلکن پارٹی کے دفتر میں چپراسی رہ چکے ہیں - کئی سنیماوں میں گیٹ کیپر تھے کئی علاقہ کے تھانہ میں مشتبہ شمار ہوتے ہیں - بعض کی آمدنی مشکوک ہے پھر نواب صاحب خود ہی غور کرلیں کہ جس شہر کو پاکستان کا ذہنی دارالخلافہ کہلانے کی خصوصیت حاصل ہو اور انکا اپنا شہرہو وہاں اس قابلیت کے نمائندے کیونکر زیب دیتے ہیں کیا اس قماش کے لوگ بلدیاتی اداروں کے میزانیہ کو ہضم کرانے کی سعی نہ فرمائینگے - (چٹان مورخہ ۲۵ اگست)

جناب والا جوکچھ اس سلسلہ میں کہا جارہا ہے اس سے ظاہر ہے کہ عوام کو شکایت ہے کہ بددیانتی کیساتھ اس چیز کو حاصل کرنے کے لئے اس قانون کو نافذ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن میں سید حسن محمود صاحب کو چیلنج دیتا ہوں کہ وہ اسکے خلاف سارے ذرائع استعمال کرلیں انشاءاللہ وہ لاہور میں ایک سیٹ بھی نہ لے سکینگے باوجود اسکے کہ نواب صاحب نے انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اپنے ۲۲ اشخاص اس کمیٹی میں نامزد کئے ہیں انکا خیال ہے کہ شاید وہ انکے ذریعہ اپنے نمائندے آئندہ الیکشن میں منتخب کرانے میں کامیاب ہوسکینگے لیکن جناب یہ خیال خام ہے میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ اس قسم کے ہتکنڈے یونینسٹ پارٹی کیطرف سے بھی استعمال کئے گئے تھے انہوں نے اس سے پہلے بھی یہ ہتکنڈے استعمال کئے ہیں اسوقت کی کامیابی کا نواب صاحب کو فخر ہے میں انکو چیلنج کرتا ہوں آئندہ بھی انکو مثل سابق منہ کی کھانا پڑیگی -

بیگم جے - اے - شاہنواز - (ضلع لاہور مسلم مخصوص نشت) جناب والا میں نے قبل ازین اس ملک میں لوکل سیلف

گورنمنٹ کی تدریجی ترقی پر روشنی ڈالی تھی اور اس وقت میں نے ایوان کے سامنے یہ بات رکھنے کی کوشش کی تھی کہ کس طرح سے آہستہ آہستہ کانگریس اور لیگ نے ہر ممکن جدوجہد سے یہ آزادی حاصل کی تھی اور کس طرح ایک foreign Government نے بڑی مشکلات کے بعد آہستہ آہستہ یہ آزادی ہم لوگوں کو دی تھی ۔ صدر محترم میں آپ کو سچ بتلاتی ہوں کہ میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے جب میں یہ سوچتی ہوں کہ ہمارے نوجوان بھائی جو اس وقت وزیر بلدیات ہیں وہ اس آزادی کو جس کو ہمارے بزرگوں نے اپنے خون سے سینچا تھا اور جس پر وہ فخر کر سکتے ہیں اور جس کو انہوں نے بڑی مشکلات اور جدوجہد سے حاصل کیا تھا ان سے چھین رہے ہیں ۔ مغربی جمہوریتوں میں جب لوگوں کو یہ چیز حاصل ہوجاتی ہے تو وہ ہرممکن کوشش کرتے ہیں کہ اس پر کسی قسم کی آنچ نہ آئے ۔ میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ ان کا دل کس طرح گوارا کرتا ہے کہ وہ اس وقت لاہور شہر پر ایک نامزدہ کونسل مسلط کر دیں ۔ انہوں نے اس کونسل میں ایسے لوگوں کو مقرر کیا ہے جن کے متعلق میں چیلنج کے ساتھ یہ کہہ سکتی ہوں کہ ان میں سے ایک تہائی حصہ بھی آئندہ انتخابات میں نہیں جیت سکتا ۔ اس لئے صدر محترم میں آپ کی وساطت سے درخواست کرتی ہوں ان سے دوسرے بہن بھائیوں سے خصوصیت سے غیر علاقہ کے قبائلی بھائیوں سے کہ وہ اس آزادی کو جو ۵۶ سال کی کوششوں ۔ محنت اور جد و جہد کے بعد لوگوں کیلئے حاصل کی گئی تھی اسے اپنے ہاتھوں سے تباہ نہ کریں ۔ تاکہ تاریخ میں یہ نہ لکھا جائے کہ اس اسمبلی نے اپنے ختم ہونے سے پہلے اس تمام آزادی کو جو اتنی محنت شاقہ سے اصل کی گئی تھی ختم کر دیا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں یہ درخواست کرتی ہوں کہ اس کلاز کو حذف کیا جائے ۔

سید حسن محمود - (وزیر معاشرتی بہبود ولوکل گورنمنٹ) صاحب صدر بار بار مسلم لیگی حضرات کی طرف سے اس ایکٹ

کو غیر جمہوری کہا گیا ہے - ذرا میں ان کو ایک واقعہ یاد دلاوں کہ پاکستان بننے کے بعد جب ان کی مسلم لیگی حکومت موجود تھی - (شور) -

سردار محمد ظفر اللہ - کیا آپ مسلم لیگ میں موجودہ نہیں تھے ؟

مخدوم زادہ سید حسن محمود - تو آپ کی مسلم لیگی وزارت نے ۹۲ - الف لگوانے کی درخواست کی اور منتخب شدہ نمائندوں کی بجائے گورنری راج لگوایا اور ایڈوائزرز مقرر کروائے اور وہ بھی ان شخصوں کو جو منتخب شدہ نہ تھے تو اس وقت کیا یہ جمہوریت نوازی تھی جو آج اس ہمارے اقدام کی مخالفت کی جاری ہے - اس وقت وہ آپ کے لئے ٹھیک تھا کہ آپ منتخب شدہ نمائندوں کی بجائے گورنری راج لگواتے اور ایڈوائزر مقرر کرواتے اور وہ بھی ان شخصوں کو جو الیکشنز میں ہار چکے تھے - وہ تو ٹھیک تھا اور یہ کیوں ٹھیک نہیں ہے ؟

Mr. Speaker : The question is :

clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 4—6

Mr. Speaker : The question is :

That clauses 4, 5 and 6 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is :

That the preamable be the preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title.

Mr. Speaker : The question is :

That short title be the short-title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Minister of Law and Finance) : Sir, I beg to move :

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958; be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958; be passed.

سید غلام مصطفے شاہ خالد گیلانی ـ (ضلع راولپنڈی)
جناب والا ـ

جمہور کا احساس خودی جاگ رہا ہے
ہر ذہن سے احساس غم بھاگ رہا ہے

جناب والا ـ میں تقریر نہیں کرنا چاہتا بلکہ صرف ایک گذارش کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جس مخمصہ میں ہم پڑے ہوئے ہیں وہ یہ ہے کہ مخدوم زادہ سید حسن محمود نے اس قسم کے قوانین پیش کر کے جمہوریت کو نقصان پہنچایا ہے ـ اس وقت اس بات پر بحث ہو رہی ہے ـ لیکن میں تو کہتا ہوں مخدوم زادہ صاحب تو جمہوریت پر عقیدہ ہی نہیں رکھتے لہذا اس پر بحث کرنے کا فائدہ کیا ـ

دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں ـ کہ جن الیکشنز کے سلسلے میں ہم الجھ رہے ہیں وہ الیکشنز ہو ہی نہیں رہے ـ جب الیکشنز نہیں ہو رہے تو پھر جھگڑا کس بات پر ہو رہا ہے (ایک آواز ـ نہیں الیکشنز ہو رہے ہیں) جب میں تفصیل سے یہ بات عرض کروں گا تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ الیکشنز نہیں ہو رہے ـ جناب والا ریپبلیکن پارٹی ایسی پارٹی ہے جس کے راون کی طرح سو منہ ہیں ـ اور ہر منہ سے یہ نئی آواز نکالتے ہیں ـ ایک منہ سے ایک بات کہتے ہیں دوسرے منہ سے دوسری اور تیسرے منہ سے تیسری مثال کے طور پر ایک منہ سے یہ منصفانہ انتخابات کا وعدہ کرتے ہیں اور دوسرے ہی دن ہم جہلم راولپنڈی اور ہزارہ میں ان منصفانہ انتخابات کی مثال دیکھ لیتے ہیں ـ پنجاب کے اندر ایک یونٹ کی حمایت کرتے ہیں سرحد اور سندھ میں مخالفت کرتے ہیں اس پارٹی کے سابق چیف ڈاکٹر خان صاحب کی طرف سے یہاں جداگانہ انتخابات کی حمایت کی جاتی ہے ڈھاکہ جاتے ہیں تو بدل جاتے ہیں ـ اسی طرح ابھی کل کی بات ہے انہوں نے اعلان کیا تھا کہ نومبر میں انتخابات ہونگے پھر اسی منہ سے یہ کہہ دیا کہ نہیں انتخابات فروری میں ہونگے اب فروری کی داستان بھی سن لیجیئے ان کا جمہوری روایات پر ایمان نہیں ہے اس لئے یہ الیکشن کرانے کے لئے

بھی تیار نہیں - میں اپنے دوستوں سے کہتا ہوں کہ وہ کیوں اس بات پر ناراض ہیں کہ انہوں نے ایسے ویسے لوگ بھرتی کر لئے ہیں نامزد کر لیے ہیں - جس قماش کے لوگ انہیں ملتے ہیں انہیں وہ لے رہیں ہیں - اگر انہیں شریف آدمی نہ ملیں تو وہ کیا کریں ؟

تو حضور ان کے گھر کے بھیدی نے یہ لنکا ڈھائی ہے کہ دسمبر تک نون وزارت ختم ہو جائیگی - اور اس جگہ امجد علی وزارت آئیگی وہ کیا کریں گے ؟ تمام وعدے جو نون گورنمنٹ نے کئے ہیں وہ ان کے جانے کے ساتھ مر جائینگے - امجد علی صاحب تین چیزیں پیش کرینگے - وحدانی طرز حکومت کے متعلق دو خیالات ہیں - ون یونٹ کے متعلق دو خیالات ہیں - طریق انتخاب کے متعلق دو خیالات ہیں -

مسٹر سپیکر — اس وقت لاہور کارپوریشن بل زیر بحث ہے -

سید غلام مصطفے شاہ غالد گیلانی — اور الیکشن کو ہمیشہ کے لئے معرض التوا میں ڈال دیں گے -

اندھیر نگری بے داد راجا

ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھا جا

Mr. Speaker : The question is :

That the City of Lahore Corporation (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be passed.

On count of the House the motion was carried.

THE WEST PAKISTAN BORDER POLICE FORCE BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Minister of Law and Finance) : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958.

I beg to move :

That the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Border Police Force)Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion by the 31st August 1958.

(At this stage Mr. Speaker left the Chair and it was occupied by Begum Jahan Ara Shah Nawaz).

جناب والا — یہ بل نہایت ہی دور رس نتائج کا حامل ہے اور اس میں کئی ایک ایسے اہم نکات ہیں جن کے باعث اس کے بارہ میں رائے عامہ کا طلب کیا جانا نہایت ہی لازمی ہے ۔

سب سے پہلا امر تو یہ ہے کہ یہ قانون غیر ضروری ہے اس کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہی ہے ۔ کیونکہ حکومت مغربی پاکستان نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ ایک مہینہ تک بارڈر پولیس کو فوج کے حوالہ کر دینگے ۔ میری سمجھ نہیں آتا کہ وہ ایک مہینہ کے لئے کیوں ایوان کا وقت ضائع کر رہے ہیں ۔

دوسرا اہم امر جس کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ یہ حکومت پولیس سروس قائم نہیں رکھنا چاہتی ۔ پولیس surveillance بنانا چاہتی ہے ۔ یہ پولیس کے نوجوانوں کے منہ پر ایڑی رکھ کر حکومت کرنا چاہتی ہے ۔ ان سے وفاداری طلب نہیں کرنا چاہتی ۔ ان پر حکمرانی کرنا چاہتی ہے ۔ جمہوریہ اسلامیہ پاکستان میں ان کا یہ اقدام ایک نہ پسندیدہ فعل ہوگا ۔

جناب والا — اس بل میں جس کے ماتحت بارڈر پولیس کے ملازم کی رضامندی کے متعلق کوئی شق نہیں رکھی گئی جو آدمی چھ ماہ تک بارڈر پولیس کا ملازم رہ چکا ہوگا اس ایکٹ کے ماتحت اسے بارڈر پولیس کا رکن تصور کیا جائیگا ۔ اس ایکٹ کے ماتحت کسی آدمی کو بارڈر پولیس سے مستعفی ہونے کی اجازت نہیں دی جائیگی ۔ پولیس ایکٹ میں یہ دفعہ موجود ہے کہ کوئی شخص دو مہینہ کا نوٹس دے کر مستعفی ہو سکتا ہے ۔ لیکن بارڈر پولیس ایکٹ اتنا آمرانہ اور متشددانہ ہے کہ اس میں کسی کے مستعفی ہونے کی گنجائش نہیں رکھی گئی ۔

جناب والا — افسران کی تعیناتی کے بارہ میں حکومت نے تمام اختیارات اپنے پاس رکھ لئے ہیں کوئی اصول طے نہیں کیا ۔ یہ بھی نہیں لکھا کہ وہ جس افسر کو بارڈر پولیس میں بھیجیں گے وہ اس آسامی کا اہل بھی ہوگا یا نہیں ۔ اگر

وہ کہتے کہ ہم اس افسر کو بارڈر پولیس میں اسی عہدے پر تعین کریں گے جس پر وہ پہلے مقرر تھا تو پھر بھی کوئی بات تھی ۔

(اس مرحلے پر کورم نہ ہونے کی وجہ سے اسمبلی کی کارروائی دو منٹ کے لئے تعطل میں رہی ۔)

میں عرض کر رہا تھا کہ افسران کی تعیناتی کے بارے میں حکومت نے لا متناہی اختیارات لے لئے ہیں اور اپنے بیٹوں بھتیجوں اور بھانجوں کو مقرر کرنے کے لئے یہ کہہ دیا ہے کہ ہم جسے چاہیں تعینات کر دیں گے اور جن آدمیوں کو ہم ڈیپوٹیشن پر لائیں گے ان کا عرصہ ملازمت اپنی مرضی سے مقرر کریں گے ۔

جناب والا — اس ایکٹ کی رو سے بارڈر پولیس کی تنخواہیں مقرر نہیں کی گئی ہیں بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ جو تنخواہیں اور مراعات پولیس فورس میں حاصل ہیں وہی انکو وہاں بھی حاصل ہوں گی ۔ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے پولیس کے جوان کیوں بد عنوانیاں کرنے پر مجبور ہیں اس لئے کہ پولیس کے ایک جوان کو پنتیس روپئے ماہوار ملتے ہیں ۔ آپ بتائیے کہ اس زمانے میں کسی اہل و عیال والے آدمی کا ایک روپیہ اور دو یا تین آنے روز میں گذارہ ہو سکتا ہے ؟ حکومت نے پولیس کے جوانوں کو کم از کم تنخواہ دے کر ان کی زندگی کو صرف سانس لینے تک محدود کر دیا ہے ۔ اس کے مقابلے میں ایسٹ پاکستان کی حکومت نے پولیس کے جوانوں کی تنخواہوں میں بیس بیس روپیہ کا اضافہ کر دیا ہے اور ان کے الاؤنس دگنے کر دیے ہیں تاکہ وہ خوش دل ہو کر لوگوں کی حفاظت اور خدمت کر سکیں ۔ ہماری حکومت کے دل میں نہ کوئی ہمدردی ہے نہ اسے ان کی حالت کا علم ہے ۔ یہ چاہتی ہے کہ پنتیس روپیہ ماہوار پر ان سے کام لے ۔ اس کے برعکس ان کے فرائض اتنے گراں ہیں جتنے کہ ملٹری کے ہوتے ہیں ۔ اس کے علاوہ حکومت نے ان کے لئے جو سزائیں تجویز کی ہیں وہ اسقدر لرزہ خیز ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ اسے اپنی بارڈر پولیس پر قطعاً اعتماد نہیں

ہے - انگریز نے پولیس کے لئے زیادہ سے زیادہ سزا تین مہینے قید یا ملازمت سے علیحدگی رکھی تھی لیکن ہماری اس حکومت نے عمر قید - سات سال قید اور اس قسم کی سزائیں رکھی ہیں - سب سے زیادہ ظالمانہ چیز یہ ہے کہ یہ سزائیں معمولی عدالتیں نہیں دیں گی - یہ سزائیں ضابطہ فوجداری اور پنیل کوڈ کے ماتحت نہیں ہونگی - یہ سزائیں ڈی آئی جی دے گا اور ان کے خلاف اپیل کسی عدالت میں نہیں ہوگی بلکہ اپیل آئی جی کے پاس ہوگی - اب یہ کہدیں گے کہ ہم نے فوج کے نمونے پر یہ قانون بنایا ہے - لیکن مصیبت تو یہ ہے کہ ان کو ملٹری کے طور طریقوں کا بھی تو علم نہیں ہے - یہ نا بینا اور بے دماغ حکومت ایسے ایسے ظالمانہ قوانین بغیر سوچے سمجھے لا رہی ہے کہ جنکی مثال نہیں - اگر حکومت اس قانون کو ملٹری کے قوانین کے مطابق بنانا چاہتی ہے تو اس کو معلوم ہونا چاہئے کہ ملٹری میں ایک جج ایڈووکیٹ جنرل ہوتا ہے جو کسی ملزم کے متعلق یہ سفارش کر سکتا ہے کہ اسے بری کر دیا جائے یا اتنی سزا دی جائے - لیکن اس ایکٹ کی رو سے اس قدر ظالمانہ چیز رکھی گئی ہے کہ کسی اپیل کا اختیار نہیں دیا گیا - چاہیئے تو یہ تھا کہ یا تو جج ایڈووکیٹ جنرل کی قسم کا کوئی افسر رکھتے یا پھر اپیل کے اختیارات ہائی کورٹ یا اس کے برابر کسی عدالت کو دیتے جو ڈی آئی جی کے فیصلے پر نظر ثانی کرتی - میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ نے یہ قانون پاس کر دیا تو آپ اس عہد کی سب سے بڑی زیادتی کریں گے آپ کو قطعاً یہ حق حاصل نہیں کہ آپ ان وفادار لوگوں کے لئے جو شب و روز نہایت محنت سے آپ کے بارڈر کی حفاظت کر رہے ہیں اور آپ کو کسی شکایت کا موقع نہیں دے رہے ان کے لئے ایسے ظالمانہ اور جابرانہ قوانین بنائیں اور ایسی سخت سزائیں تجویز کریں جن کی تاریخ عالم میں مثال نہیں ملتی - انہیں فرض کی معمولی سی کوتاہی کے لئے بھی سات سال کی سزا دی جائے اور جب ان سے کسی فوری کام میں کوتاہی ہو تب بھی ان پر سختی کی جائے -

جناب والا — میں چاہتا ہوں کہ اس بل کو رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے تاکہ عوام کو بھی پتہ چل سکے کہ یہ قانون منظوری کے قابل بھی ہے یا نہیں - اور اس میں کون کونسی خامیاں ہیں جو دور کی جائیں -

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں -

Chairman : Motion under consideration, amendment moved is—

That the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958 be circulated for eliciting public opiniin by 31st August, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : May I request that the other amendments that the Bill be referred to Select Committee be also taken up along with it.

Sheikh Muhammad Saeed (Sargodha District) : Sir, I beg to move—

That the West Pakstan Border Police Force Bill, 1958 be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report by the 15th November 1958:

(1) The Minister of Law;
(2) Mr. Muhammad Ayyub Khuhro;
(3) Qazi Murid Ahmed;
(4) Khan Safi Ullah Khan; and
(5) The Mover.

Chairman : Motion under consideration, amendment moved is—

That the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958 be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report by the 15th November 1958:

(1) The Minister of Law;
(2) Mr. Muhammad Ayyub Khuhro;
(3) Qazi Murid Ahmad;
(4) Khan Safiullah Khan; and
(5) The Mover.

(*At this stage Mr. Speaker occupied the Chair*).

شیخ محمد سعید — حضور والا — یہ بل جن بلند دعاوی کے ساتھ پیش کیا گیا ہے - بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کو اب بارڈر پولیس کو منظم کرنے کا خیال آیا ہے - اس بارڈر پولیس کو منظم کرنے کا کام جو حکومت اس قدر بلند بانگ دعاوی کے ساتھ پورا کرنا چاہتی ہے اس کا مقصد کیا ہے ؟ کیا وہ اسے واقعی بہتر بنیادوں پر کھڑا کرنا چاہتی ہے -

جناب والا — اس ملک کی سب سے زیادہ مہلک بیماری جس سے ملک کے وسائل کو سب سے زیادہ نقصان پہنچ رہا ہے سمگلنگ یعنی ناجائز درآمد و برآمد ہے - اسے بند کرنے کی جس قدر کوشش کی گئی ہے وہ محض اس لئے ناکام رہی

ہے کہ بارڈر پولیس کے نظام پر چند ایسے وزرا اور لوگوں کا قبضہ ہے جو اسے ہر طریقے سے خراب کرتے ہیں اور اس کے کام میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کرتے ہیں ۔ سمگلنگ کی وجہ سے ہمارے ملک میں غلے کی حالت اور ہمارے شریانوں کے خون یعنی زر مبادلہ کی حالت اس لئے تباہ و برباد ہے کہ بارڈر پولیس کے حکمران اسے بند کرنے میں ناکام رہے ہیں ۔ چندریگر وزارت نے اپنے عہد کا سب سے بڑا کارنامہ یہ کیا کہ اس نے اپنی سرحدوں کو محفوظ اور مضبوط کرکے سمگلنگ کو ختم کرنے کی بابت فیصلہ کرکے عملی قدم اٹھایا ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ اس وزارت کے فوراً بعد مشرقی اور مغربی پاکستان کی سرحدوں پر اس لعنت کو روکنے کے لئے نگرانی ختم کر دی گئی ۔ حالانکہ اس نگرانی سے اشیائے ضروریہ کے نرخ کم ہو گئے تھے اور سونے کی سمگلنگ بند ہو گئی تھی جس کی وجہ سے ہمارے زرمبادلہ کی قیمت بھی بڑھ گئی تھی ۔ ریپبلکن وزارت کے برسر اقدار آنے پر بجائے اس کے کہ ان ہی اختیارات سے کام لے کر ملک کی ساکھ بہتر بنائی جاتی ۔ اس نے اپنے اقتدار کی خاطر ملک کے مفاد کو بالائے طاق رکھ کر چند ریگر وزارت کے اقدامات کو بے اثر بنانے کی حتی‌المقدور کوشش کی اور انہیں بے اثر بنا کر ہی دم لیا ۔

جناب والا — یہ تو سب جانتے ہیں کہ ہمارے ملک کی سرحدوں کا تین چوتھائی حصہ بھارتی سرحدوں سے گھرا ہوا ہے ۔ اور زیادہ تر سمگلنگ بھی انہیں سرحدوں پر ہوتی ہے ۔ ہمارا غلہ ۔ ہماری مصنوعات ۔ ہمارا زر مبادلہ اور دیگر اشیا کسی نہ کسی طریق سے سرحد کے پار چلی جاتی ہے ۔ اگرچہ بظاہر آپ نے بھی اعلان کر رکھا ہے کہ آئندہ اس قسم کی حرکت ہرگز برداشت نہ کی جائیگی ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر آپ واقعی دل سے چاہتے ہیں کہ ایسا ہو تو آپ کو باڈر پولیس کی تنظیم کو زیادہ مضبوط اور طاقتور بنانا چاہئے ۔

مرکزی حکومت تو حتی‌المقدور نیک اقدامات کرتی رہتی ہے مگر ہم نے دیکھا ہے کہ آپ کی بدعنوانیاں اور

دھاندلیاں انہیں ملیامیٹ کر رہی ہیں ۔ جب انہیں بے نقاب کیا جاتا ہے تو آپ اچھی اچھی باتیں کرکے محض زبانی جمع خرچ سے ہی ٹال دیتے ہیں ۔ ملک کی حالت بہتر بنانے کا یہ کوئی طریقہ نہیں ۔ دراصل آپ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں قانون ختم کیا جائے اور اس کی اقتصادی حالت کو درہم برہم کیا جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ پنڈت نہرو جو کام اپنے گھر بیٹھ کر ہمارے ملک میں کرنا چاہتا ہے بعینہہ وہ ریپبلیکن پارٹی کر رہی ہے ۔ لہذا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بل کے ذریعے اس امر کی کوشش کی جا رہی ہے کہ بارڈر پولیس پر ایسا اثر ڈالا جائے اور اس پر اس قسم کی سختیاں کی جائیں جن سے وہ بد ظن ہو جائے اور پھر اس کے بعد اپنی من مانی کاروائیاں کی جائیں ۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ بہاولپور اور خیر پور کے راستے اس صوبے کا سارا غلہ سمگل ہو جایا کریگا جس سے آپ کے حواریوں اور ریپبلیکن پارٹی کے ایجنٹوں کو وافر روپیہ کمانے کا موقع ملے گا اور اس طرح ان کو اپنی تجوریاں بھرنے میں سہولت ہو جائیگی دراصل آپ کی کوشش یہ ہے کہ اپنے ایجنٹوں اور حواریوں کو آسان طریق سے روپیہ حاصل کرنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع بہم پہنچانے کا بندوبست کیا جائے ۔

جناب والا ۔ یہ ایک عجیب قسم کا بل ہے جس کے ذریعے آپ سب قوانین ختم کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ نے اس میں لکھا ہے کہ اگر بارڈر پولیس کا کوئی سپاہی کسی میٹنگ میں موجود ہو اور وہ اسے کچلنے کی کوشش نہ کرے تو وہ بھی مستوجب سزا ہوگا ۔ یہ بات بظاہر مضحکہ خیز ہے ۔

پھر جناب والا دفعہ ۱۳ کے ضمن الف میں لکھا ہے ۔

Any member of the Force who begins, excites, causes, or conspires to cause or joins in any meeting or being present at any meeting does not use his utmost endeavour to suppress it.

یعنی بارڈر پولیس کا کوئی سپاہی کسی میٹنگ میں موجود ہو تو اس میٹنگ کو کچلنے کی کوشش نہ کرے تو وہ سزا کا مستوجب ہوگا ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی سپاہی اتفاق سے ہی کسی ایسی میٹنگ میں پہنچ

جائے تو کس طرح اس کو قصوروار ٹھہرائیں گے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کی دفعات بغیر کسی سوچ بچار کے لائی جا رہی ہیں ۔ وزارت چاہتی ہے کہ عوام کو سوچنے کا موقع نہ ملے اس لئے نہایت جلدی جلدی اور عجلت سے ایسی باتیں کی جا رہی ہیں ۔ چاہئے کہ اس پر پورا غور و فکر کیا جائے اور اس کے لئے میری رائے میں اس بل کو ایک سیلکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے کیونکہ یہ بل بڑی اہمیت اور بے حد دور رس نتائج کا حامل ہے اس لئے اس پر سوچ بچار کرنا ضروری ہے ۔ جب آپ کو معلوم ہے کہ بارڈر پر ہندوستانی فوجوں نے ہر جگہ مورچے گاڑے ہوئے ہیں تو پھر آپ کیوں نہیں بارڈر کی حفاظت فوج کے حوالے کر دیتے ۔ میرے نزدیک تو اس کا یہی ایک حل ہے ۔ یہ ایک سیدھی سادھی بات ہے اس میں درجہ بدرجہ تبدیلیاں کرنے کی بجائے براہ راست فوج کے حوالے کر دیں وہی اس کا انتظام کرے اس طرح آپ کا روپیہ بھی بچ جائے گا ملک بھی بچ جائے گا اور ملک کی حفاظت بھی ہوگی ۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada : I always accept his reasonable amendments. If he considers any clause unreasonable, then let him move an amendment to it.

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958 be referred to a Select Committee consisting of the following:

(1) The Minister of Law;
(2) Mr. Muhammad Ayyub Khuhro;
(3) Qazi Murid Ahmed,
(4) Khan Safi Ullah Khan; and
(5) The Mover.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Border Police Force Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion by the 31st August, 1958.

The motion was lost

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Border Police Force Bill 1958, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

LEAVE OF ABSENCE OF M. P. AS.

Mr. Speaker : I have only three or four leave applications from the following members :

(1) Begum Sarwari Irfanullah wants leave of absence for the last session held in the month of April.

(2) Khan Usmar Din Khan is going with the dead body of Khan Bahadur Mahabat Ali Khan, who died last night in the Mayo Hospital.

(3) Khan Fateh Muhammad Khan wants leave for three days.

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

The House will now Adjourn for fifteen minutes for Asar prayers and will meet at 5-30 p. m. for discussing the adjournment motion.

Assembly then adjourned for 15 minutes to meet again at 5-30 p.m.

The Assembly re-assembled at 5-30 p. m. after 'Asar prayer' Mr. Speaker in the Chair.

Adjournment Motion

DEATH OF FOUR PERSONS DUE TO SUPPLY OF ADULTERATED ATTA.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I beg to move:

That the Assembly do now adjourn.

حضور والا—آج صبح کے اجلاس میں جب آپ نے میری اس تحریک التوا پر بحث کرنے کی اجازت دی تو مجھے کہا گیا کہ یہ کتنی عجیب بات ہے کہ مسٹر سپیکر نے تمہاری اس تحریک پر بحث کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

جب حضور لندن سے واپس تشریف لائے تھے تو حضور کے چہرہ مبارک پر سرخی اور رونق تھی - لیکن لاہور میں کچھ دن قیام کرنے کے بعد آپ بھی اسی مرض کا شکار ہونا شروع ہو گئے ہیں جس میں تمام اہل لاہور مبتلا ہیں - حضور والا میں نہایت مختصر الفاظ میں اس قومی مسئلہ پر اس ایوان کی توجہ مبذول کرنا چاہتا ہوں اور استدعا کرتا ہوں کہ حکومت کے معزز اراکین اپنی پہلی فرصت میں اس تکلیف کا ازالہ فرمائیں جس میں لاہور کے تیرہ لاکھ اور صوبہ کے باقی ۳۸ لاکھ آدمی مبتلا ہیں -

حضور والا - کیفیت یہ ہے کہ ہمارے ملک کی ۸۵ فیصدی آبادی صرف گندم کی روٹی اور دال پر گزر اوقات کرنے پر مجبور ہے - انکے پاس کوئی متنوع خوراک نہیں ہوتی اس لئے یہ بات نہایت اہم اور ضروری ہو جاتی ہے کہ حکومت ہر ممکن کوشش کرے کہ لوگوں کو خالص اور آمیزش کے بغیر آٹا ملے - لیکن بد قسمتی یہ ہے کہ جیسا کہ ایوان کے قائد نے اگلے روز ایک بڑے پتے کی بات کہی تھی کہ یہ supply اور demand کا مسئلہ ہے - اگر Supply demand کے مقابلے میں زیادہ ہو تو

قیمتیں زیادہ ہوجاتی ہیں اور انہوں نے اس امر کا بھی اعتراف کیا تھا کہ ہمارے ملک میں demand-supply کے مقابلے میں افسوس ناک حد تک کم ہے۔ اس کا باعث میرے خیال میں ذخیرہ اندوز اور بلیک مارکیٹ کرنے والے اصحاب ہیں ہمارے ملک میں land-lords اور جاگیرداروں کی حکومت ہونے کی وجہ سے ملک میں پیداوار کی بہت کمی ہے اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہمیں گندم کے لئے امریکہ سے دریوزہ گری کرنی پڑتی ہے۔ اگر گندم میں ۸ فیصدی نشاستہ اور ۹ فیصدی پروٹین ہو تو گندم خالص human consumption کے قابل ہوتی ہے اگر یہ چیزیں اس نسبت سے کم ہوں تو یہ گندم کھانے کے قابل نہیں ہوتی۔ اگر ایسی ناقص گندم کو کھایا جائے تو یہ ساری بیماریوں اور خرابیوں کا سر چشمہ ثابت ہوتی ہے۔ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ امریکی گندم میں دیسی گندم کی نسبت نشاستہ بہت کم ہوتا ہے۔ ہمارے ملک کی گندم کو پیس کر اگر اس سے ۹ فیصدی میدہ نکال لیا جائے تو باقی کا آٹا کھانے کے قابل ہوتا ہے۔ امریکی گندم جس میں نشاستہ بہت کم ہوتا ہے اسکی آمیزش ہماری گندم کے ساتھ اس نسبت سے کی جاتی ہے —

امریکی گندم	۷۵ فیصد
دیسی گندم	۲۵ فیصد

اس ملی جلی گندم سے ۹ فیصدی میدہ نکالنے کی بجائے حکومت کو صرف ۳ فیصدی میدہ نکالنا چاہئے تاکہ اس کا آٹا کھانے کے قابل رہ سکے۔ لیکن جناب حقیقت یہ ہے کہ ہمارے ملک میں میدہ کی بڑی بلیک مارکیٹ ہے۔ لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ آٹے سے میدہ زیادہ سے زیادہ نکال کر زیادہ زیادہ منافع کمایا جائے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ۹ فیصدی یا ملی جلی گندم سے ۳ فیصدی میدہ نکالنے کی بجائے وہ بیس فیصدی نکال لیتے ہیں۔ آلائش کی طرف مل کے مالکوں کا یہ پہلا قدم ہوتا ہے۔ اسکے بعد یہ ۱۲ برائے فروخت ڈپوؤں پر آتا ہے۔ اب ڈپو والا اس آٹے سے مزید دس فیصدی میدہ نکال لیتا ہے۔ جسا کہ میں نے قبل ازیں عرض کیا ہے امریکی گندم میں میدہ بہت کم ہوتا ہے اس لئے حکومت کو اسمیں سے زیادہ سے زیادہ تین فیصدی

میدہ نکالنا چاہئے - مگر بیس فیصدی مل والوں نے نکال لیا دس فیصدی ڈپو والے نے نکال لیا - اس تمام کارروائی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب آٹا عوام تک پہونچتا ہے تو اس میں نشاستہ ۸ فیصدی کی بجائے تین فیصدی رہ جاتا ہے اور پروٹین ۹ فیصدی کی بجائے ۳ فیصدی رہ جاتی ہے - میں جناب کے سامنے Public Analyst کی رپورٹ کے چند لفظ پڑھتا ہوں جس سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ جو آٹا بعض مقامات پر تقسیم ہو رہا ہے وہ کس حد تک مضرت رساں ہے اس میں لکھا گیا ہے کہ آٹا unfit for human consumption ہے - یعنی یہ آٹا انسانوں کے کھانے کے قابل نہیں ہے -

اس کے بعد جناب والا—میں یہ عرض کروں گا کہ آپ نے پہلے حکم دیا ہوا تھا کہ مل والے حکومت کو اپنے پسے ہوئے آٹے کے نمونے بھیجا کریں جن کو آپ اپنے Public Analyst کو بھیج دیا کریں گے تاکہ معلوم ہو سکے کہ اس میں سے میدہ زیادہ تو نہیں نکالا گیا - لیکن یہ پریکٹس آپ نے مدتوں سے بند کر رکھی ہے اسکے علاوہ آپ نے Anti Adulteration Staff رکھا ہوتا تھا جو گاہے بگاہے ڈپوؤں پر جا کر چھاپے مارا کرتا تھا اور آٹے کے نمونے لیکر Public Analyst کو بھیجا کرتا تھا - مگر افسوس آپ نے اس سٹاف کو بھی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے - اب حکومت کی طرف سے آٹے پر کوئی supervision نہیں رہی - اس کا نتیجہ یہ ہے کہ مل والے اور ڈپو ہولڈر من مانی کرتے ہیں اس طرح حکومت نے غفلت کی اور آج ساری قوم بیماری کے مہیب غار کے کنارے کھڑی ہے - آٹے کے ناقص ہونے کا اعتراف میری معزز بہن بیگم سلمیٰ تصدق حسین صاحبہ نے جو حکومت کی ڈپٹی منسٹر بھی ہیں اگلے روز کیا تھا - انہوں نے فرمایا تھا کہ ڈپوؤں پر جو آٹا مل رہا ہے وہ کھانے کے قابل نہیں ہے - اب میں آپ کو گندم میں آلائش کا دوسرا source بتاتا ہوں آپ آٹے میں چنا - باجرا اور جو بھی ملاتے ہیں - آپ کو معلوم ہے کہ ان تینوں میں پروٹین بہت کم ہوتا ہے -

حضور والا—ہمارے ملک کے ۹۰ فیصدی عوام کی زندگی کا انحصار صرف روٹی - دال اور پیاز وغیرہ پر ہے - اس لئے آپ کو چاہئے

تھا کہ آپ ان کو کم از کم آٹا تو اچھے سٹینڈرڈ کا دیتے تا کہ ان کی قوت حیات برقرار رہ سکتی - عوام کی جسمانی حالت دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے - اگر وزراء صاحبان کو ہم پر اعتبار نہیں ہے تو وہ اپنے عملے کو ساتھ لیکر لاہور شہر کے کسی حصے میں چلے جائیں خواہ وہ وسن پورہ ہو یا ٹمپل روڈ ہو اور وہاں جس گھر میں چاہیں چلے جائیں اور اس گھر کی عورتوں سے دریافت کریں کہ ان کو آٹا خراب ملتا ہے یا اچھا ملتا ہے - آپ کو ہر گھر سے یہی جواب ملے گا کہ آٹا نہایت ہی نکما اور ناقص ملتا ہے - اگر آپ لاہور کے ڈاکٹروں سے رپورٹ حاصل کریں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ۹۰ فیصدی عوام پیٹ اور انتڑیوں کی بیماریوں میں مبتلا ہیں - اسکی وجہ صرف آٹے کی خرابی ہے - اگر آپ Report on Adultration in the Southern and Northern Range پڑھیں تو آپ حیران ہو جائیں گے کہ ہماری قوم کو آٹے میں مٹی - پتھر اور اسی قسم کی دوسری مضرت رساں چیزیں کھلائی جا رہی ہیں - آپ بنیادی طور پر اس ملک کے رہنے والے حکمران ہیں - آپ کی حیثیت بیرونی حاکموں کی نہیں ہے - آپ قوم کے رازق بنے بیٹھے ہیں اس لئے میں آپ سے کہتا ہوں کہ آپ کا فرض منصبی ہے کہ قوم کو اچھی سے اچھی خوراک مہیا کریں - اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو کم از کم لوگوں کو مجبور نہ کریں کہ وہ ضرور آپ ہی کے مقرر کردہ ڈپوؤں سے راشن خریدیں - آج آپ ۵۰ لاکھ لوگوں کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ سرکاری ڈپوؤں سے ناقص آٹا خریدیں خواہ اس میں نصف سے زیادہ مٹی ہی کیوں نہ ملی ہوئی ہو - آپکا یہ مذہبی اور انسانی فرض ہے کہ آپ عوام کو پاکیزہ خوراک مہیا کریں - آپ کو چاہئے کہ عوام کو دیسی گندم کا آٹا مہیا کریں کیونکہ اسمیں نشاستہ زیادہ ہوتا ہے - خدا کا واسطہ مانو اور ہمیں امریکی گندم کا آٹا نہ دو کیونکہ یہ گندم second rate نہیں third rate نہیں بلکہ fourth rate ہوتی ہے جسے امریکہ کے حیوان بھی نہیں کھاتے -

وہاں کے کمرشل ادارے اسکو استعمال نہیں کرتے حتی کہ وہاں کے جانور بھی نہیں کھاتے لیکن ہمیں فکر نہیں ہے اس لئے جب وہ چاہتے ہیں ہمکو دے دیتے ہیں -

We are beggars, we cannot make a choice.

لیکن آپ ایک خود مختار soverign independent ایوان کے نمائندہ کی حیثیت سے انکو کہیں کہ اگر آپ ہمیں آٹا امداد کے طور پر دیتے ہیں - اگر آپ ایسی مشکلات میں ہمارا ہاتھ بٹانا چاہتے ہیں تو کم از کم انسانوں کے کھانے کے قابل گندم ہمکو دیں میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ پچھلے دنوں جب جاپان کو امداد دی گئی تو انہوں نے اپنی expert committee اس غلہ کو examine کرنے کے لئے بھیجی - اس کمیٹی نے غلہ کا analysis کیا تو انکو معلوم ہوا کہ غلہ نمونہ کے مطابق نہیں ہے - اس پر انہوں نے ایک خط لکھا - جس میں انہوں نے لکھا کہ :—

Do you think we are sub-human? Are we not as good human beings as the Americans are ?

تو حضور والا—میں وزیر صاحب سے درخواست کرونگا .....

Mr. Speaker: There is only one minute more and he has not said a word about those four persons who have died.

میاں محمد شفیع—میں ایک بار آپکی خدمت عالی میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ چار آدمی جو حادثے میں ہلاک ہوئے جنکی قبروں پر ہم خون کے آنسوں روتے ہیں وہ اگلے روز ہماری حکومت کی نا اہلی کی وجہ سے موت کا شکار ہوئے انکو موت آگئی ویسے حقیقت یہ ہے کہ نہ جانے اس اندھیر میں روزانہ کتنی مخلوق مرتی ہے جنکا کوئی نام نہیں لیتا - یہ آپکی کرم فرمائی تھی کہ آپنے یہ نوٹس قبول فرمایا حقیقت یہ ہے کہ حمید اور نبی بخش نے شام کو کھانا کھایا - وہ رات بیمار ہوگئے متلی اور الٹی کا شکار ہوئے - ڈاکٹر کو بلایا گیا ڈاکٹر نے کہا کہ آپ راشن ڈپو سے جو آٹا لائے ہیں وہ دکھائیں چنانچہ وہ آٹا دکھایا گیا - آٹا دیکھنے سے ہی خراب معلوم ہوتا تھا اس میں بدبو اور تعفن تھا اور اس میں تمام وہ چیزیں تھیں جو ناقابل خوردن آٹے میں ہوتی ہیں - اسکے بعد اسے chemical Examiner کے پاس بھیجا گیا اس نے جو رپورٹ دی وہ پیش خدمت ہے -

Acidity sulphuric acid 17 per cent.

This sample is deficient in gluten contents. The prescribed minimum limit being 8 per cent and is unfit for human consumption as it is rancid.

میرے محترم وزیر جانتے ہیں کہ Acidity sulphuric acid سے کیا مراد ہے - اسکے علاوہ اور بات جسکی طرف توجہ دلاتا

چاہتا ہوں یہ ہے کہ ایک تو آپکے وہ راشن ڈپو ہیں جنہوں آپ آٹا سپلائی کرتے ہیں جو آپکے نظام کے ماتحت ہیں دوسرے وہ ڈپو ہیں جو آپ نے un-authorised قائم کئے ہوئے ہیں جن پر لوگ باہر سے گندم لاکر جو بالکل خراب ہوتی ہے اسکو پسواکر فروخت کرتے ہیں - اس پر کوئی کنٹرول نہیں ہے - آپکی حکومت کو معلوم ہے کہ ایسے ڈپو ہیں جو آپ سے آٹا نہیں لیتے - آپکے افسران آپکا محکمہ چشم پوشی کرتا ہے وہ اس قسم کا آٹا بیچتے ہیں - آپکو معلوم ہے کہ آپ آٹا ہر خاندان کو افراد کی تعداد کے لحاظ سے دیتے ہیں - فرض کیجئے اگر ایک آدمی ہے تو ایک آدمی کا اگر دو ہیں تو دو کا اگر آٹھ ہیں تو آٹھ آدمیوں کا راشن دیتے ہیں - اکثر مہمان آجاتے ہیں تو لوگوں کو انکے لئے آٹے کی ضرورت پڑتی ہے اور وہ اپنی ضرورت کے پیش نظر un-authorised depots سے راشن خریدتے ہیں - جناب ایسے لوگ مجبوراً ایسی دوکانوں پر جاتے ہیں جو گورنمنٹ کے ڈپو نہیں بلکہ نجی ہیں اور وہ مجبوراً ان دوکانوں سے گیہوں حاصل کرتے ہیں -

حضور والا—اب میں اس سلسلہ میں چند تجاویز آپکے توسط سے پیش کرونگا - عوام کو ۲۵ فیصدی امریکی اور ۷۵ فیصدی دیسی گندم دی جائے - آپ ایک اور تدبیر اختیار فرمائیں اور اس پر زور دیا جائے کہ مہینہ میں کم از کم ایکبار دوکانوں کا معائینہ کرایا جائے - اگر آپکے نوٹس میں کوئی بات آئے تو آپ اس دوکاندار کا لائسینس منسوخ کریں اور اسکو بھی سزادیں - انسان کی صحت کا دارومدار پروٹین پر ہے اگر آپ انہیں وہ نہ فراہم کریں تو اسکا اثر صحت پر پڑیگا - جناب والا حکومت کو چاہیے کہ وہ un-authorised depots کے سلسلہ میں مناسب تدابیر اختیار کرے اور جلد از جلد کوئی ہدایت جاری کرے - میں اس سلسلہ میں بھی کئی چیزیں suggest کررہا ہوں آپ یہ اصول بنائیں کہ ہر دوکاندار آپکو اپنے آٹے کے نمونے دے آپ ان نمونوں کو chemical examination کے لئے chemical examiner کے پاس بھجوائیں اور اسکی رپورٹ منگوائیں - آپ اپنا اسٹاف مامور کریں انکی ہمت افزائی کریں تا کہ وہ خود بغیر کسی

افسر کی دھونس کے ڈھو پر جائیں اور دیکھیں کہ آیا وہ آٹا صحیح بیچ رہے ہیں کہ نہیں۔

آخری چیز جو میں آپکے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں جسے میرا خیال ہے کہ کم از کم آپ نہ مانیں گے یا کم از کم جس پر سید حسن محمود کی حکومت عمل درآمد نہ کریگی.....

مخدوم زادہ سید حسن محمود—اب آئے میں بھی میں ہوں ۔

میاں محمد شفیع— اگر آپ ملک کی غذائی ضروریات پوری کرنا چاہتے ہیں اور اس سلسلہ میں ایک توازن پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔ اور بھوکا مرنا چھوڑ دینا چاہتے ہیں تو اس کا راستہ یہ ہے کہ ۸۷ فیصد آبادی آپکے کاشتکار ہیں جن کے پاس ایک ایکڑ سے لیکر بارہ ایکڑ زمین ہے انکے پاس کافی زمین نہیں ہے آپ سرکاری آراضی ان لوگوں کو دیں تاکہ غذائی پیداوار میں اضافہ ہوسکے ۔

اسکے علاوہ ایک اور بات جس میں آپ مجھے support نہ کریں گے یہ ہے کہ جنکے پاس ہزاروں مربعے آراضی ہے ان سے وہ زمین لیکر ان لوگوں میں تقسیم کر دی جائے جنکے پاس زمین نہیں ہے ۔ آپ ایک حد مقرر کردیں کہ کوئی شخص دو یا تین سو مربعے سے زیادہ زمین نہیں رکھ سکتا اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ دیکھیں گے کہ ملک کے عوام کی تمام ہمدردیاں آپکے ساتھ ہیں لیکن جناب A leopord cannot change his spots.

Mr. Speaker: Motion moved is—

That the Assembly do now adjourn.

چوہدری محمد احسن — (ضلع گجرات) جناب والا میں اپنے دوست میاں محمد شفیع کی adjournment motion کی تائید میں اپنے گذارشات پیش کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ حضور والا مجھے زہریلا آٹا سامنے کی وجہ سے جن لوگوں کی موتیں ہوئی ہیں انکے علاوہ ایک اور شخص کی یاد بھی آئی ہے ۔ جسکا مجھے اخبار میں پڑھکر نہایت رنج ہوا کہ پاکستان کے ایک نہایت غریب معزز شہری نے سردی کی وجہ سے ریلوے ویگن میں رات گذارتے ہوئے بھوک سے تڑپتے ہوئے اپنی زندگی کے آخری سانس پاکستان کی خاطر پاکستان میں ختم کر دئے

جناب والا—میں اسے قوم و ملک کے لئے ایک نہائت شرمناک ، المناک موت سمجھتا ہوں اور جس قوم کے افراد ایسے ہوں اس قوم کے لئے سوائے صبر کے اور کوئی چارہ کار نہیں - اس ملک میں انقلاب اپنی خونی آنکھیں ہر وقت دکھا رہا ہے - اس ہاوس میں اور اس ملک میں جتنی باتیں ہو رہی ہیں ان سے امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہو رہا ہے - بددیانت افسر جو ہیں ان کی حمایت کے لئے ہمارے صاحب اختیار لوگ آگے آجاتے ہیں - یہ نہیں کہ ان کے خلاف کارروائی کرنے کے لئے ہمارے پاس کوئی قانون نہیں - قانون تو ہے لیکن اسے عمل میں نہیں لایا جاتا - پراپیگنڈا کے لئے یہ کہا جاتا ہے کہ corruption کو روکنے کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا جائیگا کہ پاکستان کے بننے کے بعد جتنی حرام کی دولت کسی نے کمائی ہے اسے unearth کیا جائے - لیکن ایسا قانون بنانے کی قرار داد یا بل سے حکومت کا فرار عجیب بات ہے - میں کہتا ہوں کہ ایسے کمیشن کی اسقدر ضرورت بھی نہیں - ہمارے پاس اس قسم کی برائیوں کا تدارک کرنے کے لئے پہلے ہی قانون موجود ہے اور اس کے لئے پہلے ہی ایک Anti-corruption کا محکمہ موجود ہے لیکن گورنمنٹ کیا کرتی ہے کہ جب Anti-corruption والے کوئی cases مکمل کرلیتے ہیں تو پھر نوازشات شروع ہو جاتی ہیں - جب کوئی بددیانت افسر پھنس جاتا ہے اور اس کے خلاف انکوائری مکمل ہو جاتی ہے تو پھر favourtism شروع ہو جاتی ہے اور بددیانت کو بچا لیا جاتا ہے جب تک آپ اس قسم کی جنبہ داری دور نہیں کرتے corruption دور نہیں ہو سکتی - جب تک اس ملک سے سرمایہداری کا خاتمہ نہیں کیا جاتا یہ ملک ترقی نہیں کر سکتا - جب تک اس ملک میں بڑی بڑی تنخواہیں اور آمدنیوں کی حد ایک ہزار مقرر نہیں کی جاتی یہ ملک ترقی نہیں کرسکتا - جب تک اس ملک سے کارخانہداروں کی لوٹ اور پرمٹوں کی چوربازاری کے زہریلے اثرات جو اس ملک میں سرایت کر چکے ہیں دور نہیں کئے جاتے اور کارخانے ٹرانسپورٹیں و بڑی زمینداریاں ایک مقررہ حد سے اوپر قومی نہیں قرار دے دی جاتیں - یہ ملک ترقی نہیں کرسکتا بلکہ میں کہوں گا

کہ معاشرہ ایک خونی انقلاب کے راہ پہ گامزن ہے ۔ وقت کا تقاضا ہے multiple incomes بند اور حدود آمدنی مقرر ہو جائیں اور امیر کو امیر تر نہ ہونے دیا جائے بلکہ بددیانت لوگوں کو کسی طرح سے امیر نہ بننے دیا جائے ۔ اگر یہ باتیں نہ کی گئیں تو خاکم بدھن پاکستان کی سالمیت کو بھی خطرہ ہے ۔ غریبا ٹیکسوں کے بوجھ تلے تباہ ہو رہے ہیں ۔ ان زہریلے اثرات کی وجہ سے——

مسٹر سپیکر—آپ نے تحریک التوا کے متعلق تو کچھ بھی نہیں کہا ۔

چوہدری محمد احسن—جناب والا میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ گندے آٹے سے زیادہ وہ زہریلہ مادہ ہے جو بددیانت افسروں بد دیانت لوگوں ۔ بڑے بڑے سرمایہ داروں اور بڑے زمینداروں کے بہروپ میں ہمارے ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہا ہے ۔ اگر ان لوگوں کی حرام کی کمائی بند نہیں ہو سکتی تو اس سے نہ صرف لوگ ختم ہو جائینگے بلکہ یہ پاکستان کو بھی ختم کردے گا ۔ ۱۹۴۷ کے بعد دولت حرام پیدا کرنے والے لوگ کب ایسی بات سنیں گے ۔ نہیں یہ تاب نہیں ۔

مسٹر سپیکر—آپ تشریف رکھیں ۔

قاضی مرید احمد—(ضلع سرگودھا)—صدر محترم آٹا ایک انسانی غذا ہے اور آج اس ہاؤس میں گندے آٹے کے متعلق ہم اپنے خیالات پیش کررہے ہیں ۔ دراصل بات یہ ہے کہ ان ساری الائشوں اور خرابیوں کی جڑ گندی سیاست ہے ۔ یہ اس گندی سیاست کا نتیجہ ہے کہ اس ملک کی ساری مشینری اور اس ملک کا سب کچھ گندہ ہے (ایک آواز— ایس دی ذمہ داری تہاڈے تے دی ہے کہ سانڈے تے ہی ہے) ۔ میں بھی اس میں شامل ہوں اور میں اپنی تعریف نہیں کرونگا ۔ اب جناب والا میں چند ایک باتیں آپ کی وساطت سے وزیر خوراک کی خدمت میں پیش کروں گا ۔

مسٹر سپیکر—آٹے کے متعلق ۔

قاضی مرید احمد—جی ہاں آٹے کے متعلق ۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اگر ڈپو ہولڈرز کا ۔ میں دیہات کا رہنے والا ہوں

اور مجھے بے شمار ڈپوؤں کا علم ہے - ایمانداری سے تقرر کیا جائے اور ضلعی حکام کے معاملات میں وزارت مداخلت نہ کرے تو یہ معاملہ بہت حد تک کامیابی کے ساتھ حل ہو سکتا ہے - میں اپنے ضلع کی ایک مثال آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - ایک ڈپو ہولڈر کے متعلق میں نے ڈی-ایف-سی کو لکھا کہ وہ غلط قسم کا آٹا تقسیم کرتا ہے - اس کی تحقیقات ڈی-ایف سی نے خود کی اور اس ڈپوہولڈر کو موقوف کر دیا - لیکن میں اس ہاؤس کو واضح الفاظ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے ڈی سی نے بتلایا کہ قاضی صاحب میں کیا کروں - آپ کی شکایت تو درست تھی - ڈپو ہولڈر بے ایمان تھا - اسے جو آٹا دیا گیا تھا اسے اس نے بلیک میں بیچ دیا - لیکن میں مجبور ہوں - یہ ریپبلکن وزارت چھوٹے چھوٹے ڈپو ہولڈروں کے معاملہ میں بھی دخل انداز ہو رہی ہے - اب آپ ہی بتائیں کہ اس میں ہمارا محکمہ خوراک کیا کرے - صدر محترم میں وزارت کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انسانی خوراک کا مسئلہ ایسا ہے کہ اسے تو سیاسی کرپشن سے پاک رکھیں - ایک ڈی-ایف-سی تحقیقات کرتا ہے اور ڈپو ہولڈر مجرم ثابت ہوتا ہے کیا اسے اتنا بھی حق حاصل نہیں کہ وہ اس ڈپو ہولڈر کو جو بے ایمان ہے اور جو بلیک کرتا ہے اسے نکال سکے - لیکن ہوا یہ کہ ایک وزیر سرگودھا گئے اور انہوں نے یہ حکم صادر کر دیا کہ اس ڈپو ہولڈر کو بحال کر دیا جائے اور اس کو بحال کر دیا گیا - جناب والا ایک ڈپو ہولڈر کے خلاف شکایت کی جاتی ہے اور ڈی-ایف-سی تحقیقات کرتا ہے - اور وہ اس شکایت کو حق بجانب قرار دیتا ہے اور ڈی-ایف-سی مجھ سے خود بیان کرتا ہے کہ وہ ڈپو ہولڈر بے ایمان ہے لیکن اس کے باوجود وزارت نے اسے بحال کر دیا - مجھے ایک ڈیڑھ ہزار روپیہ تنخواہ لینے والا افسر یہ بتاتا ہے کہ قاضی صاحب میں کیا کروں میں مجبور ہوں - آپ کی شکایت درست تھی - وہ ڈپو ہولڈر بے ایمان تھا اور اس نے بلیک کی لیکن کیا کروں وزارت پیچھا نہیں چھوڑتی -

دوسری بات جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ بڑے بڑے مل اونر اور بڑے بڑے زمیندار خراب آٹے

کا باعث ہیں لیکن وزارت ان مل اونروں اور بڑے بڑے زمینداروں کو نوازنا چاہتی ہے۔ جو لوگ اس گندے آٹے کا باعث ہیں ان کو گندم پیسنے کیلئے کیوں دی جاتی ہے۔ اگر گندم کا آٹا آپ اچھا نہیں دے سکتے تو اگر گندم کے دانے آپ لوگوں میں تقسیم کریں تو اس سے کونسی آفت ٹوٹ پڑے گی۔ میں وزیر خوراک کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی خدا کے فضل سے ہماری ماؤں اور بہنوں کے ہاتھوں میں اتنی طاقت ہے کہ وہ اپنے لئے آٹا پیس سکتی ہیں۔ آپ ایسا آٹا لوگوں کو کیوں دیتے ہیں آپ لوگوں کو گندم دیں گاؤں میں لوگ اچھا آٹا پیس سکتے ہیں۔ آخر آپ یہ کیوں چاہتے ہیں کہ تین یا چار مل اونروں سے دس یا پندرہ لاکھ روپیہ سالانہ کما لیں۔ ان کی ملوں میں جو آٹا پستا ہے اسے تو انسان تو انسان حیوان بھی کھانے کیلئے تیار نہیں۔

تیسری بات جو میں آپ کے ذریعہ نہایت ادب سے وزیر خوراک کی خدمت میں گذارش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بڑے زمیندار گندم کو بازار میں نہیں لاتے بلکہ اس کا ذخیرہ کر لیتے ہیں اس پر آپ کو مجبور ہو کر امریکہ سے گندم منگوانی پڑتی ہے جو تین یا چار ماہ راستہ میں رہتی ہے اور پھر کئی مہینے ساحل پر پڑی رہتی ہے اور جب وہ کھانے کے قابل نہیں رہتی تو اس کا آٹا پیس کر لوگوں کو کھانے کیلئے دیا جاتا ہے۔ زمیندار گندم کو دبا لیتے ہیں اور وزارت میں یہ جرات نہیں ہوتی کہ وہ بڑے زمینداروں سے گندم حاصل کرے۔ خدا کیلئے ان نوبہار شاہوں کا علاج کرو اور ان سے جبراً گندم لے لو (قطع کلامیاں) اس کے علاوہ حضوروالا۔مجھے ابھی ابھی معلوم ہوا ہے کہ ایک بہت بڑے سرمایہ دار کرنل وحیدالدین کو ۱۲ لاکھ روپے کا پرمٹ دیا گیا ہے کراچی چاول لے جانے کا۔ محض اس لئے کہ وہ ایک وزیر کے رشتہ دار ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر قوم تمہارے ہاتھ سے چاول نہیں خریدے گی تو اسے جبراً دیا جائیگا۔ ہم ان پر ناجائز نکتہ چینی نہیں کرتے وہ بھی اپنی اداؤں پر ذرا غور کریں۔

ہم اگر بات کہیں گے تو شکایت ہوگی

یزید نے تو پانی بند کیا تھا انہوں نے روٹی بند کر دی ہے یہ لوگوں کو ساتھ رکھنے کے لئے ڈپٹی منسٹریاں دے چکے ہیں روٹ پرمٹ

دے چکے ہیں - لاہور کارپوریشن میں نامزدگیاں' ہروزن حرامزدگیاں کر چکے ہیں - اب وہ چاول اور آٹا بھی ہمارے لئے بند کر رہے ہیں -

مسٹر سپیکر—لفظ حرامزدگیاں غیرپارلیمانی ہے -

قاضی مرید احمد—میں اسے واپس لیتا ہوں - جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر خوراک اس معاملہ میں نیک نیت ہیں تو انہیں کوئی مضبوط عملی قدم اٹھانا چاہئے یہ اس قوم کی تکالیف کا مسئلہ ہے جس کا بارڈر پندرہ سو میل مغربی پاکستان میں ہے اور پندرہ سو میل مشرقی پاکستان میں - اگر وہ تین ہزار میل بارڈر پر پہرہ دینے والی اس قوم کے نوجوانوں کو ایسا آٹا کھلائیں گے جسے جانور بھی نہیں کھاتے تو یقیناً یہ نوجوان اپنے اس بارڈر کی حفاظت نہیں کر سکیں گے - اس لئے اگر وہ ملک کی حفاظت چاہتے ہیں تو مہربانی کرکے اپنی قوم کے افراد کو اچھا آٹا دیں -

Mr. Shahnawaz Jamal-ud-Din Pirzada : Mr. Speaker, Sir. I respectfully beg to oppose the adjournment motion of my dear friend, Mian Muhammad Shafi. You can see, Sir, in his heart, the pain is especially, I should say, severe. But the truth must be told. Sir, Mian Muhammad Shafi is a learned man. When I have heard this he must also have heard it.

Chand nahin badla, Suraj nahin badla, Badal Gaya insan.

If *insan* is no more, then where is the heart. You can see, Sir, the law of economics. The level of the population is according to the level of the food production. If we go on multiplying at this rate, how can we get good wheat. We certainly will get bad wheat and we should be satisfied with it. If we get wheat from America, we shall get bad wheat. Now Mian Muhammad Shafi should know that when he gives anything in charity to a beggar, does he give the best of things ? How can Americans give us, beggars, anything good ? They will certainly give us those things, which are not wanted by them. Therefore, we should be grateful to the Americans that they give us wheat. Then Mian Muhammad Shafi will say why the same wheat is not being eaten by Nawab Qizilbash himself ? Why should Nawab Qizilbash eat that bad wheat? He should know one thing that lion does not live for the goat but the goat lives for the lion. Therefore, the Ministers do not live for the public but the public lives for the Minsters. Therefore, let hundreds of people die, if only the stomach of Nawab Qizilbash would be filled. Now the convicts, who go to jails after committing crimes, should be satisfied with the bad wheat and should be grateful that they got some. thing. After a man goes to jail, he gets some wheat at least from Nawab Qizilbash. Then you should know that if Nawab Qizilbash gets that same bad wheat, how should he give us dinner party, which he is giving us to-night. Therefore, all the good things must go there, so that we may remain happy. Therefore, I always take a realistic view of things. When we have multiplied rapidly in this country, we should get bad wheat and, therefore, we should be content. You should not criticise my worthy friends on this side. Therefore, I say that the adjournment motion should be rejected summarily.

مسٹر غلام مصطفےٰ خاں بھوگری (ضلع تھرپارکر) جناب والا - میں ہاوس کا زیادہ وقت نہیں لوں گا - میرے آنریبل دوست میاں محمد شفیع نے یہ تحریک التوا پیش کرکے ہمیں موقع دیا ہے کہ میں دو ایک اپنے آنکھوں دیکھے واقعات اس ہاوس کے سامنے بیان کروں - بہت سے اور ممبر صاحبان بھی ان واقعات سے واقف ہیں اور وہ میری تائید کرینگے -

میاں محمد شفیع نے یہ بتایا ہے کہ لاہور شہر میں ڈپوؤں پر نہایت ناقص آٹا دیا جا رہا ہے تین چار آدمی وہ آٹا کھانے کی وجہ سے مرگئے ہیں میں سمجھتا ہوں یہ ان مرنے والوں کی خوش قسمتی تھی کہ میاں محمد شفیع نے ان کا پتہ لگایا ورنہ حقیقت یہ ہے کہ بلامبالغہ ہزاروں آدمی ناقص خوراک کی وجہ سے مرچکے ہیں اور ہزاروں بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں اس کی وجہ یہ نہیں کہ ہمارے ملک میں غذا کی کمی ہے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری گورنمنٹ نے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی - اور خوراک کے مسئلہ کا کوئی خیال نہیں کیا - اب میں ایک اپنا دیکھا واقعہ بیان کرتا ہوں - بہت سے ممبر صاحبان کو اس کا پتہ ہوگا اور مجھے سپورٹ کرینگے - میں کوئٹہ میں تھا - مجھے ایک دن بہت تکلیف ہوگئی میں نے سمجھا کوئی وجہ ہوگی گرمی ہوگئی ہوگی اور لوگ بھی بیمار ہوگئے - پریشان ہوئے ڈسپنسری میں گئے - دس دن کے بعد شہر میں اعلان کیا گیا محکمہ فوڈ کی طرف نانبائیوں کے ہاں جو روٹی پکتی ہے مت کھاو - ان کو وہ گندم تقسیم کر دی گئی ہے جو در حقیقت بیج کے لئے تھی - یہ اپریل کا واقعہ ہے اس کے بعد جولائی میں پھر اس قسم کا واقعہ ہوا - کوئٹہ جیسے شہر میں جہاں ڈویژنل کمشنر رہتا ہے راشن شاپس پر کھلم کھلا زہریلا آٹا تقسیم کر دیا جاتا ہے جو لوگوں کے کھانے کیلئے نہیں ہے - اسے عوام کھاتے ہیں اور بیمار ہوتے ہیں یا مر جاتے ہیں پھر اعلان کیا جاتا ہے کہ یہ غلطی ہو گئی ہے - میں چاہتا ہوں کہ وزیر خوراک ضرور اس واقعہ کی تحقیقات کریں تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات نہ ہوں - اور لوگوں کے ساتھ اس قسم کی زیادتی نہ کی جائے - خوراک کی قلت کیلئے سب سے زیادہ جواب دہ ہمارا محکمہ خوراک ہے - اس کا جو کنٹرول سسٹم ہے پالیسی وغیرہ جو ہے یہ سب مل

ملا کر ہمارے ملک میں خوراک کی قلت کا باعث بنے ہیں - لیکن یہاں آ کر ہم جو کچھ کرتے ہیں وہ بعض آئینی مجبوریوں کو پورا کرنے کیلئے کرتے ہیں - ہم یہاں کام کرنے کیلئے نہیں آتے اور اس ایوان میں جو کچھ ہوتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے - میں ایک مرتبہ پھر اس چیز پر زور دونگا کہ ہمارے وزیر خوراک اور نہیں تو انسانیت کی خاطر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں - اور جس قدر بھی ہوسکے غریب لوگوں کی بہتری کیلئے اور ان کی مشکلات کو جہاں تک ممکن ہو کم کرنے کیلئے تجاویز سوچیں - اگر ہماری خوراک کی حالت یہی رہی اور سیاسی حالات بھی یہی رہے تو یہ کوئی تعجب کی بات نہ ہوگی کہ کسی دن ہمارا nervous break down ہو جائے اور یہاں اس ایوان میں جو جوش و خروش ہوتا ہے اس کی وجہ بھی شاید یہی ہے کہ ہمارے nerves کمزور ہو چکے ہیں -

خان شاد محمد خان (ضلع ہزارہ) (جناب والا—میاں محمد شفیع نے تقریر کرکے ان وزراء صاحبان کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کی کوشش کی ہے - اگرچہ یہ کوشش بے سود اور بیکار ثابت ہوگی - میاں شفیع نے تو یہ رونا رویا ہے کہ لاہور میں خراب آٹا ملنے کی وجہ سے چار آدمی مرگئے ہیں لیکن وہ اس حقیقت سے آگاہ نہیں کہ پاکستان میں ایسے علاقے بھی ہیں جہاں لوگوں کو کھانے کیلئے خراب آٹا بھی میسر نہیں آتا - جناب والا - جب یہ کہا جاتا ہے کہ آٹا خراب ہے تو جواب دیا جاتا ہے کہ آٹا اچھا ہے لوگ ایسے ایسے ہی پسند نہیں کرتے - ہمارے وزیر خوراک اچھا آٹا دینے کی بجائے ہر مرتبہ اپنے محکمے ہی کی طرفداری کرتے ہیں -

جناب والا—میں ان لوگوں کا ذکر کرونگا جو بھوک اور افلاس کا شکار ہورہے ہیں یہاں تو یہ رونا رویا جاتا ہے کہ آٹا خراب ہے میں اس بات کو روتا ہوں کہ وہاں آٹا سرے سے ملتا ہی نہیں ہمارے علاقے کے لوگ غربت کی وجہ سے بہت بدحال ہیں - وہ اپنے مال مویشی بیچنے کیلئے تیس تیس چالیس چالیس میل سفر کرکے آتے ہیں یہاں اس علاقے کے چار نمائندے موجود ہیں لیکن انہوں نے کبھی یہ شکایت نہیں کی کہ وہاں کے لوگ بھوک سے مر رہے ہیں ان لوگوں کو کم از کم کنٹرول پر آٹا تو مہیا کیا جائے - میں درخواست

کرونگا کہ ضلع ہزارہ کے ڈپٹی کمشنر کو کہا جائے کہ وہ آٹا مہیا کرنے کا بندوبست کرے۔ اگر ان کو خراب آٹا بھی دیا جائیگا تو وہ شکر گذار ہونگے۔

مرزا ممتاز حسن قزلباش (وزیر خوراک) جناب صدر—میں میاں محمد شفیع کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی تقریر میں بہت سی تجاویز آٹے کی خرابی کو دور کرنے کیلئے پیش کی ہیں میں نہ امریکن گیہوں سے محبت رکھتا ہوں نہ کنٹرولز کا شیدائی ہوں۔ چونکہ حالات نے ہمیں مجبور کیا ہے کہ ہم گیہوں باہر سے منگوائیں لہذا ہم مجبور ہیں کہ اس کو کھائیں بھی۔ منگوا کر اس کو ضائع نہیں کر سکتے۔ ہم ممنون ہیں ان ملکوں کے جنہوں نے ہمیں گیہوں یہاں بھیجا۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ امر واقعہ ہے کہ میرا دل خون کے آنسو روتا ہے جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ ہمیں گیہوں کے لئے دوسروں کے سامنے دست سوال پھیلانا پڑتا ہے۔ ہم اس دن کے منتظر ہیں کہ اس معاملے میں خود کفیل ہو جائیں اور ہمیں باہر سے گندم منگوانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ زراعت کی طرف ملک میں کافی توجہ نہیں دی گئی۔ تمام تر توجہ صنعت پر مرکوز رہی اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج ہمیں دوسروں کے سامنے گیہوں کیلئے دست سوال دراز کرنا پڑا۔ بہر نوع ہماری کوشش ہے اور جاری رہے گی کہ ہم اپنے ملک میں خود اتنا گیہوں اگائیں کہ ہم اپنی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ اور جب باہر سے ہم گیہوں نہیں منگائیں گے تو نہ کنٹرول کا سوال در پیش ہوگا نہ آٹے کی خرابی کا سوال اٹھے گا۔ لوگ امریکن گیہوں سے خوش نہیں اور اس کو یقیناً پسند نہیں کرتے۔ میں نے مانا کہ وہ آٹا جہاں تک اس کی غذائیت کا تعلق ہے اچھا ہوگا لیکن اس کا رنگ ہی لوگوں کو مرغوب نہیں۔ اور اس کا سبب یہ ہے کہ ہمارا گیہوں جب خراب ہو جاتا ہے تو وہ رنگ اختیار کر لیتا ہے جو اس وقت امریکن گیہوں کا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ لوگ اس آٹے کو ناپسند کرتے ہیں۔ حالانکہ کیمیکل اینالسٹ یہ بتاتا ہے کہ وہ خراب نہیں ہے۔ لیکن اس کے معنی یہ بھی نہیں کہ بعض اوقات آٹا خراب نہیں ہوتا۔

Mian Muhammad Shafi: It is only three per cent. That is a serious matter.

مرزا ممتاز حسن قزلباش—بہر نوع میں نے یہ ہدایت کی ہے کہ بارہ سے زیادہ دیسی گیہوں استعمال کیا جائے اور کم سے کم امریکن گیہوں اس میں شامل کیا جائے - اس سے آٹے کے بارے میں لوگوں کو جو شکایات ہیں وہ یقیناً کم ہو جائینگی - اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ ملز کسی خراب گیہوں کو پیسنے کیلئے قبول نہ کریں - اور اگر وہ خراب گیہوں قبول کرتے ہیں اور پیستے ہیں تو وہ اس آٹے کی اچھائی یا برائی کے ذمہ دار ہونگے - اس کے بعد ڈپو ہولڈروں کو بھی ہدایت ہے کہ اگر ملز خراب آٹا دیں تو وہ نہ لیں لیکن اگر وہ لے لیتے ہیں تو اس کی خرابی کے خود ذمہ دار ہونگے - یہ ہدایات حال ہی میں جاری کی گئی ہیں - ان پر عملدرآمد عنقریب شروع ہو جائیگا -

Mian Muhammad Shafi: Say something about *maida* preparation.

مرزا ممتاز حسن قزلباش میدے کے متعلق ایک دقت یہ ہے کہ ہماری ملز میں جو مشینری لگی ہوئی ہے ان میں سوائے ایک مل کے کوئی نہ ایسا نہیں ہے جو بتا سکے کہ کتنا میدہ نکال لیا گیا ہے لامحالہ ہمیں اعتبار کرنا پڑتا ہے ملز پر -

Mian Muhammad Shafi: They should have sent a sample at least.

مرزا ممتاز حسین قزلباش Samples آتے ہیں لیکن اس سلسلے میں ایک اور چیز بھی تھی جو درست نہیں ہے اور اس کے ازالے کے لئے میں نے فیصلہ کیا ہے - وہ یہ تھی کہ جو producer تھے وہی distributor بھی تھے mills خود ہی produce کرتی تھیں اور وہی distribute بھی کرتی تھیں - اصولاً یہ چیز غلط ہے چنانچہ میں اس کے متعلق بھی قدم اٹھا رہا ہوں - کہ ڈسٹری بیوشن کا کام ملز سے نکال لیا جائے اور اس کے لئے دوسری ایجینسیاں مقرر کی جائیں - جو اس میدے کو تقسیم کریں -

جہانتک وسن پورہ کے واقعہ کا تعلق ہے - میرے نوٹس میں اس کے متعلق کوئی رپورٹ نہیں آئی -

Mian Muhammad Shafi: Your knowledge is always clossal ignorance. Governments are always behind time ? you are no exception.

مرزا ممتاز حسن قزلباش—میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس واقعہ کی اطلاع محکمہ خوراک پولیس یا کسی ڈاکٹر کو نہیں

دی گئی ۔ چنانچہ آج جب یہ تحریک التوا آئی تو میں نے میوہسپتال سے اس کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی ۔ اس سلسلے میں مجھے یہ بتایا گیا کہ اس شخص کے پوسٹ مارٹم کے ذریعے ڈاکٹر اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ اس کی موت ناقص غذا کھانے کی وجہ سے واقع ہوئی ہے ۔

Mian Muhammad Shafi: I read out the report of public analyst to you.

مرزا ممتاز حسن قزلباش—بہر حال یہ ایک ایسی چیز ہے جس کی تحقیقات کرائی جا سکتی ہے میں اس کے متعلق معلوم کرونگا آیا اس میں کوئی صداقت بھی ہے یا نہیں ۔ تاہم میں اس ایوان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حکومت حتی‌المقدور کوشش کر رہی ہے کہ ڈپوؤں پر بہتر سے بہتر آٹا مہیا کیا جائے اور اس امر کی بڑی سختی سے نگرانی کی جائے تاکہ لوگوں کو کم سے کم تکلیف ہو ۔

جناب والا ۔ میں اس امر کا بھی اعلان کر دینا چاہتا ہوں کہ اب وہ دن قریب آنے والا ہے جب کہ اس کنٹرول کی ضرورت ہی نہ رہے گی اور عوام کو آٹا اور گیہوں باآسانی ملنے لگے گا ۔ بہر نوع اس مرحلے پر آئندہ سال کی پیداوار کے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا کیونکہ اس کا انحصار ہماری کاشت اور ہماری زمینوں کو پانی ملنے پر ہے ۔ تاہم حکومت کی یہی کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ زمینیں زیر کاشت لائی جائیں اور پیداوار کو حتی الوسع بڑھانے کی کوشش کی جائے ۔

اس وقت ہمارے صوبے کی غذائی حالت سالہائے گزشتہ سے کہیں بہتر ہے اس کے پیش نظر میں اس ہاوس کو مطلع کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ آئندہ ہم اپنی سال بھر کی ضروریات باہر سے گیہوں منگائے بغیر ہی پوری کر سکیں گے ۔

جناب والا ۔ میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پیشتر ایک بار پھر اس امر کا اظہار کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے عوام کی تکالیف کو کم سے کم کرنے کی کوشش بدستور جاری ہے ۔

مسٹر غلام مصطفےٰ غلام محمد خاں بھرگری—میں نے کوئٹہ کے متعلق عرض کیا تھا ۔ آپ اس کے متعلق بھی کچھ فرمائیں ۔

مرزا ممتاز حسن قزلباش—میں کوئٹہ کے متعلق صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں اس کے متعلق تحقیقات کرانے کی کوشش کرونگا اس سے زیادہ میرے لئے کچھ ممکن نہیں ۔

Mian Muhammad Shafi: Sir, the ignorance of the learned is proverbial, but ignorance of Goverment is traditional. Here is an honourable Minister who thinks everything is peaceful and perfect in the paradise. He thinks there is no trouble in Kalat, as pointed out by Mr. Bhurgri. Anyhow, Sir, I welcome the Minister's assurance that he has issued instructions to his staff for a few immediate steps : that the ratio of the American and desi wheat will be reversed. I hope that now the percentage will be 75 per cent desi and 25 per cent American.

Sir, the Minister has stated that they do not have gadgets to find out as to what is the ratio of *Maida*. Sir, I ask them why they do not compel the mill owners who are making lakhs of rupees, to get modern machinery for extraction of maida Such a lame excuse should not come from the mouth of the person of the honourable Minister's eminence.

Sir, I also welcome his announcement that depot holders will be held responsible for any adulteration. Sir, I ask the Minister what is his anti-adulteration staff doing ?

As regards the Minister's platitudes that they are bringing under plough more land and 'InshaAllah' things will be all right, I may say with due deference to him that these days when they say 'Insha Allah' they mean 'God willing' this will not happen. It has become a convenience phraseology to adopt. Sir I would like to say here that we cannot solve our food problem unless revolutionary agrarian reforms are enforced. Why does not the Government fix a maximum limit on private holdings. If they do that I assure you that the whole problem will be solved. If they do not do that, we will remain beggars to the end of our lives. But I hope that this position will not continue. There are parties who are realising the importance of this problem. If the Muslim League does not come upto the expectation with a programme of land reforms, other parties will supersede the present Government and the Muslim League also.

Mirza Muhammad Hassan Qizilbash: As regards agrarian reforms, may I inform the honourable member that the question is already under our serious consideration.

Syed Amir Hussain Shah : It has been under serious consideration for years.

Mian Muhammad Shafi: Sir, in view of the assurances given by the Minister, I withdraw my adjournment motion.

Mr. Speaker : Has the honourable member the leave of the House to withdraw his adjournment motion ?

(Voices. Yes, yes).

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I rise on a point of personal explantion You will recall, Sir, that in support of the adjournment motion in respect of Chaudhri Ghulam Abbas, I had said yesterday that I had received the letter from jail; I did not say that I had received the letter from Chaudhri Ghulam Abbas. I did not specify who sent me this letter, but unfortunately it has been attributed in the Press that I said that I had received the letter from Chaudhri Ghulam Abbas Sir, if you consult the record, you will find that I had not said that. I have, there fore, clarified the position.

Mr. Speaker: The Assembly stands adjourned till 7.00 p. m. for Maghrib prayers.

The Assembly then adjourned till 7 p. m.

The Assembly reassembled after the Maghrib Prayers. Mr. Speaker in the Chair.

THE WEST PAKISTAN BORDER POLICE FORCE BILL, 1958.

Mr. Speaker: The Assembly will resume consideration of the **West Pakistan Border Police Force Bill, 1958.**

Clause 2

Mian Manzoor-i-Hassan GUJRANWALA DISTRICT: Sir, I beg to move:

That in part (*f*) of clause 2 for the 'semi colon' occuring at the end a comma be substituted and the following be added thereafter—"unless he has been asked and shown his disinclination to sign it"

جناب والا—بورڈر پولیس کے ملازمین کو یہ حق حاصل ہونا چاہئے کہ وہ یہ دیکھیں کہ آیا وہ اس ایکٹ کے تحت پولیس کی نوکری کرنا چاہتے ہیں یا نہیں - میں نے یہ جو تجویز پیش کی ہے اس کی رو سے اگر کوئی انکار کر دیتا تو اس صورت میں اس کو علیحدگی اختیار کرنے کا حق مل جائے گا - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی ترمیم پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker: The question is:

That in part (f) of clause 2 for the 'semi colon' occuring at the end a 'comma' be substituted and the following be added thereafter—

"unless he has been asked and shown his disinclination to sign it".

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is:

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mian Manzoor-i-Hassan GUJRANWALA DISTRICT: Sir, I beg to move—

That in sub-clause (2) of clause 3, for the words "Government may prescribe" occurring in the last line, the words "prescribed by the Central Government for army" be substituted.

جناب والا—اس کلاز کی رو سے حکومت نے یہ اختیار اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے کہ وہ بارڈر پولیس کا مشاہرہ متعین کرے - حکومت نے سول پولیس کو جو کچھ بنا رکھا ہے اس سے ہم اچھی طرح آشنا ہیں - ہم اس پولیس سے کوئی بہتری کی امید نہیں رکھ سکتے - اگر آپ آج سول پولیس کی تنخواہیں بڑھا دیں تو ملک میں امن قائم ہو سکتا ہے - رشوت بند ہو سکتی ہے - مشرقی پاکستان میں ہر پولیس کے سپاہی کی تنخواہ اور الاؤنس دوگنے کر دیے گئے ہیں مگر ہماری حکومت یہ چاہتی ہے کہ محکمہ پولیس رشوت لیتا رہے - بد انتظامی کرتا رہے -

جناب والا—حکومت چاہتی ہے کہ بارڈر پولیس جو ہمارے بارڈر کی محافظ ہے ۔ ہماری سرحدوں کی نگہبانی کرتی ہے اس کو معقول تنخواہ نہ دی جائے ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ بارڈر پولیس کے سپاہی کی تنخواہ ملٹری کے سپاہی کی تنخواہ کے برابر کر دی جائے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو فرائض ملٹری کا جوان ادا کرتا ہے وہی فرائض بارڈر پولیس کا جوان ادا کرتا ہے ۔ جب تک اس کو معقول تنخواہ نہ ملے گی وہ اپنی ڈیوٹی اچھی طرح ادا نہیں کر۔ گا ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ حکومت کو یہ حق نہیں دینا چاہئے کہ وہ بارڈر پولیس کی تنخواہیں مقرر کرے ۔ اگر یہ کام حکومت کے سپرد کر دیا گیا تو بارڈر پولیس کو بھی اسی قدر قلیل تنخواہ ملے گی جس قدر ہماری سول پولیس کو مل رہی ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہماری ساری سرحد پر smuggling اسی طرح شروع ہو جائے گی جس طرح بہاول پور کے بارڈر پر ہوتی ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in sub-clause (2) of clause 3, for the words "Government may prescribe" occurring in the last line, the words "prescribed by the Central Government for army" be substituted.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, I oppose it.

Mr. Speaker: The question is—

That in sub-clause (2) of clause 3, for the words "Government may prescribe" occurring in the last line, the words "prescribed by the Central Government for army" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

Mian Manzoor-i-Hassan (GUJRANWALA DISTRICT): Sir, I beg to move—

That in sub-clause (1) of clause 4, after the word "Constabulary" appearing at the end the words "and has earned the eligibility for a similar appointment in his parent department" be added.

That in the second proviso to sub-clause (1) of clause 4, between the word "may" and "comma" appearing in line 1, the words "subject to his consent" be inserted.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendmens moved are:—

(1) That in sub-clause (1) of clause 4, after the word "Constabulary" appearing at the end the words" and has earned the eligibility for a similar appointment in his parent department" be added.

(2) That in the second proviso to sub-clause (1) of clause 4, between the word "may" and "comma" appearing in line 1, the words "subject to his consent" be inserted.

